www.ameer-e-millat.com www.ameeremillat.org bakhtiar2k@hotmail.com
www.maktabah.org www.ameeremillat.com www.marfat.com

راحیلِ شوق

تصنیفِ لطیف

رحمتہ اللہ علیہ
قبلہ پیر سید چراغ النبی شاہ صاحب

گیلانی۔ نقشبندی۔ جماعتی

www.charaghia.com https://archive.org/details/@bakhtiar_hussain scribd: bakthiar2k
http://vimeo.com/user13885879/video www.haqwalisarkar.com Youtbue bakhtiar2k

www.ameer-e-millat.com www.ameeremillat.org bakhtiar2k@hotmail.com
www.maktabah.org www.ameeremillat.com www.marfat.com

جملہ حقوق بحق مصنف محفوظ ہیں

کتاب..................راحیل شوق

مصنف...............قبلہ پیر سید چراغ النبی صاحب رحمتہ اللہ علیہ گیلانی نقشبندی جماعتی

تعداد..................1000/-

ناشر...............صاحبزادہ قبلہ پیر سید زمرد حسین شاہ گیلانی نقشبندی جماعتی

سجادنشین دربار عالیہ نقشبندیہ۔ جماعتیہ نذیریہ چراغیہ کہروڑپکا شریف ضلع لودھراں

طبع...............بار چہارم 2009ء

طابع...............چراغیہ پرنٹرز رائل پارک لاہور/موبائل -:0321-6906484
0301-6926950

کمپوزنگ...............عابد محمود/موبائل- 0323-4446834

ہدیہ...............100/- روپے

ملنے کا پتہ

آستانہ عالیہ نقشبندیہ چراغیہ وارڈ نمبر 7/4 چاندنی چوک کہروڑ پکا شریف ضلع لودھراں

فون نمبر-:0608-342782 موبائل نمبر-:0300-6903299

آستانہ عالیہ پیر سید زمرد حسین شاہ صاحب گیلانی نقشبندی جماعتی

مکان نمبر 9۔ ڈبلیو بلاک گلی نمبر 1۔ طارق بن زیاد کالونی ساہیوال

فون نمبر-:040-4465753 موبائل-:0300-6903299

جامعہ چراغیہ زمردیہ نقشبندیہ ماڈل کالونی (جہاز گراؤنڈ ساہیوال)

فون نمبر-:040-4554753

www.charaghia.com https://archive.org/details/@bakhtiar_hussain scribd: bakthiar2k
http://vimeo.com/user13885879/video www.haqwalisarkar.com Youtbue bakhtiar2k

www.ameer-e-millat.com www.ameeremillat.org bakhtiar2k@hotmail.com
www.maktabah.org www.ameeremillat.com www.marfat.com

کیا شانِ احمدی کا چمن میں ظہور ہے
ہر گل میں ہر شجر میں محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا نور ہے

www.charaghia.com https://archive.org/details/@bakhtiar_hussain scribd: bakthiar2k
http://vimeo.com/user13885879/video www.haqwalisarkar.com Youtbue bakhtiar2k

www.ameer-e-millat.com www.ameeremillat.org bakhtiar2k@hotmail.com
www.maktabah.org www.ameeremillat.com www.marfat.com

انتساب

فقیر اپنی اس عاجزانہ کوشش کو سرکار دو عالم ﷺ نور مجسم۔ صاحب لولاک فخر موجودات محمد مصطفیٰ ﷺ احمد مجتبیٰ ﷺ کی بارگاہ اقدس میں پیش کرتے ہوئے اپنے پیرو مرشد قبلہ عالم امیر ملت حافظ پیر سید جماعت علی شاہ رحمتہ اللہ علیہ محدث علی پوری اور قبلہ عم محترم الحاج پیر سید نذیر حسین شاہ گیلانی نقشبندی جماعتی رحمتہ اللہ علیہ سے منسوب کرتا ہے۔

www.charaghia.com https://archive.org/details/@bakhtiar_hussain scribd: bakthiar2k
http://vimeo.com/user13885879/video www.haqwalisarkar.com Youtbue bakhtiar2k

www.ameer-e-millat.com www.ameeremillat.org bakhtiar2k@hotmail.com
www.maktabah.org www.ameeremillat.com www.marfat.com

www.charaghia.com https://archive.org/details/@bakhtiar_hussain scribd: bakhtiar2k
http://vimeo.com/user13885879/video www.haqwalisarkar.com Youtbue bakhtiar2k

www.ameer-e-millat.com www.ameeremillat.org bakhtiar2k@hotmail.com
www.maktabah.org www.ameeremillat.com www.marfat.com

www.charaghia.com https://archive.org/details/@bakhtiar_hussain scribd: bakthiar2k
http://vimeo.com/user13885879/video www.haqwalisarkar.com Youtbue bakhtiar2k

www.ameer-e-millat.com www.ameeremillat.org bakhtiar2k@hotmail.com
www.maktabah.org www.ameeremillat.com www.marfat.com

www.charaghia.com https://archive.org/details/@bakhtiar_hussain scribd: bakhthiar2k
http://vimeo.com/user13885879/video www.haqwalisarkar.com Youtbue bakhtiar2k

www.ameer-e-millat.com www.ameeremillat.org bakhtiar2k@hotmail.com
www.maktabah.org www.ameeremillat.com www.marfat.com

www.charaghia.com https://archive.org/details/@bakhtiar_hussain scribd: bakhthiar2k
http://vimeo.com/user13885879/video www.haqwalisarkar.com Youtbue bakhtiar2k

www.ameer-e-millat.com www.ameeremillat.org bakhtiar2k@hotmail.com
www.maktabah.org www.ameeremillat.com www.marfat.com

درود شریف ہزارہ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ کُلِّ ذَرَّۃٍ مِّأَۃَ اَلفَ اَلفِ مَرَّۃٍ ط

www.charaghia.com https://archive.org/details/@bakhtiar_hussain scribd: bakthiar2k
http://vimeo.com/user13885879/video www.haqwalisarkar.com Youtbue bakhtiar2k

www.ameer-e-millat.com www.ameeremillat.org bakhtiar2k@hotmail.com
www.maktabah.org www.ameeremillat.com www.marfat.com

حضرت قبلہ پیر سید چراغ النبی شاہ صاحب گیلانی نقشبندی جماعتیؒ

کہروڑپکا والی سرکار

تعارفی خاکہ

نقشبندیہ عجب قافلہ سالارانند

برند از رہ پنہاں بحرم قافلہ را

ترجمہ: نقشبندی حضرات عجیب قافلہ سالار ہیں کہ پوشیدہ راستے سے قافلے کو حرم پاک لے جاتے ہیں۔

پیدائش:

حضرت قبلہ پیر سید چراغ النبی شاہ صاحب گیلانی نقشبندی جماعتیؒ تقریباً 1918ء میں موضع بروالہ سیداں ضلع حصار (ہندوستان) میں پیدا ہوئے آپ کے والد گرامی کا اسم مبارک سید کرم حسین شاہ گیلانی رحمتہ اللہ علیہ تھا۔آپ کا سلسلہ نسب سید عبدالقادر جیلانیؒ کے فرزند اکبر سید عبدالرزاقؒ سے ملتا ہے۔

خاندان:

آپ کا خاندان ایک مدت سے بروالا سیداں میں گوراپانہ ٹھلہ صوفیاں میں آباد تھا۔آپ کے جدِ امجد سید قادر بخش رحمتہ اللہ علیہ کے ہاں نرینہ اولاد حضرت خواجہ غریب نواز خواجہ معین الدین چشتی اجمیری رحمتہ اللہ علیہ کے فیض سے ہوئی۔اسطرح غوث اعظمؒ کے خاندان میں چشتی فیض پہنچا ۔اس خاندان میں ہمیشہ کوئی نہ کوئی ولی اللہ رہے۔مرد و زن سب ہی زھد و تقویٰ میں اپنا ثانی نہیں رکھتے تھے۔نبی کا یہ چراغ ایک نہایت ہی پاکیزہ خاندان میں روشن ہوا۔

ایک فقیر نے سید قادر بخش کے گھر سوال کیا جب کوئی بچہ باہر نہ آیا اور اہلیہ محترمہ نے خیرات دینا چاہی تو فقیر نے کہا کہ ہم آئندہ سال آکر بچے کے ہاتھ سے لیں گے ہم خواجہ اجمیریؒ کے

www.charaghia.com https://archive.org/details/@bakhtiar_hussain scribd: bakhtiar2k
http://vimeo.com/user13885879/video www.haqwalisarkar.com Youtbue bakhtiar2k

www.ameer-e-millat.com www.ameeremillat.org bakhtiar2k@hotmail.com
www.maktabah.org www.ameeremillat.com www.marfat.com

دربار سے آئے ہیں آئندہ سال فقیر نے آکر دو لڑکوں کی خوشخبری سنائی اور کہا کہ بچے کو اجمیر شریف سلام کروائیں کیونکہ یہ انہی کا فیض ہے۔ چنانچہ سید غلام رسولؒ نے اجمیر شریف حاضری دیکر اس حکم پر عمل کیا۔

آپکے والد گرامی سید کرم حسینؒ شاہ صاحب پٹواری تھے اور تینوں بھائیوں کے ہاں یہ پہلی نرینہ اولاد تھی لہذا بہت زیادہ خوشی منائی گئی۔

تایا مقبول حسینؒ کی خواہش کو مدنظر رکھتے ہوئے رات کی تاریکی دور کرتے ہوئے نبی کا یہ چراغ بڑی دھوم دھام سے ننھیال سے ددھیال میں لایا گیا۔

ابتدائی زندگی

آپ کا بچپن دیہاتی ماحول میں بسر ہوا۔ ذکرِ الٰہی کی دولت اور عشق مصطفیٰ ﷺ آپ کو ورثہ میں عطا ہوا۔ آپ کے تایا سید مقبول حسینؒ گیلانی میلادِ پاک منانے اور چراغاں کرنے میں اپنا ثانی نہیں رکھتے تھے۔ چچا سید نذیر حسینؒ ایک بلند پایہ ولی اللہ تھے۔ اور قبلہ عالم امیر ملت پیر سید جماعت علی شاہ صاحبؒ کے خلفاء میں سے تھے۔ آپ کی والدہ ماجدہ اور خالہ بھی ذکر و فکر کرنے والی پاکباز خواتین تھیں۔ اور شب زندہ دار تھیں۔

آپ جب تھوڑے بڑے ہوئے تو والد گرامی کا تبادلہ ہانسی ہو گیا۔ شہری ماحول کا اثر ہونے لگا تو آپ کے عم محترم (سید نذیر حسین شاہ صاحبؒ) لاندھڑی جاتے ہوئے ہانسی رکے رات کا پچھلا مبارک پہر تھا۔ عم محترم کو آپ کی والدہ ماجدہ نے شربت کا ایک گلاس پیش کیا یہ وقت تھا جب خاصان امت اپنے رب کی بارگاہ میں حاضر ہوتے ہیں۔ عم محترم نے شربت کے گلاس سے ایک گھونٹ نوش فرما کر اسے جام معرفت بنا کر اپنے پیارے بھتیجے کو پیش کر دیا شربت کے چند گھونٹوں نے اپنا اثر دکھایا تو آپ پر رقت طاری ہو گئی اور سوز و گداز کے تار حرکت میں آ گئے آنکھوں سے لاتنا ہی آنسوؤں کی جھڑی لگ گئی عم محترم نے نماز کی باقاعدہ تلقین فرمائی اور فرمایا کہ کچھ روز بعد قبلہ عالمؒ کی خدمت میں حاضر ہوں گے۔ کچھ دنوں بعد قبلہ سید نذیر حسینؒ سکول سے

www.charaghia.com https://archive.org/details/@bakhtiar_hussain scribd: bakthiar2k
http://vimeo.com/user13885879/video www.haqwalisarkar.com Youtbue bakhtiar2k

چھٹی لے کر آئے اور قبلہ چراغ اولیاؒ کو ساتھ لے کر علی پور شریف میں قبلہ عالم سرکار علی پوریؒ کی خدمت میں حاضر ہو کر اپنے پیارے بھتیجے کو قبلہ عالمؒ کی غلامی میں دینے کے لئے پیش کیا۔

بیعت ہونا انسان کی زندگی میں ایک اہم موڑ ہوتا ہے۔ تمام اولیائے عظام کسی نہ کسی بزرگ کے بیعت ہوتے رہے ہیں بعض نے اسے فرض اور بعض نے واجب قرار دیا ہے۔ جو لوگ بیعت نہیں ہوتے اور اس کا انکار کرتے ہیں وہ غلطی پر ہیں۔ چراغ اولیاء فرماتے ہیں کہ قبلہ عالمؒ نے ایک ہی نظر میں میری کایا پلٹ دی۔ میرے کانوں میں سونے کی بالیاں تھیں۔ آپ نے وہ بالیاں اپنے دست اقدس سے اتارتے ہوئے فرمایا شاہ جی آپ اور سونے کی بالیاں۔ حضور ﷺ نے مرد کے لئے سونا حرام قرار فرمایا ہے۔ اس کے بعد مجھے توبہ کروا کے بیعت کیا اور سبق پڑھائے۔ حلقہ ذکر و مراقبہ ہوا۔ مراقبہ کے دوران قبلہ عالمؒ کا اللہ فرمانا جسم و روح پر بجلی کی طرح اثر کرتا تھا۔

بیعت کے بعد میری زباں کی لکنت ختم ہو چکی تھی دل و دماغ میں انقلاب رونما ہو چکا تھا۔ روح ایک عجیب لطف اور سکون محسوس کر رہی تھی۔ اللہ والوں کی صحبت اور نظر اسی طرح انسان کی زندگی بدلتی ہے۔ اس لئے علامہ اقبالؒ نے فرمایا

صحبت اہل صفا نور و سرور و حضور
سر خوش و پر سوز ہے لالہ لب آبجو

یہ سرور تمام زندگی حاصل رہا اور کیفیت ایسی تھی کہ وصال کے وقت نبض بند ہو گئی لیکن قبلہ عالمؒ نے جس دل کو زندہ کیا تھا وہ دل تقریباً ایک گھنٹہ تک ذکر الہی کرتے ہوئے حرکت کرتا رہا۔ اس کا مشاہدہ صاحبزادہ سید زمرد حسین گیلانی، ڈاکٹر غلام حیدر راقم الحروف اور تمام حاضرین نے کیا۔

اس طرح یہ سوز و گداز اور آہ سحر گاہی تا دم آخریں قائم رہے۔

آپ علم طب سے شغف خاص رکھتے تھے ایک جوگی سے سانپ کے ڈسے کا علاج بھی سیکھا۔ 36-1935 میں طبیہ کالج دہلی میں دو سال کے لیے داخلہ لیا اور زبدۃ الحکماء کی ڈگری حاصل کی۔

www.ameer-e-millat.com www.ameeremillat.org bakhtiar2k@hotmail.com
www.maktabah.org www.ameeremillat.com www.marfat.com

ایک عجیب واقعہ

ریاست دجانہ جو کہ ضلع حصار کے قریب ہی واقع تھی والئی ریاست کے جواں سال اکلوتے بیٹے کو سانپ نے ڈس لیا۔ آپ کی شہرت کے پیش نظر فوراً آدمی آپ کی طرف روانہ کیا گیا لیکن نوجوان جلد فوت ہو گیا اور آپ کے وہاں پہنچنے سے پہلے ہی اس کو دفن کر دیا گیا۔ آپ نے فرمایا آپ میرا انتظار تو کرتے! اس کے باپ (والئی ریاست) کو پتہ چلا تو اس نے قبر کشائی کے لیے حکم دیا۔ علاج کے لیے آپ نے اس کے سر میں نشتر لگایا تو زندگی کے آثار موجود تھے درحقیقت وہ نوجوان سکتے کے عالم میں تھا۔ اسے علاج کے طور پر نسوار دی گئی تو اس نے فوراً سر کو جھٹکا دیا اور دوسری خوراک پر اٹھ گیا۔

پاکستان آمد

حضرت قبلہ چراغ اولیاؒ نے اپنی تصنیف سچی لگن میں میری اپنی کہانی کے عنوان سے مختصراً اپنے حالاتِ زندگی قلمبند کیے ہیں۔ ان میں قارئین کی دلچسپی کے لئے چند مزید حقائق پیش خدمت ہیں:

پاکستان آتے وقت ہندو ملٹری نے مسلمان مہاجرین کو بالکل نہتا کر دیا تھا اور ہاتھ میں معمولی چھڑی رکھنے کی بھی اجازت نہیں تھی۔ حضرت قبلہؒ نے نہایت قلق کے ساتھ بیان فرمایا کہ ہمارے خاندانی تبرکات جو کہ پشت ہا پشت ہمارے بزرگوں میں منتقل ہو رہے تھے وہ بھی ساتھ نہ آ سکے۔ ہمارے بزرگوں کی کتب کا عظیم خزینہ ہمارے پاس نہ رہا۔ خصوصاً ہمارے جدامجد محبوب سبحانی غوث صمدانی، شہباز لامکانی، پیرانِ پیر دستگیر، شیخ عبدالقادر جیلانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے تبرکات عالیہ میں ایک عصا مبارک ایک پیالہ اور ایک کھر کھرا (گھوڑے کی مالش کا آلہ) تھا یہ تمام تبرکات بادلِ نخواستہ زمین میں دفن کر دیئے گئے۔ صرف ایک چیز اپنے سینے سے لگا کر پاکستان لایا اور وہ ہے حضرت قبلہ سید غلام رسول گیلانیؒ (ان کا وصال حضور ﷺ پر صلوۃ وسلام پڑھتے ہوئے بحالت قیام ہوا) کے ہاتھ سے تحریر کردہ آیاتِ قرآنی۔ اب یہ آیات مجلد صورت میں صاحبزادہ قبلہ سید زمرد حسین گیلانی مدظلہ العالی کی ذاتی لائبریری کی زینت بن کر کروڑ پکا شریف میں آستانہ عالیہ

www.charaghia.com https://archive.org/details/@bakhtiar_hussain scribd: bakhthiar2k
http://vimeo.com/user13885879/video www.haqwalisarkar.com Youtbue bakhtiar2k

نقشبند یہ چراغیہ پر موجود ہیں۔آپ ایک لٹے پٹے قافلے کی صورت میں پاکستان پہنچے تو بورے والا میں باقی برادری کے ساتھ رہائش اختیار کرنے کا ارادہ تھا لیکن بعد میں وہاڑی میں قیام پذیر ہوئے۔اس طرح وہاڑی کو یہ شرف حاصل ہوا اور اللہ کے اس عظیم ولی نے اس جگہ پر فیض کے موتی بکھیرنے کا فیصلہ کیا۔

گیلانی مطب ریل بازار وہاڑی

آپ چونکہ ایک مستند طبیب تھے اور طبیہ کالج دہلی سے زبدۃ الحکما کی سند حاصل کی تھی اس لئے طبابت کو ذریعہ معاش بنایا اس مطب سے مخلوق خدا کو جسمانی اور روحانی بیماریوں سے شفا ملتی تھی درحقیقت یہ بھی خدمتِ خلق کا ایک بہانہ تھا۔اس شفا خانے سے وہاڑی کے غریب عوام نے بہت فائدہ اٹھایا۔چونکہ آپ لوگوں سے بہت کم پیسے لیتے تھے اور بہت سے لوگوں کو مفت دوائی بھی عطا فرماتے تھے۔صوفی بشیر بسمل کھوکھر مرحوم آپ کے نائب اور خادم کی حیثیت سے حاضر ہوتے تھے ۔یہ شفا خانہ ختم خواجگان اور گیارھویں شریف کے ختم کی صورت میں عوام الناس کی روحانی تربیت کا مرکز تھا۔اسی دوران اللہ تعالیٰ نے اپنے اس عظیم دوست کی شان کا مظاہرہ کیا۔

جنات کی حاضری

یہ ایک مصدقہ حقیقت ہے کہ حضرت قبلہ چراغِ اولیاؒ سے انسانوں کے علاوہ بے شمار جنات نے بیعت ہو کر فیض حاصل کیا۔(یہ تفصیل انشاءاللہ پھر کبھی بیان ہوگی)

وہاڑی میں قیام کے دوران گرمیوں کی چلچلاتی دھوپ میں حضرت قبلہ مطب میں تشریف فرما تھے۔بشیر بسمل بھی حاضر خدمت تھے کہ ایک دراز قد عورت اپنے بچے کو گود لئے علاج کے لئے حاضر ہوئی۔قبلہ نے اس مریض کے بارے میں پوچھنا شروع کیا۔اس دوران اچانک حضرت کی نظر بسمل پر پڑی تو آپ نے دیکھا کہ بشیر بسمل کا رنگ اڑا ہوا ہے۔اور وہ تھر تھر کانپ رہے ہیں۔آپ نے جب وجہ پوچھی تو بشیر بسمل صاحب کچھ بول تو نہ سکے لیکن خوف سے عورت کی طرف اشارہ کیا۔عورت نے تانبے کا وزنی زیور پہنا ہوا تھا اور اس کے پاؤں الٹے تھے۔حضرت قبلہؒ اس عورت کو

ناراض ہونے لگے کہ تو نے کیا کیا۔ وہ عورت (جن) معافی مانگنے لگی اور منت سماجت کرنے لگی کہ حضرت بیٹے کی بیماری اور تکلیف کی وجہ سے میں اپنے آپ کو چھپانے سے قاصر رہی جس کی معافی چاہتی ہوں۔ چنانچہ حضرت قبلہ نے اسے رخصت کر دیا اور فرمایا پھر آنا کیونکہ تم نے تو میرے خادم کو ڈرا دیا۔ اس عورت کے جانے کے بعد حضرت قبلہؒ نے بشیر بسمل کو تسلی تشفی دی اس نے ہوش سنبھالا لیکن اس کے بعد وہ دو تین دن بیمار رہے۔

وہاڑی میں بجلی کا چراغ روشن ہوتا ہے

مندرجہ بالا واقعہ سے یہ حقیقت واضح ہوتی ہے کہ نبی ﷺ کا چراغ وہاڑی میں نور افشانی کر رہا تھا اور اس نور سے جن وانس، اپنے پرائے سبھی فیضیاب ہو رہے تھے آپ نے اپنے فیض کے متعلق فرمایا ہے۔

آیا جو در فقر پہ کوئی بھی سوالی
مانگا وہی پایا لوٹا نہ کبھی خالی
دامن کے چراغ ان کے لپٹ جاتا ہے جو بھی
ہو جاتی ہے شان اس کی فرشتوں سے بھی عالی

اسی دوران وہاڑی میں بجلی کی تنصیب کا کام شروع ہوا۔ یعنی اب یہاں پر بجلی کے چراغ روشن ہونے کا وقت آ گیا اور بجلی والوں کے دلوں تک نبی ﷺ کے نور کی روشنی پہنچنے کا وقت بھی آن پہنچا۔ واقعہ کچھ اس طرح ہے کہ محکمہ بجلی والوں نے سروے مکمل کر کے کھمبے لگانے شروع کئے تو ایک کھمبا بالکل حضرت قبلہ کے مطب (گیلانی مطب) کے سامنے لگانے لگے۔ حضرت نے محکمہ برقیات کے عملے کو فرمایا کہ بھئی میری چھوٹی سی دکان ہے آپ براہ مہربانی کھمبے کو تھوڑا سا دائیں بائیں کر دیں مہربانی ہوگی۔ لائن مین کہنے لگا کہ یہ سرکاری کام ہے ہم تو مقرر جگہ پر ہی کھمبا نصب کریں گے۔ چنانچہ انہوں نے گڑھا کھود کر دکان کے عین سامنے کھمبا نصب کر دیا۔

صبح جب لائن مین آئے تو انہوں نے دیکھا کہ کھمبا دکان کے سامنے سے ایک طرف کو ہو گیا

تھا وہ کہنے لگے آپ سرکاری کام میں مداخلت کر کے اچھا نہیں کر رہے حضرت نے فرمایا کہ بھئی دیکھو کوئی نیا گڑھا نہیں کھودا گیا میں نے کھمبے کو نہیں چھیڑا۔

محکمہ بجلی کے عملے نے نیا گڑھا کھودا اور کھمبے کی جگہ تبدیل کر دی لیکن دوسری صبح کھمبا پھر اپنی جگہ تبدیل کر چکا تھا۔ اب تو وہ بہت غصے میں آ گئے کہنے لگے ہم یہ کریں گے وہ کریں گے یعنی دھمکیاں دینے لگے مگر حضرت قبلہ ان سے پیار سے گفتگو فرماتے رہے۔ انہوں نے پھر کھمبے کی جگہ بدلی کی۔ اس پر تار لگائے اور ان کے افسران نے فیصلہ کیا کہ ایک پہرے دار رات کو یہیں رہے تا کہ کھمبے کو چھیڑا نہ جا سکے۔ ان کی حیرانگی کی انتہا نہ رہی جب انہوں نے صبح کو دیکھا کہ کھمبا تاروں سمیت اپنی جگہ تبدیل کر چکا تھا اور پہرے دار کو کچھ پتہ نہیں تھا۔ دراصل اللہ تعالی نے تو نبی ﷺ کے چراغ کی خواہش کو پورا کرنا تھا۔ یہ کرامت دیکھ کر محکمہ برقیات کے عملے کی سمجھ میں آیا کہ ہم غلط سوچ رہے تھے حضرت قبلہؒ سے معافی کے طلب گار ہوئے اور بیعت ہونے کی درخواست کی حضرت قبلہ نے معاف کرتے ہوئے انہیں بیعت کر لیا۔ نذر محمد شجاع آبادی ان بیعت ہونے والوں میں شامل تھا۔ علامہ اقبال نے سچ ہی تو کہا ہے۔

کوئی اندازہ کر سکتا ہے ان کے زور بازو کا
نگاہِ مردِ مومن سے بدل جاتی ہیں تقدیریں

اس طرح وہاڑی کے گلی کوچے روشن کرنے والوں کے دلوں میں نبی ﷺ کے چراغ کی روشنی پہنچ گئی۔

دینی تبلیغی اور روحانی خدمات

وہاڑی میں قدم رکھتے ہی ختم خواجگان نقشبندیہ اور ختم گیارہویں شریف اور محافل میلاد کا باقاعدہ سلسلہ شروع فرمایا۔ اس طرح ذکر فکر اور ذکر مصطفی ﷺ کے ذریعے لوگوں کے دلوں کو اپنے مولا سے جوڑنا شروع کیا۔ وہاڑی شہر اور گرد و نواح سے کثیر تعداد میں لوگ مستفیض ہوتے اور اپنا دامن مراد بھرتے۔

وہاڑی کی غلہ منڈی میں عظیم الشان جامع مسجد آپ کی ہی مساعی جمیلہ سے تعمیر ہوئی جو کہ اب دینی تعلیمات کا بہت بڑا مرکز ہے۔پیپلز کالونی وہاڑی میں ٹنکی والی مسجد بھی آپ کی دعاؤں اور مساعی جمیلہ کا منہ بولتا ثبوت ہے۔رانا محمد رفیع نقشبندی چراغوی نے زرکثیر دے کر اس کی تعمیر شروع کروائی اور مولانا محمد انور نے حضرت قبلہ سے دعا کروا کر اس کی تعمیر شروع کی آج یہ مسجد تعمیر کے آخری مراحل میں ہے اور وہاڑی کی سب سے بڑی مسجد ہے۔

خلافت واجازت

اسی دوران ایک سجیلا نوجوان، عظیم قد و قامت، خوبصورت چہرے والا ماسٹر خوشی محمدؒ جو کہ پٹواری تھے غیبی اشارہ کے تحت سب کچھ چھوڑ کر آپ کی خدمت اقدس میں حاضر ہوئے غلامی میں آنے کی خواہش ظاہر کی۔ابھی تک آپ کو بیعت کرنے کی اجازت نہیں ملی تھی۔لہذا یہ سارا معاملہ آپ نے اپنے عم محترم حضرت قبلہ پیر سید نذیر حسین شاہ صاحب گیلانیؒ کو پیش کیا تو انہوں نے باقاعدہ طور پر آپ کو اجازت عطا فرمائی آپ نے ماسٹر خوشی محمد کو بیعت فرمایا۔اسی سال علی پور شریف 1952ء میں سالانہ عرس مبارک کے موقع پر قبلہ عالم الحاج حافظ قبلہ پیر سید جماعت علی شاہ امیر ملت سرکار محدث علی پوریؒ نے بھی آپ کو باقاعدہ خلافت سے نوازا۔

ماسٹر خوشی محمدؒ آپ کے خلیفہ اول

ماسٹر خوشی محمد صاحبؒ جنہوں نے اپنی ملازمت اور تمام معاملات کو خیر باد کہہ آپ کی غلامی اختیار کی تھی آپ کے پہلے مرید اور پہلے خلیفہ ہیں جنہوں نے روحانیت کے فیض کو ساہیوال میں بکھیرنا شروع کر دیا۔انہوں نے ساہیوال میں بہت زیادہ محنت فرمائی اور لوگوں کو متوجہ الی اللہ کیا۔ان کا مزار مبارک L.13/14 سوواں ح ساہیوال میں واقع ہے۔

فیوضاتِ قادریہ

غوثؓ اعظم کی اولاد ہونے کے طور پر قادریہ فیض آپ کو وراثت میں ملا لیکن جب علی پور

شریف سے اجازت ملنے کے بعد وہاڑی تشریف لائے تو قادریہ سلسلہ کے ایک بزرگ حضرت بدرالدینؒ نے سلسلہ قادریہ میں آپ کو اجازت دی۔اور چند تبرکات بھی پیش کئے اس لیے آپ کے غلام اسی نسبت سے سبز رنگ کو اپنی ٹوپی میں سجا کر سر پر رکھتے ہیں۔

یہ سفید ٹوپی اور سبز رنگ کی پٹی نقشبندی اور قادری سلسلہ کی فیوضات کا حسین امتزاج ہے۔

ساہیوال میں انوار کی بارش

ماسٹر خوشی محمدؒ کے ساہیوال میں قیام کی وجہ سے آپ (حضرت قبلہؒ) نے 1954,55ء سے ساہیوال میں تشریف لانا شروع کیا۔لوگوں کو ذکر وفکر مراقبہ اور ذکر مصطفیٰ ﷺ کا درس دیا۔اس طرح بے شمار بھٹکے ہوئے لوگ بالخصوص نوجوان طبقہ کو دین کی طرف متوجہ کیا۔

لوگوں کے ذوق وشوق اور اصرار پر آپ (حضرت قبلہؒ) نے ساہیوال میں زیادہ وقت گزارنا شروع کیا۔ 1991ء باقاعدہ طور پر طارق بن زیاد کالونی Z بلاک میں آستانہ عالیہ بنایا جو کہ بعد میں W بلاک میں تبدیل ہو گیا اور اب تک قائم ہے۔جہاں پر لوگ حاضر ہو کر دن رات فیض یاب ہوتے ہیں۔ہر اسلامی ماہ کی دس تاریخ کو ختم گیارھویں شریف اور ہر جمعہ کو بعد از مغرب ختم خواجگان کا اہتمام ہوتا ہے۔لوگ دور ونزدیک سے حاضر ہو کر اپنی پیاس بجھاتے ہیں۔اب یہ پروگرام باقاعدگی سے صاحبزادہ قبلہ سید زمرد حسین گیلانی نقشبندی جماعتی چراغوی کے زیر سایہ ہو رہا ہے اور فیض چراغ اولیاؒ جاری ہے۔

دینی تعلیمات کی اشاعت وترویج

28 فروری 1999ء کو دینی تعلیم کی باقاعدہ اشاعت وترویج کے لیے نہایت پسماندہ علاقہ (جسے جہاز گراؤنڈ کے نام سے پکارا جاتا ہے) کے مین روڈ (پرانا ہڑپہ روڈ) پر آپ نے عظیم الشان مدرسہ جامعہ چراغیہ زمردیہ نقشبندیہ کا سنگِ بنیاد رکھا جو کہ دیکھتے ہی دیکھتے جنگل میں منگل کا منظر پیش کرنے لگا۔جہاں پر کثیر طلباء اور طالبات دینی تعلیم کی پیاس بجھا رہے ہیں۔(دینی تعلیم مفت دی جاتی ہے)

مدرسہ ہذا میں یوم عاشورہ، بڑی گیارھویں شریف، 27 رمضان المبارک اور عید میلا دالنبی ﷺ کے جلوس جیسی غیر نصابی تقریبات کا اہتمام ہوتا ہے جن میں صاحبزادہ سیدزمرد حسین گیلانی نقشبندی جماعتی مدظلہ العالی ذاتی دلچسپی لیتے اور سرپرستی فرماتے ہیں۔ یہ تقریبات بچوں کے دلوں میں نبی اکرم ﷺ اور بزرگان دین سے محبت وعقیدت کا جذبہ پیدا کرتی ہیں۔

کرامات

آپ کی کرامات بے شمار ہیں۔ آپ نے مخلوق خدا کی بہت خدمت کی ہے۔

بہت سے لاعلاج مریض آپ کی بارگاہ میں حاضر ہوکر شفایاب ہوئے آپ کا فیض عام ہے کہ کوئی جن آسیب آپ کا نام سن کر جگہ چھوڑ دیتا ہے اور اب تک یہی کیفیت جاری ہے۔ آپ نے مردہ دلوں کو زندہ کیا اور حرص وہوا کی دلدل میں پھنسے ہوئے لوگوں کو نبی اکرم ﷺ کی غلامی کی طرف راغب کیا مندرجہ ذیل کرامات ہزاروں میں سے چند بطور تبرک پیش خدمت ہیں:-

کرامت نمبر 1

چوہدری مشتاق احمد ساکن سانده خورد ملت روڈ گلی نمبر 4 لاہور بیان فرماتے ہیں۔

مارچ 1987 کا واقعہ ہے کہ میرے جگر پر پھوڑا نکل آیا اس کی وجہ سے سخت درد تھا۔ میں علاج کیلئے ڈاکٹر ایس اے گردیزی پرنسپل (ریٹائرڈ) کنگ ایڈورڈ میڈیکل کالج ان کے کلینک مزنگ اڈا لاہور گیا۔ ڈاکٹر صاحب نے تفصیلی معائنہ کیا اور الٹرا ساؤنڈ کرنے کے بعد فیصلہ کیا کہ جگر کا اپریشن کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ کل آپ کا آپریشن ہوگا۔ درد کی وجہ سے میرا برا حال تھا۔ تیمارداری کیلئے پیر بھائی آرہے تھے۔ ہمارے علاقہ کے سینئر پیر بھائی عبدالحفیظ چیمہ نے مجھے مشورہ دیا کہ حضرت صاحب قبلہ کی خدمت یں غائبانہ طور پر اپنی گزارش پیش کرو۔ رات کو میں نے تصور میں اپنی عرضی پیش کی۔ علی الصبح میں اپنے گھر پر نیم خوابی کی حالت میں دیکھتا ہوں کہ حضرت قبلہ چراغ النبی گیلانی نقشبندی جماعتیؒ میرے قریب تشریف فرما ہیں اور فرماتے ہیں کہ مشتاق کیا بات ہے میں نے عرض کیا کہ حضور سخت درد ہے۔ فرمایا درد کدھر ہے؟ میں نے درد والی

www.ameer-e-millat.com www.ameeremillat.org bakhtiar2k@hotmail.com
www.maktabah.org www.ameeremillat.com www.marfat.com

جگہ پر ہاتھ رکھا تو درد بالکل ختم ہو چکا تھا آپ فوراً تشریف لے گئے۔

صبح حسب وعدہ ڈاکٹر گردیزی کے پاس جا کر انہیں بتایا کہ میرا درد ٹھیک ہو گیا ہے لہٰذا اپریشن نہیں کروانا۔ انہوں نے دوبارہ مشین کے ذریعہ جگر کا معائنہ کیا اور ان کی حیرانگی کی انتہا نہ رہی کہ جگر پر کوئی پھوڑا یا زخم نہیں۔ انہوں نے مشین کے ذریعے کل والے مریضوں کا معائنہ کیا تو کل والا نتیجہ ہی سامنے آیا لیکن مشتاق صاحب کا جگر بالکل ٹھیک تھا۔ یہ نتیجہ ڈاکٹر گردیزی اور ان کے عملہ کیلئے ایک عجوبہ تھا۔ بالآخر ڈاکٹر صاحب کو بتایا کہ آج علی الصبح میرے پیر و مرشد نے میرا روحانی قوت سے آپریشن کیا ہے۔ ڈاکٹر صاحب نے کہا کہ ہم ان روحانی تصرفات کو مانتے ہیں اور یہ عین ممکن ہے۔ پیر و مرشد فرماتے ہیں۔

وہ کون سی مشکل، مشکل ہے جو چراغ یہاں پر حل نہ ہوئی
ہر بگڑی بات بنی اس کی جس نے بھی نبی ﷺ کا نام لیا

اس کے چند روز بعد میں L-46/15 میانچوں عرس مبارک میں شریک ہوا اور حضرت قبلہ کی کرامت بیان کی۔

کرامت نمبر 2

محترم حاجی رانا سعید اقبال ریلوے گارڈ مقیم پاکپتن شریف بیان کرتے ہیں کہ 1953ء میں حضرت قبلہ نے ہمارے گھر واقع محلہ تلیا نوالہ ساہیوال میں شام کے وقت تشریف فرما ہونا تھا ہم نے سوچا کہ کہ چار پانچ دوست آپ کے ساتھ ہوں گے اس لئے ایک مرغی ذبح کر لی اور دیگچی میں تھوڑا سا زردہ بھی تیار کر لیا۔ کھانے کے وقت تقریباً ستر یا اسی آدمی موجود تھے جنہیں دیکھ کر میں اور والد صاحب پریشان ہو گئے۔ اباجی نے مجھے کوسنا شروع کیا کہ تم نے مجھے پہلے کیوں نہ بتایا ہم دیگ پکوا لیتے لوگ کیا کہیں گے کہ حاجی اقبال کے گھر گئے اور ہمیں کھانا بھی نہ ملا۔ ہماری پریشانی دیکھ کر حضرت قبلہ نے مجھے بلا کر فرمایا کہ یہ رومال دیگچی کے اوپر ڈال دو اور کھانا تقسیم کرنا شروع کرو۔ ہم نے آپ کے حکم پر عمل کرتے ہوئے سب دوستوں کو کھانا کھلایا۔ چاول تقسیم

www.charaghia.com https://archive.org/details/@bakhtiar_hussain scribd: bakthiar2k
http://vimeo.com/user13885879/video www.haqwalisarkar.com Youtbue bakhtiar2k

www.ameer-e-millat.com www.ameeremillat.org bakhtiar2k@hotmail.com
www.maktabah.org www.ameeremillat.com www.marfat.com

کئے اور بعد میں سالن اور چاول بچ بھی گئے۔ حضرت قبلہ کی اس کرامت کی وجہ سے ہماری عزت رہ گئی۔ اور ایک دیگچی سالن اور تھوڑے سے زردہ چاول تقریباً اسی آدمی کو کھلا کر بچ رہے۔

کرامت نمبر 3 نصیر خاں (Sales Promotion Manager)

نصیر خاں عرف مکڑ بھائی سیل منیجر ببر شیر یوریا ساکن فرید ٹاؤن ساہیوال بیان کرتے ہیں۔

1997ء میں مجھے دل کا عارضہ لاحق ہوا۔ ڈاکٹر سعید ڈوگر سول ہسپتال ساہیوال سے رابطہ کیا تو انہوں نے کہا کہ آپ کے دل کے تین Valve بند ہیں۔ آپ کو By Pass اپریشن کروانا ہوگا۔ مزید تسلی کیلئے لاہور گیا تو ڈاکٹر شہر یار صاحب نے بھی یہی مشورہ دیا۔ ساہیوال میں ایک دوست نے کہا کہ آپ شہنشاہ ولایت قبلہ سید چراغ النبی گیلانی نقشبندی جماعتیؒ کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کریں حضرت صاحبؒ کی خدمت میں حاضر ہوا تو آپ نے تانبے کا ایک کڑا عنایت فرمایا اور ارشاد فرمایا کہ اب آپ کو کسی قسم کے آپریشن کی ضرورت نہیں۔ آج تقریباً آٹھ سال گزر گئے حضرت کی دعا سے بالکل صحتمند ہوں اپنی کار خود چلاتا ہوں۔ شکار کھیلنے کا شوق بھی پورا کرتا ہوں اور امن وسکون کی زندگی بسر کر رہا ہوں۔ میرا تو یہ ایمان ہے کہ حضرت قبلہ نے میرے دل کے پرانے Valve نکال کر نئے ڈال دیئے ہیں لہذا ان کا جتنا بھی شکر ادا کروں کم ہے۔

کرامت نمبر 4

جناب غلام مصطفیٰ صاحب مالک کینٹن بیرون سنٹرل جیل ساہیوال بیان کرتے ہیں کہ:

میرے ناک پر ایک زخم تھا۔ عرصہ تین سال سے ڈاکٹروں کا علاج کروا رہا تھا۔ لیکن زخم ٹھیک ہونے کا نام ہی نہیں لیتا تھا۔ ڈاکٹروں نے بتایا کہ یہ کینسر ہے اور یہ ہمارے بس کی بات نہیں۔ مایوسی کے عالم میں حضرت قبلہ سید چراغ النبی گیلانی نقشبندی جماعتیؒ کی خدمت میں حاضر ہوا اور اپنی تکلیف بیان کی۔ حضرت قبلہ نے تانبے کا ایک چھلا عنایت فرمایا اور دائیں ہاتھ کی کسی انگلی میں پہننے کا حکم فرمایا۔ تقریباً دو ہفتے کے اندر تین سال کا یہ پرانا کینسر کا زخم بالکل ٹھیک ہو گیا۔ حضرت قبلہ نے اس کا کوئی ہدیہ وصول نہیں کیا۔ البتہ میں اپنی مرضی سے ماہانہ گیارہویں شریف کے ختم پر

www.charaghia.com https://archive.org/details/@bakhtiar_hussain scribd: bakthiar2k
http://vimeo.com/user13885879/video www.haqwalisarkar.com Youtbue bakhtiar2k

www.ameer-e-millat.com www.ameeremillat.org bakhtiar2k@hotmail.com
www.maktabah.org www.ameeremillat.com www.marfat.com

حاضری دیتا ہوں اور حسب استطاعت لنگر غوثیہ میں اپنا حصہ ڈالنے کی سعادت حاصل کرتا ہوں۔

کرامت نمبر 5

ماہ جون 2003ء کی بات ہے کہ راقم الحروف (میجر ہدایت الٰہ نقشبندی جماعتی چراغوی) اور چند دیگر پیر بھائی ساہیوال میں آستانہ عالیہ پر حضرت قبلہ کی خدمت میں حاضر تھے۔ سخت گرمی کی وجہ سے انسان، حیوان، چرند، پرند سبھی گرمی سے پریشان تھے۔ سب دوستوں نے باران رحمت کی گزارش کی۔ حضرت فرمانے لگے کہ دن کو بارش ہو جائے تو اچھا ہے کیونکہ رات کو بجلی چلی جاتی ہے اور لوگوں کو تکلیف ہوتی ہے۔ اس وقت مطلع بالکل صاف تھا۔ حضرت نے بارگاہ رب العزت میں دعا کیلئے ہاتھ اٹھائے اور ہم سب نے آمین کہی۔ تھوڑی دیر بعد ٹھنڈی ہوا چلنے لگی۔ مطلع ابر آلود ہو گیا اور تقریباً آدھ گھنٹہ بعد اچھی خاصی بارش ہو گئی اور مخلوق خدا نے سکھ کا سانس لیا۔

صحابہ اکرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کا طریقہ کار یہی تھا کہ جب انہیں کوئی تکلیف ہوتی تو وہ نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں عرض کر کے اپنی تکالیف کا حل تلاش کرتے۔ اللہ کے ولی آپ ﷺ کے جانشین ہیں۔ آپ ﷺ کے نقش قدم پر چلتے ہوئے یہ حضرات مخلوق کی خدمت کرتے ہیں۔ خدا تعالیٰ ہمیں توفیق عطا فرمائے کہ ان کی خدمت میں حاضر ہو کر ان کی مدد سے رحمت الٰہی حاصل کریں۔

کرامت نمبر 6

ڈاکٹر محمد اشرف ایم بی بی ایس دیپالپور بیان کرتے ہیں کہ سن 2003ء کا واقعہ ہے کہ میں اپنے کلینک خلیل آباد کالونی دیپالپور میں ایک مریض کو دیکھنے کیلئے اس کا ECG ٹیسٹ کرنے لگا۔ تو پتہ چلا کہ مشین خراب ہے۔ مشین کو ٹھیک کرنے کیلئے مکینک کے پاس بھیج دیا اور مریض کو تحصیل ہسپتال بھیج دیا۔ اسی دوران دل کے چار پانچ مزید مریض آ گئے۔ مکینک سے رابطہ کیا تو اس نے بتایا کہ اس کا ایک پرزہ آئی سی IC خراب ہے جو کہ لاہور سے ٹھیک ہو گا۔ میں بہت پریشان تھا کیا کروں میں کلینک پر واپس آیا اور انتہائی بے بسی کے عالم میں آنکھیں بند کر کے میز پر سر رکھ کر تصور

www.charaghia.com https://archive.org/details/@bakhtiar_hussain scribd: bakthiar2k
http://vimeo.com/user13885879/video www.haqwalisarkar.com Youtbue bakhtiar2k

www.ameer-e-millat.com www.ameeremillat.org bakhtiar2k@hotmail.com
www.maktabah.org www.ameeremillat.com www.marfat.com

شیخ میں بیٹھ گیا۔غیر ارادی طور پر منہ سے نکلا کہ یا شیخ ! آپ دوسروں کے بے شمار کام کرتے ہیں آج میری یہ مشکل آسان فرمائیں تو بات بنے۔

بخدا، ابھی یہ خیال آیا ہی تھا کہ مکینک دوڑتا ہوا آیا اور کہنے لگا کہ ڈاکٹر صاحب مشین نے کام کرنا شروع کر دیا ہے۔IC باہر نکال کر چیک کیا ہے تو خراب ہے لیکن مشین میں لگانے پر کام کرتا ہے وہ انتہائی حیرانگی کی حالت میں مجھے یہ حقیقت بتا رہا تھا اسے کیا پتہ کہ میرے پیر و مرشد نے میری مشکل کو فوری طور پر حل فرما دیا تھا۔

نوٹ: ڈاکٹر اشرف صاحب نہایت نیک دل، باشرع اور ہر دلعزیز شخصیت ہیں۔دیپالپور میں آپ دل کے مریضوں کا علاج کرتے ہیں۔جب کوئی مرض آپ کی سمجھ میں نہ آئے تو آپ اسے بڑے ڈاکٹر صاحب (سید چراغ النبی گیلانیؒ) کے پاس بھیج دیتے ہیں اور مریض ٹھیک ہو جاتا ہے۔حضرت کی ایسی کرامات کا ذکر زیر طبع کتاب کرامات چراغ اولیا میں کیا جائے گا۔ صاحبزادہ سید زمرد حسین گیلانی نقشبندی جماعتی چراغوی نے اس کی اجازت مرحمت فرما دی ہے۔ انشاء اللہ جلد ہی زیور طبع سے آراستہ ہو کر آپ حضرات کی خدمت میں پیش کر دی جائے گی۔

کرامت نمبر 7

حاجی رانا سیف اللہ جوئیہ منیجر الائیڈ بنک دیپالپور بیان کرتے ہیں:

ستمبر 2003ء کا واقعہ ہے کہ میری بیٹی جس کی عمر تقریباً گیارہ سال ہے۔اس کے سر میں سخت درد ہوا۔ہم بچی کو ڈاکٹر محمد اشرف (جو کہ میرے محترم پیر بھائی ہیں) کے کلینک پر لے گئے۔

لیکن بچی کو آرام نہ آیا۔ڈاکٹر محمد اشرف صاحب نے مشورہ دیا کہ کسی سپیشلسٹ کو دکھایا جائے ۔ہم بچی کو ڈاکٹر عبدالغفار کے پاس لے گئے ان کے علاج سے عارضی افاقہ ہوا اور اڑھائی گھنٹے کے آرام کے بعد درد پھر شروع ہو گیا۔بچی کو اوکاڑا میں چائلڈ سپیشلسٹ ڈاکٹر خلیق الزمان کے پاس لے گئے لیکن بچی ٹھیک نہ ہوئی۔انہوں نے آئی سپیشلسٹ ڈاکٹر فہیم فیروز کی خدمات حاصل کرنے کا مشورہ دیا۔ڈاکٹر فہیم فیروز نے معائنہ کر کے بتایا کہ نظر بالکل ٹھیک ہے۔بچی کو لاہور لے

www.charaghia.com https://archive.org/details/@bakhtiar_hussain scribd: bakthiar2k
http://vimeo.com/user13885879/video www.haqwalisarkar.com Youtbue bakhtiar2k

گئے وہاں بھی ڈاکٹر کو دکھایا لیکن افاقہ نہ ہوا آخر کار ڈاکٹر اشرف صاحب نے فرمایا کہ ہم نے جسمانی طبیب تو دیکھ لئے۔ ان سے بچی کو شفا نہیں ملی۔ اب اپنے روحانی طبیب بڑے ڈاکٹر صاحب (سید چراغ النبی گیلانی نقشبندی جماعتیؒ) کی خدمت میں حاضر ہوں۔ چنانچہ میں بچی کو لیکر راؤ محمد اجمل MNA دیپالپور، راؤ گل شیر برادر راؤ محمد اجمل کے ساتھ حضرت قبلہ کی خدمت میں ساہیوال حاضر ہوا۔ حضرت قبلہ نے کمال شفقت فرماتے ہوئے بچی کو دم کیا اور درد فوری طور پر ختم ہو گیا۔ حضرت قبلہ نے فرمایا، رانا صاحب! بچی کی دوائی بند کر دو۔ کوئی ٹیکہ نہیں لگوانا۔ انشاء اللہ اب کبھی درد نہیں ہوگا۔ اس کے بعد آج تک بچی کو سر درد نہیں ہوا۔

راؤ گل شیر نے چونکہ ڈاکٹروں کے پاس جا کر میری مدد فرمائی تھی اور جسمانی ڈاکٹروں کی بے بسی مشاہدہ فرمائی تھی۔ انہوں نے روحانی قوت کا یہ واقعہ دیکھ کر روحانیت کی برتری کو تسلیم کیا اور حضرت قبلہ سے بیعت اختیار کی۔

نوٹ:

مندرجہ بالا کرامات حضرت قبلہ کی روحانی طاقت کا اظہار ہیں۔ معجزہ یا کرامت در حقیقت سرکار دو جہاں حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کے کرم سے ظہور پذیر ہوتے ہیں۔ معجزہ اور کرامت کے سامنے عقل اور مادی قوتیں عاجز ہوتی ہیں۔ دنیاوی قوتیں جب بے بس نظر آئیں تو روحانی قوت وہ مسئلہ حل کر دیتی ہے۔ اس روحانی بالادستی کے بے شمار واقعات ظہور پذیر ہوتے ہیں معجزات کا انکار ابو جہل اور اس کی ذریت نے کیا۔ ماننے والے ابو بکر صدیقؓ، عمر فاروقؓ، عثمان غنیؓ، مولا علیؓ مشکل کشا بن گئے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں ان ماننے والے بزرگوں کے نقش قدم پر چلنے کی توفیق عطا فرمائے اور منکرین انبیاء اولیا میں سے نہ بنائے۔ وما توفیقی الا باللہ

محفل میلاد اور عشق مصطفیٰ ﷺ کا درس

آپ میلاد پاک نہایت ذوق شوق سے پڑھتے۔ ظاہری طور پر انتہائی کمزور دبلے پتلے جسم

کے مالک تھے۔ دیکھنے والا سمجھتا یہ کیا بولیں گے۔ لیکن جب آپ تقریر شروع فرماتے اشعار یا نعت شریف پڑھتے تو لوگ حیران رہ جاتے کہ یہ آواز کدھر سے آ رہی ہے۔ آپ کا پسندیدہ موضوع عشقِ مصطفیٰ ﷺ تھا جو کہ نظم یا نثر میں بیان فرماتے۔

آپ نے فرمایا۔

دینِ حق اے دوستو! عشقِ نبی ﷺ کا نام ہے
کر غلامی مصطفیٰ ﷺ کی بس یہی اسلام ہے
بندگی رب کی چراغ دن رات بھی کرتے رہو
حُب نہیں دل میں نبی ﷺ کی سب کی سب ناکام ہے

وصال

جسمانی طور پر کمزور لیکن روحانی طور پر انتہائی طاقتور، غوث اعظم کا یہ شہزادہ، حضور پاک علیہ الصلوٰۃ والسلام کا غلام، محبت کا درس دیتے ہوئے۔ مورخہ 22,23 جنوری 2004ء جمعرات اور جمعہ کی درمیانی شب اپنے خالقِ حقیقی سے جا ملا۔ آپ علامہ اقبال کا اکثر یہ شعر پڑھا کرتے تھے۔

مرنے والے مرتے ہیں لیکن فنا ہوتے نہیں
وہ حقیقت میں کبھی ہم سے جدا ہوتے نہیں

بعد از وصال بذریعہ خواب دوستوں کی رہنمائی ہو رہی ہے اور ہوتی رہے گی۔ حدیثِ پاک کے مطابق خواب نبوت کا چھیالیسواں حصہ ہے یعنی یہ بھی کشف والہام کا ایک ذریعہ ہے۔ خواب کی حقیقت پر بہت سی تصانیف موجود ہیں لیکن ان میں علامہ ابنِ سیرینؒ کی تصنیف تعبیر الرؤیا بہت اہم کتاب ہے۔ ہر شخص خواب کی حقیقت یا تعبیر نہیں جانتا۔ اس لئے بزرگانِ دین ہر ایک کو خواب بتانے سے منع فرماتے ہیں۔ تاہم اپنے پیرومرشد کو یا ان کے خلفا کو خواب بتانے میں کوئی حرج نہیں۔ ماسٹر خالد صاحب ساکن ہڑپہ شہر کو خواب آیا کہ وہ صاف پانی کا ایک تالاب دیکھتے ہیں اور قبلہ انہیں حکم فرماتے ہیں کہ اس میں سے صدف نکالو۔ جب وہ صدف باہر نکالتے ہیں تو اس میں

www.ameer-e-millat.com www.ameeremillat.org bakhtiar2k@hotmail.com
www.maktabah.org www.ameeremillat.com www.marfat.com

سے اعلیٰ قسم کا زمرد برآمد ہوتا ہے قبلہ پیر و مرشد چراغ اولیاؒ فرماتے ہیں کہ یہ میرا فرزند ار جمند زمرد حسین گیلانی نقشبندی ہے۔

یہ دوستوں کو ایک اشارہ ہے کہ ان کی خدمت میں حاضر ہو کر رہنمائی حاصل کریں۔ پانی سے مراد چراغ اولیا کا چشمہ فیض ہے اور اس میں سید زمرد حسین کے ذریعہ سے فیوض و برکات آرہے ہیں۔

ہر شخص کو چاہیے کہ قبلہ چراغ اولیاء سے فیضیاب ہونے کے لئے ان کے سجادہ نشین سے خصوصاً اور خلفا سے عموماً رجوع کریں کیونکہ فیوض و برکات اس ذریعہ سے لوگوں تک پہنچتے رہیں گے۔

بعض از وصال

مرنے والے مرتے ہیں لیکن فنا ہوتے نہیں
وہ حقیقت میں کبھی ہم سے جدا ہوتے نہیں

مندرجہ بالا شعر کے مصداق سیدی چراغ" اولیا ایک باقی باللہ بزرگ ہیں اگرچہ آپ ہمیں ظاہری آنکھ سے نظر نہیں آرہے لیکن آپ حیاتِ ابدی پانے والے بزرگ ہیں جو کہ اپنے مریدین اور ارادت مندوں کی بعد از وصال بھی مدد فرماتے ہیں۔ مندرجہ ذیل واقعات سے یہ حقیقت صاف طور پر عیاں ہو جاتی ہے۔

کمر کا درد دور۔ مشکل حل ہو گئی

محمد یٰسین دکاندار بھٹونگر ساہیوال بیان کرتے ہیں کہ میری کمر میں عرصہ دس سال سے درد تھا۔ وصال کے ایک یا دو روز بعد آپ خواب میں تشریف لائے اور فرماتے ہیں کہ یٰسین تمہاری کوئی خواہش ہو تو بتاؤ۔ میں عرض کرتا ہوں حضور میری کمر میں بہت درد ہے آپ کے دست اقدس میں ایک ہاکی ہے۔ آپ فرماتے ہیں کے میں یہ ہاکی تمہاری کمر پر لگاتا ہوں جب درد والی جگہ پر پہنچے تو بتا دینا۔ چنانچہ جب ہاکی درد والی جگہ پر پہنچی تو میں نے عرض کیا حضور اس جگہ درد ہے۔ آپ نے اس جگہ ہلکی سی ضرب لگائی اور فرمایا بس اب یہ درد ختم ہو جائے گا۔ اس کے بعد آپ طالب سنار کے گھر بلال کالونی تشریف لے گئے۔

www.charaghia.com https://archive.org/details/@bakhtiar_hussain scribd: bakthiar2k
http://vimeo.com/user13885879/video www.haqwalisarkar.com Youtbue bakhtiar2k

www.ameer-e-millat.com www.ameeremillat.org bakhtiar2k@hotmail.com
www.maktabah.org www.ameeremillat.com www.marfat.com

صبح اٹھا تو درد کو پورے طور پر آرام تھا۔ چند روز بعد طالب حسین سنار سے ملاقات ہوئی تو انہوں نے بتایا کہ ہم نے حضور قبلہ کو یاد کیا تھا ہمارا کوئی کام تھا اسی دن ہمارا یہ مسئلہ حل ہو گیا۔

مزار پُر انوار

کہروڑ پکا شریف ضلع لودھراں میں جس حجرہ مبارک میں نبی کا یہ چراغ اپنے خالق و مالک کی عبادت میں ہمہ شب مصروف رہتا تھا۔ اس حجرہ مبارک میں آپ کے فرمان کے مطابق آپ کی آخری آرام گاہ بنائی گئی ہے اور وہیں پر آپ کا مزار مبارک زیر تعمیر ہے۔ سجادہ نشین مزار مبارک صاحبزادہ سید زمرد حسین گیلانی کی زیر نگرانی تعمیر کے مراحل تیزی سے طے کر رہا ہے۔

سجادہ نشین اور آپ کے خلفاء

اپنی حیات مبارکہ میں ہی 23,24 اکتوبر 2003ء کو سالانہ عرس مبارک کے موقع پر اپنے اکلوتے صاحبزادہ سید زمرد حسین شاہ صاحب گیلانی نقشبندی کی اپنے دستِ مبارک سے دستار بندی فرما کر اپنا جانشین و سجادہ نشین مقرر فرمایا۔ جس کو بعد میں 2004ء میں صاحبزادہ فخر ملت حضرت قبلہ پیر سید افضل حسین شاہ صاحب نقشبندی جماعتی سجادہ نشین علی پور شریف نے سالانہ عرس مبارک حضرت قبلہ الحاج حافظ پیر سید جماعت علی شاہ صاحبؒ کے موقع پر علی پور شریف میں خلافت سے نوازا۔ آپ کا یہ شہزادہ انتھک محنت لگن اور محبت سے اپنے فرائض منصبی نبھا رہا ہے۔ اللہ تعالیٰ ان کا سایہ تادیر قائم رکھے آمین!

اس طرح آپ نے اپنی زندگی میں ہی ماسٹر محمد رمضان صاحب نذیری نقشبندی جماعتی چراغوی اور راقم الحروف (میجر ہدایت اللہ نقشبندی جماعتی چراغوی) کو بھی خلافت سے نوازا۔ یہ دونوں خلفاء حضرت قبلہ صاحبزادہ پیر سید زمرد حسین شاہ صاحب کے زیر سایہ ایک خادم کی حیثیت سے دوستوں کی خدمت کر رہے ہیں۔

آپ کا فیض آپ کے وصال کے بعد جاری و ساری ہے اور رہے گا۔ (انشاء اللہ العزیز)

کیوں کہ

www.charaghia.com https://archive.org/details/@bakhtiar_hussain scribd: bakthiar2k
http://vimeo.com/user13885879/video www.haqwalisarkar.com Youtbue bakhtiar2k

ہرگز نمیرد آنکس دلش زندہ شد بعشق
ثبت است بر جریدۂ عالم دوام ما

ترجمہ: جس ہستی کا دل عشق سے زندہ ہو وہ مرتا نہیں اور دنیا میں ہمارا ہمیشہ باقی رہنا ثابت ہے۔

آپ کا کلام

آپ نے جو کلام لکھا وہ قارئین تک پہنچ گیا ہے۔ یعنی ایک مرد قلندر کے دل کی آواز جو کہ ان کے مشاہدات پر مبنی ہے درحقیقت یہی وہ کلمات طیبات ہیں جن کے متعلق مولانا روم رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا۔

گفتہ او گفتہ اللہ بود گرچہ از حلقوم عبداللہ شود

ترجمہ: اگرچہ الفاظ ایک بندے کے حلق سے ادا ہوتے ہیں۔
لیکن ان کا کہنا اللہ کا فرمان ہوتا ہے۔
علامہ اقبال کہتے ہیں۔

دل سے جو آہ نکلتی ہے اثر رکھتی ہے
پر نہیں طاقت پرواز مگر رکھتی ہے

آپ کا اپنا فرمان

وہ خاک جانے گا شان قلندری کیا ہے؟
جو اپنے آپ کی ہستی کا راز پا نہ سکا!

عاجزی

آپ نے اردو ہندی اور پنجابی میں اشعار کہے ہیں آپ اکثر فرمایا کرتے کہ بھئی میں کوئی شاعر نہیں اور نہ ہی اتنی تعلیم ہے لیکن آپ نے جو بھی تحریر لکھی وہ انتہائی مقبول ہوئی اور دلوں پر اپنا خاص اثر رکھتی ہے۔ آپ کی کتاب۔ سچی لگن۔ یا۔ راحیل شوق۔ ہو سبھی یکساں طور پر مقبول ہیں

www.ameer-e-millat.com www.ameeremillat.org bakhtiar2k@hotmail.com
www.maktabah.org www.ameeremillat.com www.marfat.com

اور قاری کے دل پر اثر کرتی ہیں۔

گذارش

قارئین کرام سے گزارش ہے کہ فنی معاملات کو زیر بحث لانے کی بجائے۔ مرد قلندر کا پیغام سمجھ کر۔ اپنے دل و دماغ پر وارد کریں تو ان کی بگڑی بن سکتی ہے۔

کیونکہ مشہور عربی مقولہ ہے۔ کلام الملوک ،ملوک الکلام ، بادشاہوں کا کلام کلاموں کا بادشاہ ہوتا ہے۔

درحقیقت یہی ہستیاں نبی اکرم ﷺ کی مسند رشد و ہدایت کی جانشین ہیں۔ حق کے متلاشی صاحب دل حضرات سے خصوصاً اور عوام الناس سے عموماً گزارش ہے کہ اس ہستی کے کلام کا باوضو اور قلب و روح کو حاضر کر کے مطالعہ فرمائیں تاکہ ان کے دل کی بستی آباد ہو جائے۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو اس کلام کو سمجھنے اور اس متاع بے بہا پر عمل کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین ثم آمین

سگ درگاہ نقشبندیہ جماعتیہ چراغیہ
میجر ہدایت اللہ نقشبندی جماعتی چراغوی
ساہیوال

www.charaghia.com https://archive.org/details/@bakhtiar_hussain scribd: bakthiar2k
http://vimeo.com/user13885879/video www.haqwalisarkar.com Youtbue bakhtiar2k

www.ameer-e-millat.com www.ameeremillat.org bakhtiar2k@hotmail.com
www.maktabah.org www.ameeremillat.com www.marfat.com

وردکلمہ شریف

کہو لا الہٰ الا اللہ پڑھو لا الہٰ الا اللہ ہے محمد پاک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

1۔ کر کلمے ول دھیان میاں ایہو مقصد زندگی جان میاں
ایہو افضل ذکر پہچان میاں کہو لا الہٰ الا اللہ

2۔ اک ذات خدا دی جان میاں رکھیں شرک توں پاک ایمان میاں
ایہو مومن دی پہچان میاں کہو لا الہٰ الا اللہ

3۔ مت الٹیاں چالاں چل میاں نہیں دم دا بھروسہ پل میاں
کیوں رب نوں گیا توں بھل میاں کہو لا الہٰ الا اللہ

4۔ ایتھوں اک دن سب نے جانا ایں وچ جنگل ڈیرا لانا ایں
نہ مڑ کسے نے آنا ایں کہو لا الہٰ الا اللہ

5۔ کیوں کرنا ایں مان جوانی دا ایہہ تاں بلبلا پیارے پانی دا
کی فخر ہے چیز بیگانی دا کہو لا الہٰ الا اللہ

6۔ کیوں کرنا ایں عمر ویران میاں چند دن دا ہیں توں مہمان میاں
کیوں سونا ایں چدرتان میاں کہو لا الہٰ الا اللہ

7۔ ایہہ چلا چلی دا میلا اے ایہہ سوچ وچار دا ویلا اے

www.charaghia.com https://archive.org/details/@bakhtiar_hussain scribd: bakthiar2k
http://vimeo.com/user13885879/video www.haqwalisarkar.com Youtbue bakhtiar2k

www.ameer-e-millat.com www.ameeremillat.org bakhtiar2k@hotmail.com
www.maktabah.org www.ameeremillat.com www.marfat.com

ایتھوں ٹر جانا توں اکیلا اے — کہو لا الٰہ الا اللہ

8۔ ایہہ دنیا دے جھگڑے چھوڑ میاں — ایہہ غیر محبتاں توڑ میاں
دل رب نال اپنا جوڑ میاں — کہو لا الٰہ الا اللہ

9۔ تیرا دشمن نفس امارہ اے — ایہہ کسے دا میت نہ پیارا اے
کجھ کر لے اس دا چارہ اے — کہو لا الٰہ الا اللہ

10۔ راہ پھڑ نہ شیطان لعینے دا — سنگ چھوڑ توں نفس کمینے دا
رکھیں ہر دم خیال مدینے دا — کہو لا الٰہ الا اللہ

11۔ میرے آقا دی شان نرالی اے — سب نبیاں توں اچی عالی اے
سوہنی موہڈے تے کملی کالی اے — کہو لا الٰہ الا اللہ

12۔ چن نالوں وی سوہنا چہرہ اے — متھے چمکے نوری سہرا اے
پایا کالیاں زلفاں گھیرا اے — کہو لا الٰہ الا اللہ

13۔ ایہہ تاں رحمت بن کے آیا اے — ایہدا کل عالم تے سایہ اے
ایہدا رتبہ رب ودھایا اے — کہو لا الٰہ الا اللہ

14۔ ایہدے ہتھ وچ قلم ربانی اے — ایہدی کل جگ وچ سلطانی اے
ایہدا عاشق رب رحمانی اے — کہو لا الٰہ الا اللہ

15۔ جاویں بادِ صبا توں مدینے نوں — آکھیں دلبر نوری نگینے نوں

www.charaghia.com https://archive.org/details/@bakhtiar_hussain scribd: bakthiar2k
http://vimeo.com/user13885879/video www.haqwalisarkar.com Youtbue bakhtiar2k

www.ameer-e-millat.com www.ameeremillat.org bakhtiar2k@hotmail.com
www.maktabah.org www.ameeremillat.com www.marfat.com

کدی جھلک دکھاؤ کمینے نوں　　کھولا الٰہ الا اللہ

16۔ جنہاں پیتے پریم پیالے نے　　اوہ تاں بڑے ای قسمت والے نے

سب کھل گئے دل دے تالے نے　　کھولا الٰہ الا اللہ

17۔ ایہہ کلمہ رکن شریعت دا　　ہے اس وچ راز حقیقت دا

ایہہ دسدا راہ طریقت دا　　کھولا الٰہ الا اللہ

18۔ بناں مرشد راہ نہ مل دا اے　　بناں تیل نہ دیوا بلدا اے

کھوہ جتیاں باجھ نہ چلدا اے　　کھولا الٰہ الا اللہ

19۔ ایہہ ذکر بڑا لاثانی اے　　رنگ چڑھدا خاص نورانی اے

ایہہ کہندا چراغ گیلانی اے　　کھولا الٰہ الا اللہ

ہے محمد ﷺ پاک رسول اللہ

☆

www.charaghia.com https://archive.org/details/@bakhtiar_hussain scribd: bakthiar2k
http://vimeo.com/user13885879/video www.haqwalisarkar.com Youtbue bakhtiar2k

www.ameer-e-millat.com www.ameeremillat.org bakhtiar2k@hotmail.com
www.maktabah.org www.ameeremillat.com www.marfat.com

1۔جہاں میں آئے نبی ہمارے
پڑھو درودوسلام ان پر
کرو چراغاں مناؤ خوشیاں
پڑھو درود و سلام ان پر

2۔کدورتیں سب کچل کے رکھ دیں
عداوتیں سب مٹا کے رکھ دیں
دلوں کی دنیا بدل کے رکھ دی
پڑھو درود و سلام ان پر

3۔خدا کے پیارے حبیب جیسا
ہوا نہ ہوگا کوئی بھی ایسا
یہی ہے ایماں ہمارا بیشک
پڑھو درود و سلام ان پر

4۔کہا یہ رب نے حبیب میرے
بنایا سب کچھ برائے تیرے
خدا بھی تیرا خدائی تیری
پڑھو درود و سلام ان پر

www.charaghia.com https://archive.org/details/@bakhtiar_hussain scribd: bakthiar2k
http://vimeo.com/user13885879/video www.haqwalisarkar.com Youtbue bakhtiar2k

www.ameer-e-millat.com www.ameeremillat.org bakhtiar2k@hotmail.com
www.maktabah.org www.ameeremillat.com www.marfat.com

5۔ ہیں رحمتِ عالم نبی ﷺ ہمارے
انہی کے دم سے یہ سب بہاریں
ہیں آپ موصوف یہ ہیں صفتیں
پڑھو درود و سلام ان پر

6۔ خدا میں اور مصطفے ﷺ میں باہم
بڑا ہی آپس میں ہے تعلق
اک میم کا پردہ ہے درمیان میں
پڑھو درود و سلام ان پر

7۔ گھبرائی طبیعت چراغ جب بھی
جھکائی گردن لیا تصور
ملی وہ لذت سرور آیا
پڑھو درود و سلام ان پر

☆

www.charaghia.com https://archive.org/details/@bakhtiar_hussain scribd: bakthiar2k
http://vimeo.com/user13885879/video www.haqwalisarkar.com Youtbue bakhtiar2k

www.ameer-e-millat.com www.ameeremillat.org bakhtiar2k@hotmail.com
www.maktabah.org www.ameeremillat.com www.marfat.com

نعت شریف

کملی والے

1۔مدینے میں مجھ کو بلا کملی والے

ہے مدت سے یہ التجا کملی والے

2۔میں دیکھوں تیرا روضہ گنبد وہ جالی

یہی ہے تمنا دعا کملی والے

3۔تڑپتا ہوں دن رات فرقت میں آقا ﷺ

لگی میرے دل کی بجھا کملی والے

4۔نہیں اب تو دوری گوارا اے آقا ﷺ

مجھے اپنا جلوہ دکھا کملی والے

5۔چراغِ حزیں کی یہی آرزو ہے

ملے تیرے قدموں میں جا کملی والے

☆

www.charaghia.com https://archive.org/details/@bakhtiar_hussain scribd: bakthiar2k
http://vimeo.com/user13885879/video www.haqwalisarkar.com Youtbue bakhtiar2k

نعت شریف

شانِ محمد ﷺ

1۔ کیا شان محمد ﷺ کی اللہ نے بنائی ہے

خود رب بھی فدا ان پر قربان خدائی ہے

2۔ ہر شے میں چمک ان کی ہر گل میں مہک ان کی

یہ نورِ محمد ﷺ کی سب جلوہ نمائی ہے

3۔ عاصی ہوں نکما ہوں پر ان کے وسیلے سے

بخشے گا خدا بے شک امید رہائی ہے

4۔ وہ رحمتِ عالم ہیں ہر شے کے وہ مالک ہیں

ان کے ہی لیے رب نے ہر چیز بنائی ہے

5۔ جس دن سے جبیں ہم نے اس در پہ جھکائی ہے

اس دن سے چراغؔ اپنی ہر بات بن آئی ہے

☆

www.ameer-e-millat.com www.ameeremillat.org bakhtiar2k@hotmail.com
www.maktabah.org www.ameeremillat.com www.marfat.com

1۔اے شاہِ اُمم محبوبِ خدا میری بگڑی بات بنا جانا

منجدھار میں نیا آن پھنسی موری نیا پار لگا جانا

2۔مدت سے طلب ہے دل کو پیا مورے دید کی دولت مل جائے

تڑپاؤ نہیں اب آجاؤ مورے نوری شکل دکھا جانا

3۔ہر وقت ہیں آہیں ہونٹوں پر ہر وقت ہیں آنسو آنکھوں میں

ہو جائے کرم کی ایک نظر مورے ہجر کی آگ بجھا جانا

4۔اے پیارے نبی ﷺ ہے عرض میری کھوٹی ہے یہ قسمت کردو کھری

مختار ہو کل عالم کے دھنی مورے سوئے نصیب جگا جانا

5۔جس دل میں چراغ ہو عشقِ نبی ﷺ وہ دل نہیں عرشِ معلیٰ ہے

ہر وقت نظارے ہوتے ہیں مشکل نہیں انکا آجانا

☆

www.charaghia.com https://archive.org/details/@bakhtiar_hussain scribd: bakthiar2k
http://vimeo.com/user13885879/video www.haqwalisarkar.com Youtbue bakhtiar2k

www.ameer-e-millat.com www.ameeremillat.org bakhtiar2k@hotmail.com
www.maktabah.org www.ameeremillat.com www.marfat.com

نعت شریف

جلوہ نورِ محمد ﷺ

1۔ یہ جلوہ نورِ محمد ﷺ ہے آفتاب نہیں

خدا کے بعد کوئی ایسا انتخاب نہیں

2۔ بنا کے نور سے اپنے خدا نے احمد ﷺ کو

کہا حبیب ﷺ کا میرے کوئی جواب نہیں

3۔ جو کملی والے کی الفت کا جام پیتے ہیں

اتر جو جائے نشہ یہ وہ شراب نہیں

4۔ جسے بھی پیرِ طریقت کی مل گئی صحبت

پھر اس کے سامنے رہتا کوئی حجاب نہیں

5۔ کتابیں آئیں بہت اور اب بھی بے شمار چراغ

مگر قرآن سے بہتر کوئی کتاب نہیں

☆

www.charaghia.com https://archive.org/details/@bakhtiar_hussain scribd: bakthiar2k
http://vimeo.com/user13885879/video www.haqwalisarkar.com Youtbue bakhtiar2k

نعت شریف

الفتِ محمد ﷺ

1۔محمد ﷺ کی جس دل میں الفت نہیں ہے

وہ ہر گز وہ ہرگز مسلماں نہیں ہے

2۔ محبت کا دعویٰ کریں نکتہ چینی

یہ دھوکا ہے دھوکا محبت نہیں ہے

3۔وہ کیا خاک جانے گا شانِ محمد ﷺ

جو اپنی حقیقت کو سمجھا نہیں ہے

4۔کرے عیب جوئی جو پیارے کی اپنے

وہ عاشق تو کیا وہ تو کچھ بھی نہیں ہے

5۔جسے عشقِ احمد ﷺ کی دولت ملی ہے

اسے روزِ محشر کی پروا نہیں ہے

6۔ہمیں جو ملا ہے اور جو مل رہا ہے

بتاؤ یہ کیا انکا صدقہ نہیں ہے

www.ameer-e-millat.com www.ameeremillat.org bakhtiar2k@hotmail.com
www.maktabah.org www.ameeremillat.com www.marfat.com

7۔جو مخمور رہتا ہے عشقِ نبی ﷺ میں

وہ دیوانہ ہے پر سودائی نہیں ہے

8۔کبھی اس کو منزل ہوگی نہ حاصل

جو پیرِ طریقت تک پہنچا نہیں ہے

9۔غلاموں میں آقا میرا نام لکھ لو

میری اور کوئی تمنا نہیں ہے

10۔ہیں ساری بہاریں چراغ ان کے دم سے

وہ حاضر ہیں اس میں کوئی شک نہیں ہے

☆

www.charaghia.com https://archive.org/details/@bakhtiar_hussain scribd: bakthiar2k
http://vimeo.com/user13885879/video www.haqwalisarkar.com Youtbue bakhtiar2k

نعت شریف

عربی مہربان

1۔اے صبا یہ جا کے کہنا میرے عربی مہرباں سے
فرقت میں تیرے آقا کوئی جا رہا ہے جاں سے

2۔دل میں ہے یاد تیری لب پہ ہے نام تیرا
تیرا ذکر میرا ایماں مجھے پیارا اپنی جاں سے

3۔پروا نہیں جو چاہے کہتا رہے زمانہ
تیرے نام پر مٹا ہوں مجھے کیا غرض نشاں سے

4۔مومن نہ ہوگا ہرگز عابد ہو یا ہو زاہد
الفت نہ ہوگی جب تک سرکارِ دو جہاں سے

5۔رقت کا ایک عالم ہوتا تھا سب پہ طاری
پڑھتے تھے نعت حضرت حسانؓ جب زباں سے

6۔ہوتی تھی نغمہ ریزی جو بلالؓ کی زباں سے
آتی ہیں وہ صدائیں ہر روز اب اذاں سے

7۔ سحر بھلا ہو کیسے رب کی رضا یہی تھی
ہو گی اذاں نہ جب تک بلالؓ کی زباں سے

8۔ جو سوز و درد رب سے ملا تھا بلالؓ کو
وہ ادائیگی اذاں میں لاتا کوئی کہاں سے

9۔ ہو گا حساب میرا جب سامنے خدا کے
کہہ دوں گا عشقِ احمد ﷺ لایا ہوں میں جہاں سے

10۔ مجھے خاک میں ملا دو میری خاک بھی اڑا دو
آئے گی مرحبا کی آواز ہر نشاں سے

11۔ مانگو چراغ جو بھی مانگو گے جو ملے گا
خالی گیا نہ کوئی اس سنگِ آستاں سے

☆

وضاحت: ماسٹر خوشی محمد صاحبؒ خلیفہ اول قبلہ سید چراغ النبی شاہ گیلانیؒ جب نشتر ہسپتال میں بیمار تھے قبلہ ان کی تیمارداری کیلئے ملتان تشریف لے گئے تو وہ کہنیوں کے بل رینگ کر آئے اور قبلہ کا استقبال کیا کیونکہ کمزوری کی وجہ سے چل نہیں سکتے تھے انہوں نے یہ نعت سننے کی خواہش کا اظہار کیا اور قبلہ نے انہیں یہ نعت شریف سنائی۔

www.ameer-e-millat.com www.ameeremillat.org bakhtiar2k@hotmail.com
www.maktabah.org www.ameeremillat.com www.marfat.com

1۔جس نے نبی ﷺ کی یاد کو دل میں بسا لیا

حقیقت میں اس نے اپنا مقدر جگا لیا

2۔دونوں جہاں کی نعمتیں حاصل ہوئیں اسے

جس نے رسولِ پاک ﷺ کی شفقت کو پالیا

3۔ذکرِ نبی ﷺ میں جس کی بھی گزری ہے زندگی

بخشش نے رب کی اس کو گلے سے لگا لیا

4۔گھبرا رہا تھا اپنے گناہوں سے حشر میں

دامن میں کملی والے نے اپنے چھپا لیا

5۔چھوٹا کبھی نہ چھوٹے گا دامانِ مصطفیٰ

گو لاکھ بار تو نے فلک آزما لیا

6۔سب رنج و غم ہوں دور سکونِ قلب ملے

جس نے مدینے والے کی نسبت کو پالیا

www.charaghia.com https://archive.org/details/@bakhtiar_hussain scribd: bakthiar2k
http://vimeo.com/user13885879/video www.haqwalisarkar.com Youtbue bakhtiar2k

www.ameer-e-millat.com www.ameeremillat.org bakhtiar2k@hotmail.com
www.maktabah.org www.ameeremillat.com www.marfat.com

7۔ کشتی پھنسی ہوئی تھی بھنور سے نکل گئی
رب کے حبیبِ پاک ﷺ کا جب آسرا لیا

8۔ ابھرتے تھے زخم جب بھی میرے ان کے فراق میں
ہم نے خیالِ یار کا مرہم لگا لیا

9۔ ہوتا وہی قریب ہے اللہ کے اے چراغ
جس نے چراغِ عشقِ محمد ﷺ جلا لیا

☆

www.charaghia.com https://archive.org/details/@bakhtiar_hussain scribd: bakthiar2k
http://vimeo.com/user13885879/video www.haqwalisarkar.com Youtbue bakhtiar2k

www.ameer-e-millat.com www.ameeremillat.org bakhtiar2k@hotmail.com
www.maktabah.org www.ameeremillat.com www.marfat.com

1۔تصور جب کیا دل میں تمہارا یا رسول اللہ ﷺ
خدا کا کر لیا ہم نے نظارہ یا رسول اللہ ﷺ

2۔خدا ہرگز نہیں ملتا کوئی کتنا بھی عابد ہو
نہیں آتا جسے ہونا تمہارا یا رسول اللہ ﷺ

3۔خدا بھی اور خدا والے بڑی الفت سے سنتے ہیں
جہاں پر ذکر ہوتا ہے تمہارا یا رسول اللہ ﷺ

4۔بروز حشر گر خورشید زمیں پر بھی اتر آئے
ہمیں کیا فکر سایہ ہے تمہارا یا رسول اللہ ﷺ

5۔وَرَفَعنَالکَ ذِکرکَ سے یہ ثابت کر دیا رب نے
میلادِ پاک کا پڑھنا تمہارا یا رسول اللہ ﷺ

www.charaghia.com https://archive.org/details/@bakhtiar_hussain scribd: bakthiar2k
http://vimeo.com/user13885879/video www.haqwalisarkar.com Youtbue bakhtiar2k

www.ameer-e-millat.com www.ameeremillat.org bakhtiar2k@hotmail.com
www.maktabah.org www.ameeremillat.com www.marfat.com

6۔خدا کے بحرِ رحمت کو بڑا ہی جوش آتا ہے
کسی دکھیا نے جب دل سے پکارا یارسول اللہ ﷺ

7۔خدا ہے حافظ و ناصر مگر محشر کے دن ہم کو
وہاں بھی آپ کا ہو گا سہارا یا رسول اللہ ﷺ

8۔ہے ارشادِ خداوندی کہ وہ بھی ذکر میرا ہے
جو کوئی ذکر کرتا ہے تمہارا یارسول اللہ ﷺ

9۔محبت میں چراغ انکے جو بن آیا وہ لکھ لایا
مجھے کب نعت لکھنے کا ہے یارا یا رسول اللہ ﷺ

www.charaghia.com https://archive.org/details/@bakhtiar_hussain scribd: bakthiar2k
http://vimeo.com/user13885879/video www.haqwalisarkar.com Youtbue bakhtiar2k

www.ameer-e-millat.com www.ameeremillat.org bakhtiar2k@hotmail.com
www.maktabah.org www.ameeremillat.com www.marfat.com

1۔ہم وادئ عشق میں چلتے رہے رکنے کا کہیں نہ نام لیا
دکھ درد بھی راہ میں آتے رہے پر صبر و شکر سے کام لیا

2۔یہ جامِ محبت پینے کو کبھی دار پہ چڑھنا پڑتا ہے
خبیبؓ نے چڑھ کر سولی پر الفت کا نبی کے جام پیا

3۔ان کے رتبے بڑھے درجات ملے جو آگے بڑھے کچھ اور ہوئے
جس نے بھی مدینے والے کا الفت سے دامن تھام لیا

4۔امت کے فکر میں دیکھا جو خالق نے کملی والے کو
فرما دیا رب نے بخشوں گا جس جس کا بھی تو نے نام لیا

5۔وہ کونسی مشکل ہے جو چراغ وہاں پر حل نہ ہوئی
ہر بگڑی بات بنی اس کی جس نے بھی نبی ﷺ کا نام لیا

☆

www.charaghia.com https://archive.org/details/@bakhtiar_hussain scribd: bakthiar2k
http://vimeo.com/user13885879/video www.haqwalisarkar.com Youtbue bakhtiar2k

1۔اے پیارے نبی ﷺ ہے عرض مری مجھے رنج والم نے گھیرا ہے
ہو جائے کرم کی ایک نظر عاصی کو سہارا تیرا ہے

2۔جس دل میں نبی کی الفت ہے وہ دل نہیں عرشِ معلیٰ ہے
ہر وقت نظارے ہوتے ہیں ہر وقت ہی یار کا پھیرا ہے

3۔ارشادِ خدا قل ان کنتم لازم ہے غلامی آقا کی
فرما دیا رب نے پیارے میرے جو تیرا ہے وہ میرا ہے

4۔اے مدثر وطٰہٰ محبوب مرے اے ماہِ جبیں مطلوب مرے
یہ سب کچھ بنایا تیرے لیے یہ سارا پسارا تیرا ہے

www.ameer-e-millat.com www.ameeremillat.org bakhtiar2k@hotmail.com
www.maktabah.org www.ameeremillat.com www.marfat.com

5۔یہ سینا نہیں یہ طور نہیں یہ عرشِ بریں ہے کیا نسبت
یہ جائے ادب ہے جائے ادب یہ رب کے حبیب کا ڈیرا ہے

6۔یہ رب نے کہا محبوب میرے تو اور نہیں میں اور نہیں
یہ میرا تیر ا کیا میرا یہ سب کچھ تیرا تیرا ہے

7۔اک چراغ ہی کیا ہے متوالا خود رب بھی فدا اور جگ سارا
گن گاتے ہیں آقا سب ہی تیرا ہر جا پہ چرچا تیرا ہے

مورخہ 16 اکتوبر 1998 کو وہاڑی عرس مبارک پڑھی گئی۔

www.charaghia.com https://archive.org/details/@bakhtiar_hussain scribd: bakthiar2k
http://vimeo.com/user13885879/video www.haqwalisarkar.com Youtbue bakhtiar2k

www.ameer-e-millat.com www.ameeremillat.org bakhtiar2k@hotmail.com
www.maktabah.org www.ameeremillat.com www.marfat.com

نعت شریف

مرحبا یارسول اللہ ﷺ

1۔ مرحبا مرحبا یا رسول اللہ ﷺ
دل پکارے میرا یا رسول اللہ ﷺ

2۔ ہمیں عشقِ نبی ﷺ کی جو نعمت ملی
یہ عطا و کرم یا رسول اللہ ﷺ

3۔ یہ ساری چمک یہ دمک آپ ﷺ کی
یہ مہک یہ لہک یا رسول اللہ ﷺ

4۔ تیرے دم سے ہی قائم ہے یہ کائنات
آپ ﷺ موصوف ہیں یا رسول اللہ ﷺ

5۔ سارے عالم پہ رحمت ہے جب آپ ﷺ کی
پھر کہیں کیوں نہ ہم یارسول اللہ ﷺ

6۔ آپ ﷺ پر جب نبوت ختم ہوگئی
آپ ﷺ موجود ہیں یا رسول اللہ ﷺ

مورخہ 20 نومبر 1998 کو پہلی دفعہ ساہیوال میں پڑھی گئی۔

www.charaghia.com https://archive.org/details/@bakhtiar_hussain scribd: bakthiar2k
http://vimeo.com/user13885879/video www.haqwalisarkar.com Youtbue bakhtiar2k

7۔رب نے سب کچھ بنایا ہے تیرے لیے
یہ سارے جہاں یا رسول اللہ ﷺ

8۔جو ملا اور ملتا ہے صدقہ تیرا
خود خدا بھی ملا یا رسول اللہ ﷺ

9۔کملی والے کی الفت بڑی چیز ہے
دل کے غنچے کھلیں یا رسول اللہ ﷺ

10۔ہمیں کلمے میں ہیں سے یہ ثابت ہوا
آپ ﷺ حیات النبی ﷺ یا رسول اللہ ﷺ

11۔کوئی کچھ بھی کہے ہمیں پروا نہیں
ہم کہیں گے یونہی یا رسول اللہ ﷺ

12۔وہ ہرگز نہ دوزخ میں جائے چراغ
جس کے وردِ زبان یا رسول اللہ ﷺ

کلمہ شریف کا ترجمہ: اللہ تعالی کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں
۔آپ ہمیشہ کیلئے ہیں یہی حیات النبی ﷺ کا ثبوت ہے۔اللہ تعالی سمجھ عطا فرمائے۔

☆

www.ameer-e-millat.com www.ameeremillat.org bakhtiar2k@hotmail.com
www.maktabah.org www.ameeremillat.com www.marfat.com

1۔جو بھی پیارے نبی ﷺ پر فدا ہو گیا

وہ خدا والا اس کا خدا ہو گیا

2۔روشنی اس کو مل جائے ایما ن کی

دل میں رب جس کے جلوہ نما ہو گیا

3۔دین و دنیا کی پھر اس کو پروا نہیں

جو غلامِ شہ دوسرا ہو گیا

4۔گرمئ حشر کا کیا ہے کھٹکا مجھے

کملی والے کا جب آسرا ہو گیا

www.charaghia.com https://archive.org/details/@bakhtiar_hussain scribd: bakthiar2k
http://vimeo.com/user13885879/video www.haqwalisarkar.com Youtbue bakhtiar2k

www.ameer-e-millat.com www.ameeremillat.org bakhtiar2k@hotmail.com
www.maktabah.org www.ameeremillat.com www.marfat.com

5۔دردِ دل میں میرے جب بھی پیدا ہوا

ذکر پیارے نبی ﷺ کا دوا ہوگیا

6۔ہے نیت میں تیرے خلل جب تلک

کیا بتاؤ کہ سجدہ ادا ہوگیا

7۔جس نے نامِ محمد ﷺ کی تعظیم کی

پھر خدا جانے کیا سے وہ کیا ہوگیا

8۔جس کو دو گھونٹ آقا نے بخشی چراغ

اس کے پینے سے وہ پارسا ہوگیا

☆

www.charaghia.com https://archive.org/details/@bakhtiar_hussain scribd: bakthiar2k
http://vimeo.com/user13885879/video www.haqwalisarkar.com Youtbue bakhtiar2k

www.ameer-e-millat.com www.ameeremillat.org bakhtiar2k@hotmail.com
www.maktabah.org www.ameeremillat.com www.marfat.com

نعت شریف

ارض و سما کی پیدائش

1۔ ہوئے ارض و سما پیدا شہِ ابرار کی خاطر
بنا سب کچھ میرے آقا میرے دلدار کی خاطر

2۔ یہ پوچھا میں نے پروانے سے کیوں شمع پہ مرتا ہے
کہا اس نے کہ او پگلے جمالِ یار کی خاطر

3۔ ڈسا جب سانپ نے صدیقؓ کو ہنس کر یہ فرمایا
یہ میری جان کیا سب کچھ ہے یارِ غار کی خاطر

4۔ نہیں ہے تاب فرقت کی گوارا یا رسول اللہ ﷺ
کرو چارہ میرے آقا دلِ بیمار کی خاطر

5۔ چراغِ ناتواں کو بھی جھلک اپنی دکھا جاؤ
کھلی رہتی ہیں آنکھیں ہر گھڑی دیدار کی خاطر

پہلے شعر میں حدیث پاک
لو لاک لما خلقت الا فلاک کا مضمون ادا ہوا ہے

☆

www.charaghia.com https://archive.org/details/@bakhtiar_hussain scribd: bakthiar2k
http://vimeo.com/user13885879/video www.haqwalisarkar.com Youtbue bakhtiar2k

www.ameer-e-millat.com www.ameeremillat.org bakhtiar2k@hotmail.com
www.maktabah.org www.ameeremillat.com www.marfat.com

1۔جاری ہے دو عالم میں میخانہ محمد ﷺ کا
پر ہے مئے وحدت سے پیمانہ محمد ﷺ کا

2۔ہے عشق نبی ﷺ جن کو پیتے ہیں محبت سے
نا سمجھ کیا سمجھے گا پیمانہ محمد ﷺ کا

3۔توحید کے جلوے ہیں پہچانِ محمد ﷺ میں
اللہ سے بھی واصل ہے دیوانہ محمد ﷺ کا

4۔اللہ کا کرم اس پر جس بندۂ خاکی کے
لکھا گیا سینے پر افسانہ محمد ﷺ کا

www.charaghia.com https://archive.org/details/@bakhtiar_hussain scribd: bakthiar2k
http://vimeo.com/user13885879/video www.haqwalisarkar.com Youtbue bakhtiar2k

www.ameer-e-millat.com www.ameeremillat.org bakhtiar2k@hotmail.com
www.maktabah.org www.ameeremillat.com www.marfat.com

5۔الفت کا مزہ تب ہے ہر شخص یہ کہتا ہو
وہ دیکھو وہ آتا ہے دیوانہ محمد ﷺ کا

6۔نہ خوفِ قیامت ہو نہ رنج و الم اس کو
ہو جاتا ہے جو دل سے پروانہ محمد ﷺ کا

7۔محشر میں چراغ اس کو کھٹکا نہیں پرسش کا
بن جائے خدا والا مستانہ محمد ﷺ کا

☆

www.charaghia.com https://archive.org/details/@bakhtiar_hussain scribd: bakthiar2k
http://vimeo.com/user13885879/video www.haqwalisarkar.com Youtbue bakhtiar2k

www.ameer-e-millat.com www.ameeremillat.org bakhtiar2k@hotmail.com
www.maktabah.org www.ameeremillat.com www.marfat.com

1۔تڑپتا ہے دل اور مچلتے ہیں ارماں
مجھے کملی والے کی یاد آرہی ہے

2۔تصور میں ہر وقت وہ جلوہ گر ہیں
نظر سبز گنبد سے ٹکرا رہی ہے

3۔خدا نے عطا کی انہیں شانِ عالی
جو آجائے در پہ وہ جائے نہ خالی

4۔وہ مختارِ کل ہیں دو عالم کے والی
یہاں سب کی بگڑی بنی جارہی ہے

5۔میں صدقے میں قرباں میرے پیرو مرشد
پلایا مجھے جامِ عشقِ محمد ﷺ

www.charaghia.com https://archive.org/details/@bakhtiar_hussain scribd: bakthiar2k
http://vimeo.com/user13885879/video www.haqwalisarkar.com Youtbue bakhtiar2k

www.ameer-e-millat.com www.ameeremillat.org bakhtiar2k@hotmail.com
www.maktabah.org www.ameeremillat.com www.marfat.com

6۔عجب کیف و مستی کا عالم ہے مجھ پر
میرے دل کی دنیا بسی جا رہی ہے

7۔محبت میں آقا کے ہستی مٹا کر
درود و سلاموں کے گجرے بنا کر

8۔عقیدت میں اپنی جبیں کو جھکا کر
مدینے کی جوگن چلی جا رہی ہے

9۔ہے ذکرِ نبی ﷺ جن کا شغلِ دوامی
انہیں شرفِ زیارت ہو اور ہم کلامی

10۔محمد ﷺ کی جس نے بھی کی ہے غلامی
چراغ اس کی بگڑی بنی جا رہی ہے

www.charaghia.com https://archive.org/details/@bakhtiar_hussain scribd: bakthiar2k
http://vimeo.com/user13885879/video www.haqwalisarkar.com Youtbue bakhtiar2k

www.ameer-e-millat.com www.ameeremillat.org bakhtiar2k@hotmail.com
www.maktabah.org www.ameeremillat.com www.marfat.com

1۔جہاں پر ذکر کی محفل شہِ ابرار ہوتی ہے
نچھاور اس جگہ پر رحمتِ غفار ہوتی ہے

2۔فرشتے بھی محبت سے یہ کہتے ہیں چلے آؤ
کسی عاشق کے ہاں جب محفلِ سرکار ہوتی ہے

3۔گنہگارو نہ گھبراؤ چلے آؤ یہاں آؤ
گناہوں کے بھنور سے آج کشتی پار ہوتی ہو

4۔عقیدت سے محبت سے جو اس مجلس میں آتے ہیں
انہیں حاصل یہاں پر دولتِ دیدار ہوتی ہے

5۔جہاں میں محفلیں تو بہت ہوتی ہیں چراغ اکثر
نہ ذکرِ یار ہو جس بزم میں بیکار ہوتی ہے

بخاری شریف کی حدیث ہے۔جس جگہ پر محفل ذکر ہوتی ہے فرشتے اللہ تعالیٰ کی خدمت میں ان محفل کے شرکاء کا ذکر کرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ انہیں بخش دیتا ہے۔

www.charaghia.com https://archive.org/details/@bakhtiar_hussain scribd: bakthiar2k
http://vimeo.com/user13885879/video www.haqwalisarkar.com Youtbue bakhtiar2k

www.ameer-e-millat.com www.ameeremillat.org bakhtiar2k@hotmail.com
www.maktabah.org www.ameeremillat.com www.marfat.com

نعت شریف

ذکرِ نبی ﷺ

1۔ ہر گھڑی ذکر تیرا ہے وردِ زباں سیدی یا نبی ﷺ سیدی یا نبی ﷺ
ہے یہی اصل روح کی غذا مومنو سیدی یا نبی ﷺ سیدی یا نبی ﷺ

2۔ ہو گیا دہر میں جب ظہور آپ ﷺ کا سارے عالم میں چمکا ہے نور آپ ﷺ کا
ہوئے کونین روشن چمک آ گئی سیدی یا نبی ﷺ سیدی یا نبی ﷺ

3۔ انبیاء اولیاء سب کریں تذکرہ حور و غلماں بھی دن رات نغمہ سرا
خود خدا بھی کہے مرحبا مرحبا سیدی یا نبی ﷺ سیدی یا نبی ﷺ

4۔ یہ زمین و زماں اور یہ آسماں آپ ﷺ کے ہی لیے ہیں یہ سارے جہاں
آپ ﷺ رشکِ قمر آپ ﷺ حسنِ زماں سیدی یا نبی ﷺ سیدی یا نبی ﷺ

www.charaghia.com https://archive.org/details/@bakhtiar_hussain scribd: bakthiar2k
http://vimeo.com/user13885879/video www.haqwalisarkar.com Youtbue bakhtiar2k

5۔لامکاں کے مکیں مہ جبیں گل بدن تاجِ شاہانِ عالم ہیں زیرِ قدم
سارے نبیوں سے اونچا مقام آپ ﷺ کا سیدی یا نبی ﷺ سیدی یا نبی ﷺ

6۔اے ماہِ مبین سید المرسلین اے شاہ امم ﷺ للّٰلہ کر دو کرم
آپ ﷺ مشکل کشا دردِ دل کی دوا سیدی یا نبی ﷺ سیدی یا نبی ﷺ

7۔ہے یہ ارماں مدینے کو جاؤں کبھی یہ جبیں ان کے در پہ جھکاؤں کبھی
تشنگی اپنے دل کی بجھاؤں کبھی سیدی یا نبی ﷺ سیدی یا نبی ﷺ

8۔اے رسولِ ﷺ خدا سن لو میری صدا ایک میں بھی تیرے در کا ادنیٰ گدا
نفس و شیطاں کے پھندے سے مجھ کو بچا سیدی یا نبی ﷺ سیدی یا نبی ﷺ

9۔عمر ساری گناہوں میں گزری یونہی کوئی پلے میں میرے اچھائی نہیں
ہے گناہوں سے اپنے پشیماں چراغ سیدی یا نبی ﷺ سیدی یا نبی ﷺ

نعت شریف

آقا دا دربار ﷺ

1۔کدی میں وی آقا ﷺ دا دربار ویکھاں
حبیب ﷺ خدا کل دا مختار ویکھاں

2۔ہیں واللیل زلفاں تے نورانی مکھڑا
میں اس عربی ماہی دے رخسار ویکھاں

3۔جتھے ٹردے پھردے سی پیارے محمد ﷺ
اوہ بستی اوہ گلیاں تے بازار ویکھاں

4۔ایہہ ملیا حسن رب توں میرے نبی ﷺ نوں
نہ رجے جیا بھانویں سووار ویکھاں

www.ameer-e-millat.com www.ameeremillat.org bakhtiar2k@hotmail.com
www.maktabah.org www.ameeremillat.com www.marfat.com

5۔ہو جاون میرے دور دکھ درد سارے
جے اکھیاں توں اپنا میں غم خوار ویکھاں

6۔جو عالمِ روٗیا وچ ہویا سی نظارہ
اوہ منظر میں پھر ربا اک وار ویکھاں

7۔چراغِ حزیں رو رو منگدا دعاواں
اوہ اکھیاں دے ربا مدنی دلدار ویکھاں

☆

www.charaghia.com https://archive.org/details/@bakhtiar_hussain scribd: bakthiar2k
http://vimeo.com/user13885879/video www.haqwalisarkar.com Youtbue bakhtiar2k

www.ameer-e-millat.com www.ameeremillat.org bakhtiar2k@hotmail.com
www.maktabah.org www.ameeremillat.com www.marfat.com

نعت شریف

جامِ معرفت

1۔ بھر بھر کے جام ساقیا آج مجھے پلائے جا
بے خود مجھے بنائے جا مست مجھے بنائے جا

2۔ مدت سے ہوں میں منتظر تیری نگاہِ ناز کا
صدقہ ہو تیرے حسن کا پردہ ذرا اٹھائے جا

3۔ دل کی ہے میرے آرزو دیکھوں جدھر کو تو ہی تو
جلوہ ہو تیرا سامنے نظروں میں یوں سمائے جا

4۔ دونوں جہاں میں ہے مجھے تیرے کرم کا آسرا
بندہ نواز ہو مرے بگڑی مری بنائے جا

5۔ پلے میں میرے ایک بھی نیک عمل کوئی نہیں
اچھا نہیں برا ہوں میں جیسا بھی ہوں نبھائے جا

6۔ خالقِ کُل نے آپ ﷺ کو مالکِ کُل بنا دیا
رحمتِ کائنات ہو دستِ کرم بڑھائے جا

7۔ مانا کہ پرخطر ہیں یہ عشق کی راہیں اے چراغؔ
ہمت نہ ہار اے دلا آگے قدم بڑھائے جا

☆

www.charaghia.com https://archive.org/details/@bakhtiar_hussain scribd: bakthiar2k
http://vimeo.com/user13885879/video www.haqwalisarkar.com Youtbue bakhtiar2k

www.ameer-e-millat.com www.ameeremillat.org bakhtiar2k@hotmail.com
www.maktabah.org www.ameeremillat.com www.marfat.com

1۔ لَا اِلٰہ کا سبق پڑھایا میرے کملی والے نے

بھٹکے ہوؤں کو راہ دکھایا میرے کملی والے نے

2۔ شرک و کفر میں ڈوبے ہوئے تھے نفس کے بندے بنے ہوئے تھے

دل میں رب کا پیار بسایا میرے کملی والے نے

3۔ دن رات شراب تھی جن کی گھٹی ہوئی نفرت توڑ دی بھٹی

ایسا جامِ توحید پلایا میرے کملی والے نے

4۔ ہمارا نبی مختارِ جہاں ہے ان کے لیے یہ سب کچھ بنا ہے

لَوْ لَاکَ لَمَا پیغام سنایا میرے کملی والے نے

www.charaghia.com https://archive.org/details/@bakhtiar_hussain scribd: bakthiar2k
http://vimeo.com/user13885879/video www.haqwalisarkar.com Youtbue bakhtiar2k

www.ameer-e-millat.com www.ameeremillat.org bakhtiar2k@hotmail.com
www.maktabah.org www.ameeremillat.com www.marfat.com

5۔جس سمت سے آپ گزرتے جائیں بے جان کو جانبر کرتے جائیں
پتھروں کو بھی کلمہ پڑھایا میرے کملی والے نے

6۔درِ نبی ﷺ پر جو بھی آیا جو مانگا وہ سب کچھ پایا
خالی نہ ہرگز اسے لوٹایا میرے کملی والے نے

7۔حب نبی ﷺ میں سب کچھ پایا سکون ملا اور رب کو پایا
چراغؔ پہ اپنا کرم فرمایا میرے کملی والے نے

☆

www.charaghia.com https://archive.org/details/@bakhtiar_hussain scribd: bakthiar2k
http://vimeo.com/user13885879/video www.haqwalisarkar.com Youtbue bakhtiar2k

www.ameer-e-millat.com www.ameeremillat.org bakhtiar2k@hotmail.com
www.maktabah.org www.ameeremillat.com www.marfat.com

نعت شریف

آدابِ نعت

1۔نعت سنتا ہوں یا سناتا ہوں
خود کو میں آپ بھول جاتا ہوں

2۔یہ بناوٹ نہیں حقیقت ہے
جوشِ اُلفت میں جھوم جاتا ہوں

3۔نام سنتے ہی کملی والے کا
دل کو قابو سے باہر پاتا ہوں

4۔جب سے پیارے نبی ﷺ کا پیار ملا
بڑا لطف و سرور پاتا ہوں

5۔یہ عنایت ہے میرے مرشد کی
اک انوکھی بہار پاتا ہوں

www.charaghia.com https://archive.org/details/@bakhtiar_hussain scribd: bakthiar2k
http://vimeo.com/user13885879/video www.haqwalisarkar.com Youtbue bakhtiar2k

6۔دردِ الفت میں کیا ہی لذت ہے
دل میں میٹھا سا درد پاتا ہوں

7۔اے خدا یہ درد اور بڑھے
تیرے آگے میں گڑ گڑاتا ہوں

8۔عشق کو عشق جب سے سمجھا ہے
میں تو وہ وہ کمال پاتا ہوں

9۔ہر گھڑی یاد ان کی رہتی ہے
اپنے خیالوں میں ان کو پاتا ہو ں

10۔ان کی چاہت کا میں جلا کے چراغ
جشن محبوب کا مناتا ہوں

☆

www.ameer-e-millat.com www.ameeremillat.org bakhtiar2k@hotmail.com
www.maktabah.org www.ameeremillat.com www.marfat.com

نعت شریف

رحمتِ باری

1۔جب رحمتِ باری کا چھینٹا کوئی یہاں گرا کوئی وہاں گرا
وحدت کے جلوۂ کثرت سے کوئی یہاں گرا کوئی وہاں گرا

2۔ساقی کو دیکھ کے دیوانہ کوئی یہاں گرا کوئی وہاں گرا
ہاتھوں سے چھوٹ کے پیانہ کوئی یہاں گرا کوئی وہاں گرا

3۔بن پیئے ایسی مستی تھی دل جُھوم جُھوم یہ کہتا تھا
قُلقُل کی صدا سے مستانہ کوئی یہاں گرا کوئی وہاں گرا

www.charaghia.com https://archive.org/details/@bakhtiar_hussain scribd: bakthiar2k
http://vimeo.com/user13885879/video www.haqwalisarkar.com Youtbue bakhtiar2k

www.ameer-e-millat.com www.ameeremillat.org bakhtiar2k@hotmail.com
www.maktabah.org www.ameeremillat.com www.marfat.com

4۔ جب بادۂ شوق کی موج میں دل سے دوئی کا پردہ دور ہوا

مخمور نگاہِ جاناں سے کوئی یہاں گرا کوئی وہاں گرا

5۔ غاروں سے نکل کر شمعِ ہدیٰ محفل میں جلوہ ریز ہوئی

پھر پروانے پہ پروانہ کوئی یہاں گرا کوئی وہاں گرا

6۔ جب میرے نبی ﷺ نے چراغ جویں رخسار سے گیسو سر کایا

اک وجد میں آیا میخانہ کوئی یہاں گرا کوئی وہاں گرا

☆

www.charaghia.com https://archive.org/details/@bakhtiar_hussain scribd: bakthiar2k
http://vimeo.com/user13885879/video www.haqwalisarkar.com Youtbue bakhtiar2k

www.ameer-e-millat.com www.ameeremillat.org bakhtiar2k@hotmail.com
www.maktabah.org www.ameeremillat.com www.marfat.com

جلوۂ جاناں

مارچ 1997ء میں لکھی گئی

1۔آج دِکھلا کے جھلک جلوۂ جاناں تو نے
کر دیا میرا منور دلِ ویراں تو نے

2۔جام اُلفت کا مجھے ایسا پلایا تو نے
کر دیا زندہ دلِ مردہ کو جاناں تو نے

3۔کیوں نہ تیرا اے غم خوار یہ احساں سمجھوں
پل میں مشکل کو میرے کر دیا آساں تو نے

4۔کر دیا دل کو میرے ذکرِ خدا سے آباد
دل میں آ کر مرے صورتِ جاناں تو نے

www.charaghia.com https://archive.org/details/@bakhtiar_hussain scribd: bakthiar2k
http://vimeo.com/user13885879/video www.haqwalisarkar.com Youtbue bakhtiar2k

www.ameer-e-millat.com www.ameeremillat.org bakhtiar2k@hotmail.com
www.maktabah.org www.ameeremillat.com www.marfat.com

5۔مجھ گنہگار کو انسان بنا کر تو نے
زندگی بھر کے میرے کر دیئے ساماں تو نے

6۔آج محفل کا تیرے رنگ نرالا دیکھا
دنگ ہے عقل میری کر دیا خیراں تو نے

7۔رہ کے پہلو میں میرے کرتا رہا غیر کو یاد
پاس کچھ بھی نہ رکھا چراغ کا ناداں تو

☆

www.charaghia.com https://archive.org/details/@bakhtiar_hussain scribd: bakthiar2k
http://vimeo.com/user13885879/video www.haqwalisarkar.com Youtbue bakhtiar2k

www.ameer-e-millat.com www.ameeremillat.org bakhtiar2k@hotmail.com
www.maktabah.org www.ameeremillat.com www.marfat.com

نعت شریف

نبی اکرم ﷺ کی شان و شوکت

1۔کرے گا کیا بیاں کوئی نبی کی شان و شوکت کی
بڑائی خود خدا نے کی ہے جس کی شان و شوکت کی

2- ورفعنا لك ذكرك سے یہ ثابت کردیا رب نے
نہ کوئی حد ہے رتبے کی نہ کوئی حد فضیلت کی

3۔ اشاروں پر یہ عالم ان کے سارا رقص کرتا ہے
پتہ چلتا ہے ہاتھوں میں ہے قدرت دستِ قدرت کی

4۔رہے پیش نظر مولا شبیہِ پاک حضرت کی
بلائیں رات دن لیتا رہوں اس نوری صورت کی

www.charaghia.com https://archive.org/details/@bakhtiar_hussain scribd: bakthiar2k
http://vimeo.com/user13885879/video www.haqwalisarkar.com Youtbue bakhtiar2k

www.ameer-e-millat.com www.ameeremillat.org bakhtiar2k@hotmail.com
www.maktabah.org www.ameeremillat.com www.marfat.com

5۔طلب دیدار کی مدت سے ہے دل میں میرے آقا
نظر ہو جائے مجھ پر بھی میرے آقا عنایت کی

6۔نہ پوچھو حالِ دل میرا طبیبو چپ ہی رہنے دو
بتاؤ کیا بتاؤ گے دوا تم دردِ الفت کی

7۔ہمیں اقرار ہے بیشک محبت کی محبت کی
مگر تم کچھ نہ سمجھو گے یہ باتیں ہیں طریقت کی

8۔محبت اب کہاں دنیا میں بس اک نام باقی ہے
فسانہ ہے محبت کا کہانی ہے محبت کی

9۔کسی کو ہے بھروسہ اپنے سجدوں پر ریاضت پر
ہمیں بھی عاصیوں کو آس ہے ان کی شفاعت کی

www.charaghia.com https://archive.org/details/@bakhtiar_hussain scribd: bakthiar2k
http://vimeo.com/user13885879/video www.haqwalisarkar.com Youtbue bakhtiar2k

www.ameer-e-millat.com www.ameeremillat.org bakhtiar2k@hotmail.com
www.maktabah.org www.ameeremillat.com www.marfat.com

10۔غلامانِ محمد ﷺ ہیں ہمیں کیا فکر محشر کا
تمہیں ہے فکر تم جانو قیامت میں قیامت کی

11۔وہ آتے ہیں وہ سنتے ہیں جو ان کو یاد کرتے ہیں
مگر یہ شرط لازم ہے عقیدت کی محبت کی

12۔ذرا دیکھو چراغ اس بزم میں کیا کیا بہاریں ہیں
خدا شاہد یہاں ہے کار فرما روح حضرت کی

لایمکن الثنا کما کان حقہ بعد از خدا بزرگ توئی قصہ مختصر

☆

www.charaghia.com https://archive.org/details/@bakhtiar_hussain scribd: bakthiar2k
http://vimeo.com/user13885879/video www.haqwalisarkar.com Youtbue bakhtiar2k

www.ameer-e-millat.com www.ameeremillat.org bakhtiar2k@hotmail.com
www.maktabah.org www.ameeremillat.com www.marfat.com

1۔یہ دردِ محبت کہاں تک پہنچا
اتر کر مرے دل میں جاں تک پہنچا

2۔میں قربان جاؤں میں ان کے تصدق
کرم سے میں ان کے کہاں تک پہنچا

3۔جبریلِ امیں بھی وہاں تک نہ پہنچے
میرا کملی والا جہاں تک پہنچا

4۔حبیب خدا کا مقام اللہ اللہ
اٹھا جو قدم لا مکاں تک پہنچا

www.charaghia.com https://archive.org/details/@bakhtiar_hussain scribd: bakthiar2k
http://vimeo.com/user13885879/video www.haqwalisarkar.com Youtbue bakhtiar2k

www.ameer-e-millat.com www.ameeremillat.org bakhtiar2k@hotmail.com
www.maktabah.org www.ameeremillat.com www.marfat.com

5۔ ہوا وجد طاری ملی ایسی لذت
جب اِسمِ محمد ﷺ زباں تک پہنچا

6۔ محمد ﷺ کی الفت ہے قربِ الٰہی
جو نسبت کو سمجھا وہ عرفاں تک پہنچا

7۔ چراغِ حزیں پر بھی نظرِ کرم ہو
بڑی مشکلوں سے یہاں تک پہنچا

شعر 3۔ شبِ معراج کی طرف اشارہ ہے جب جبریل سدرۃ المنتہٰی پر رک گئے اور حضور قاب قوسین اوادنیٰ پر جلوہ فگن ہوئے۔

☆

www.charaghia.com https://archive.org/details/@bakhtiar_hussain scribd: bakthiar2k
http://vimeo.com/user13885879/video www.haqwalisarkar.com Youtbue bakhtiar2k

www.ameer-e-millat.com www.ameeremillat.org bakhtiar2k@hotmail.com
www.maktabah.org www.ameeremillat.com www.marfat.com

درِ رسول ﷺ

1۔جاؤں کہاں میں در سے تیرے سوا محمد ﷺ
تجھ بن سناؤں کس کو غم کی صدا محمد ﷺ

2۔آیا ہوں آس کر کے دربار میں تمہارے
بگڑی میری بنا دو بہرِ خدا محمد ﷺ

3۔خالی ہے جھولی میری بھر دو اسے کرم سے
تم سا سخی نہ کوئی دیکھا سنا محمد ﷺ

4۔میری ہے التجا یہ تم سے مدینے والے
جلوہ دکھا دو اپنا وہ دل ربا محمد ﷺ

5۔دل سے تمنا ہر دم تیرے چراغ کی ہے
غم سے جہازِ مسلم ہو پار یا محمد ﷺ

یہ قبلہ کی پہلی نعت شریف ہے جو 1950 میں ماہنامہ انوار الصوفیہ علی پور سیداں میں چھپی ۔آپ ان دنوں وہاڑی میں قیام پذیر تھے۔

www.charaghia.com https://archive.org/details/@bakhtiar_hussain scribd: bakthiar2k
http://vimeo.com/user13885879/video www.haqwalisarkar.com Youtbue bakhtiar2k

www.ameer-e-millat.com www.ameeremillat.org bakhtiar2k@hotmail.com
www.maktabah.org www.ameeremillat.com www.marfat.com

نعت شریف

ثنائے مصطفیٰ ﷺ

1۔ثنائے مصطفیٰ ﷺ میں میں زباں کھولوں تو کیا بولوں
رہوں ذکرِ نبی میں رات دن صَلِّ علیٰ بولوں

2۔رہے وردِ زباں کلمہ تمہارا یا رسول اللہ ﷺ
یہ خواہش ہے کہ جو بولوں تیری مدح و ثنا بولوں

3۔خدا نے نور سے اپنے بنایا نورِ احمد ﷺ کو
بتاؤ پھر بشر بولوں یا نورِ کبریا بولوں

4۔احد میں اور احمد ﷺ میں فقط اک میم کا پردہ
خدا سے پھر محمد ﷺ کو بھلا کیسے جدا بولوں

www.charaghia.com https://archive.org/details/@bakhtiar_hussain scribd: bakthiar2k
http://vimeo.com/user13885879/video www.haqwalisarkar.com Youtbue bakhtiar2k

www.ameer-e-millat.com www.ameeremillat.org bakhtiar2k@hotmail.com
www.maktabah.org www.ameeremillat.com www.marfat.com

5۔اگر عشقِ محمد ﷺ میں میری یہ جاں نکل جائے
تو دل سے آفریں بولوں زباں سے مرحبا بولوں

6۔میرا ایمان ہے جب بھی پکار ا کملی والے کو
وہ آتے ہیں وہ سنتے ہیں زباں سے جو ندا بولوں

7۔محمد ﷺ ہیں قریب مومن کے انکی جان سے زیادہ
یقیں جس کو نہ قرآں پر چراغ اس کو میں کیا بولوں

النبی اولیٰ بالمومنین من انفسھم ترجمہ نبی ﷺ مومنوں کے ان کی جان سے زیادہ قریب ہیں۔

☆

www.charaghia.com https://archive.org/details/@bakhtiar_hussain scribd: bakthiar2k
http://vimeo.com/user13885879/video www.haqwalisarkar.com Youtbue bakhtiar2k

1۔کیا مدح کوئی کرسکتا ہے انسان مدینے والے کی
تعریف خدا خود کرتا ہے ہر آن مدینے والے کی

2۔انوار کی رخ پہ تابانی جلووں سے مزین پیشانی
وہ نورِ مجسم رحمانی کیا شان مدینے والے کی

3۔دن رات فرشتوں کا جھرمٹ رہتا ہے مزارِ اقدس پر
آتے ہیں زیارت کی خاطر غلمان مدینے والے کی

4۔وہ خالقِ کُل یہ مالکِ کُل ہر چیز ہے ان کے قبضہ میں
ہے شاہی دونوں عالم میں سلطان مدینے والے کی

www.ameer-e-millat.com www.ameeremillat.org bakhtiar2k@hotmail.com
www.maktabah.org www.ameeremillat.com www.marfat.com

5۔ کیا حور و ملک کیا جن و بشر ہیں عشق نبی میں دیوانے
یہ شجر و حجر بھی رکھتے ہیں پہچان مدینے والے کی

6۔ ہے رونق عالم ان کے لیے عقبیٰ بھی سجی ہے ان کے لیے
ہر چیز بنی ہے ان کے لیے واہ شان مدینے والے کی

7۔ یہ دولت دنیا چیز ہے کیا قربان ہے سب کچھ آقا پر
میں خود صدقے میرا دل صدقے میری جان مدینے والے کی

8- کیا صفت چراغ کرے کوئی ہر صفت سے بالا تر ہیں نبی ﷺ
توصیف میں حق نے بھیجا ہے قرآن مدینے والے کی

ستر ہزار صبح ہیں ستر ہزار شام
یوں بندگی زلف و رخ آٹھوں پہر کی ہے

1۔ حدائق بخشش حصہ اول از اعلیٰ بریلویؒ

☆

www.charaghia.com https://archive.org/details/@bakhtiar_hussain scribd: bakthiar2k
http://vimeo.com/user13885879/video www.haqwalisarkar.com Youtbue bakhtiar2k

www.ameer-e-millat.com www.ameeremillat.org bakhtiar2k@hotmail.com
www.maktabah.org www.ameeremillat.com www.marfat.com

نعت شریف

جلوہ یار

1۔دل کے آئینے میں دیکھا جب سے جلوہ یار کا
سامنے رہتا ہے ہر دم نقشہ پُرانوار کا

2۔آپ کے ہی دم سے قائم ہے یہ بزمِ کائنات
سارے عالم میں ظہورہ ہے میری سرکار کا

3۔ذکر سے اُن کے بڑی لذت ملے دل کوسکوں
ہر گھڑی مجھ پر کرم ہے میرے مدنی یار کا

4۔چاند سورج ہوئے روشن اور ساری کائنات
یہ چمک یہ نور سارا احمدِ مختار کا

www.charaghia.com https://archive.org/details/@bakhtiar_hussain scribd: bakthiar2k
http://vimeo.com/user13885879/video www.haqwalisarkar.com Youtbue bakhtiar2k

www.ameer-e-millat.com www.ameeremillat.org bakhtiar2k@hotmail.com
www.maktabah.org www.ameeremillat.com www.marfat.com

5۔لاکھ ہی زہد و ریاضت بندگی کرتے رہو
ایمان کامل ہوگا تب خادم بنے سرکار کا

6۔ہے زباں پر ذکر ان کا آنکھ ہے محوِ جمال
رات دن رہتا ہے جلوہ سامنے دلدار کا

7۔یار کا گھر دور کیا ہے ہو اگر پروازِ شوق
آنکھ جھپکتے ہی نظر آئے گا جلوہ یار کا

8۔کیوں کہوں دنیا میں میرا آسرا کوئی نہیں
ہے فخر اور ناز مجھ کو رب کے دلبر یار کا

9۔جس پہ پڑ جائے نظر میرے نبی ﷺ کی اے چراغ
دور ہو سب رنج و غم دکھ درد اس بیمار کا

1۔واذ نظرت فما اریٰ الا کا۔امام اعظمؒ

www.charaghia.com https://archive.org/details/@bakhtiar_hussain scribd: bakthiar2k
http://vimeo.com/user13885879/video www.haqwalisarkar.com Youtbue bakhtiar2k

1۔ہم ان کی یاد میں محفل لگائے بیٹھے ہیں

تصور ان کا ہی دل میں جمائے بیٹھے ہیں

2۔یقین ہے کہ وہ آئیں گے آج محفل میں

ہم ان کی راہ میں آنکھیں بچھائے بیٹھے ہیں

3۔ان کی فرقت میں کبھی اشک جو بہہ جاتے ہیں

کملی والے انہیں دامن میں لیے بیٹھے ہیں

4۔وہ خدا والے بنے اور لاخوف ہوئے

دل میں آقا کی محبت جو لیے بیٹھے ہیں

www.ameer-e-millat.com www.ameeremillat.org bakhtiar2k@hotmail.com
www.maktabah.org www.ameeremillat.com www.marfat.com

5۔ درِ نبی ﷺ سے وہ ہرگز نہیں اٹھنے والے

سر کا سرکار سے سودا جو کیے بیٹھے ہیں

6۔ جس طرح چاہیں رکھیں آپ کی مرضی آقا

ہم تو نذرانۂ دل پیش کیے بیٹھے ہیں

7۔ جان بھی جائے اگر عشقِ محمد ﷺ میں چراغ

ہم نثار آپ ﷺ کے قدموں میں کیے بیٹھے ہیں

www.charaghia.com https://archive.org/details/@bakhtiar_hussain scribd: bakthiar2k
http://vimeo.com/user13885879/video www.haqwalisarkar.com Youtbue bakhtiar2k

www.ameer-e-millat.com www.ameeremillat.org bakhtiar2k@hotmail.com
www.maktabah.org www.ameeremillat.com www.marfat.com

دیدارِ محبوب

1۔جب سے دیکھا ان کا جلوہ کچھ نہ مجھ کو ہوش ہے
کس غضب کی کیف و مستی کس غضب کا جوش ہے

2۔دیکھ کر ان کے جمالِ حسن کی نیرنگیاں
کچھ بتا سکتا نہیں میری زباں خاموش ہے

3۔ہے میرے محبوب کی نظروں میں یارو وہ اثر
جس پہ پڑ جائے وہی محوِ سراپا گوش ہے

4۔چھا رہی ہے رحمتوں کی آج کچھ ایسی گھٹا
بے حساب اس یار کے ابرِ کرم کا جوش ہے

5۔اب نہیں حاجت مجھے کچھ جام و مینا کی چراغ
بن پیئے سرشار ہوں اور یار کی آغوش ہے

☆

www.charaghia.com https://archive.org/details/@bakhtiar_hussain scribd: bakthiar2k
http://vimeo.com/user13885879/video www.haqwalisarkar.com Youtbue bakhtiar2k

www.ameer-e-millat.com www.ameeremillat.org bakhtiar2k@hotmail.com
www.maktabah.org www.ameeremillat.com www.marfat.com

میخانہ محمدی صلی اللہ علیہ وسلم

1۔اک سندر مکھڑے والا گیانی رات ملا تھا یاروں میں
تھے بال سنہری چمکیلے بیٹھا تھا وہ دلداروں میں

2۔تھی صورت اس کی نورانی ،تھیں مدبھری اکھین مستانی
میں ہوگئی دیکھ کے دیوانی ،گم ہوگئی اُن نظاروں میں

3۔آج موج میں دیکھا ساقی کو جو جام پہ جام پلاتا تھا
وہ رنگ چڑھا تھا محفل کو ،دیکھا نہ کہیں درباروں میں

4۔دونوں جہاں کا تاج تھا سر پر کاندھوں پہ کملی کالی دھرے
توحید کا درس پڑھانے کو آیا تھا ہم ناداروں میں

www.charaghia.com https://archive.org/details/@bakhtiar_hussain scribd: bakthiar2k
http://vimeo.com/user13885879/video www.haqwalisarkar.com Youtbue bakhtiar2k

www.ameer-e-millat.com www.ameeremillat.org bakhtiar2k@hotmail.com
www.maktabah.org www.ameeremillat.com www.marfat.com

5۔کہتا تھا دنیا والوں کو کیوں لوبھ نے دل کو موہ لیا
کیوں دنیا کے پیچھے جاتے ہو کیوں پھرتے ہو بازاروں میں

6۔چراغ نے جو کچھ دیکھا ہے جو جانا ہے جو سمجھا ہے
یہ دنیا زہر کے کانٹے ہیں کیوں الجھو تم ان خاروں میں

1 لوبھ۔لالچ

www.charaghia.com https://archive.org/details/@bakhtiar_hussain scribd: bakthiar2k
http://vimeo.com/user13885879/video www.haqwalisarkar.com Youtbue bakhtiar2k

www.ameer-e-millat.com www.ameeremillat.org bakhtiar2k@hotmail.com
www.maktabah.org www.ameeremillat.com www.marfat.com

قصیدہ غوثیہ

منقبت غوث اعظمؒ

1۔ پلا دے اپنے میخانے سے ایسا جام جیلانیؒ
کہ ہو جائیں عیاں مجھ پر بھی سارے راز پنہانی

2۔ علیؓ کے نور اور زہرہؓ کے جب لختِ جگر ٹھہرے
بھلا پھر کون ہو ہمسر تیرا اے قطبِؒ ربانی

3۔ تیرے ادنیٰ اشارے پر زمانہ رقص کرتا ہے
خداوندِ تعالیٰ نے تجھے بخشی جہاں بانی

4۔ جو تیرے در پہ آتا ہے مرادیں اپنی پاتا ہے
ہے تیر ی دستگیری عام اے محبوبِ سبحانی

www.charaghia.com https://archive.org/details/@bakhtiar_hussain scribd: bakthiar2k
http://vimeo.com/user13885879/video www.haqwalisarkar.com Youtbue bakhtiar2k

www.ameer-e-millat.com www.ameeremillat.org bakhtiar2k@hotmail.com
www.maktabah.org www.ameeremillat.com www.marfat.com

5۔کسی کو پسر کا مژدہ کسی کا پار ہو بیڑا
تیری بے مثل ہے شوکت تیرے اوصاف لاثانی

6۔کرم رہزن پہ فرمایا ولی اللہ بنا ڈالا
ولایت اور طریقت کر رہی ہے تیری دربانی

7۔ہوا جب حکم مردے ہوگئے زندہ اشارے سے
تمہاری ہی بدولت مل گئی ذرے کو تابانی

8۔ہم ہی کوتاہ نظر ہیں اور دامن تنگ ہے اپنا
وگرنہ پار ہے ہیں سب مرادیں اپنی من مانی

9۔چراغِ ناتواں پر بھی نظر یا غوث ہوجائے
محبت میں تیری دن رات کرتا ہے ثنا خوانی

---

1 آپ کی مشہور کرامت جب آپ نے قم باذنی کہہ کر مردہ زندہ کیا اور بہت عیسائی مسلمان ہوئے۔

www.charaghia.com https://archive.org/details/@bakhtiar_hussain scribd: bakthiar2k
http://vimeo.com/user13885879/video www.haqwalisarkar.com Youtbue bakhtiar2k

www.ameer-e-millat.com www.ameeremillat.org bakhtiar2k@hotmail.com
www.maktabah.org www.ameeremillat.com www.marfat.com

میخانہ علی پور شریف

منقبت۔ امیر ملتؒ

1۔ساقیا ڈال دے وہ مئے میرے پیمانے میں
کھینچی جاتی ہے علی پور کے جو میخانے میں

2۔جو بھی پی لیتا ہے ساقی تیرے میخانے سے
راز کھل جاتے ہیں سب ایک ہی پیمانے میں

3۔ہو عطا مجھ کو بھی کچھ اے میرے پیرو مرشد
کیا کمی ہے مرے آقا تیرے کاشانے میں

4۔دور ہو جاتے ہیں دکھ اور شفا پاتے ہیں
جو بھی آجائے علی پور کے شفاخانے میں

www.charaghia.com https://archive.org/details/@bakhtiar_hussain scribd: bakthiar2k
http://vimeo.com/user13885879/video www.haqwalisarkar.com Youtbue bakhtiar2k

www.ameer-e-millat.com www.ameeremillat.org bakhtiar2k@hotmail.com
www.maktabah.org www.ameeremillat.com www.marfat.com

5۔آج گزرے ہوئے لمحات وہ یاد آتے ہیں

قبلہ نعتیں جو سنا کرتے تھے تہ خانے میں

6۔لے کے آیا ہے تمنا تیری خدمت میں چراغ

پھر سے آ جائیں بہاریں میرے ویرانے میں

---

1 قبلہ چراغ اولیاء فخر سے بیان فرمایا کرتے تھے کہ جب بندہ علی پور شریف قبلہ عالم کی خدمت میں حاضر ہوتا تو آپ مسجد نور کے دائیں طرف تہہ خانے میں تشریف فرما ہوتے اور بندہ اپنے آقا کو نعت شریف سناتا۔ حضور اکثر یہ نعت شریف سنتے۔

تیری گلی کو چھوڑ کر باغ جناں کو جائے کون

نقد ملے جو مدعا وعدے پہ پر جی لگائے کون

www.charaghia.com https://archive.org/details/@bakhtiar_hussain scribd: bakthiar2k
http://vimeo.com/user13885879/video www.haqwalisarkar.com Youtbue bakhtiar2k

www.ameer-e-millat.com www.ameeremillat.org bakhtiar2k@hotmail.com
www.maktabah.org www.ameeremillat.com www.marfat.com

منقبت درشان جوہر ملتؒ

(حضرت پیر اختر حسین شاہ صاحبؒ)

1۔آنا تیرا مبارک میرے اے جوہر ملتؒ
غلاموں پر ہوئی شفقت تیری اے جوہر ملتؒ

2۔کرم ہم پر ہوا تیرا قدم رنجہ جو فرمایا
نوازا فیض سے اپنے ہمیں اے جوہر ملتؒ

3۔کرم جس پر بھی ہو تیرا ولی اللہ وہ بن جائے
ادھر بھی اک نگاہِ لطف ہو اے جوہر ملتؒ

4۔یہ مانا ہوں برا بیشک نہیں کوئی بھی گن پلے
مگر ہوں تیرے در کا میں گدا اے جوہر ملتؒ

www.charaghia.com https://archive.org/details/@bakhtiar_hussain scribd: bakthiar2k
http://vimeo.com/user13885879/video www.haqwalisarkar.com Youtbue bakhtiar2k

5۔زمانے کے حوادث سے ہوا مغموم ہوں آقا
کرو نظر کرم خادم پہ بھی اے جوہر ملتؒ

6۔جو کوئی درپہ آتا ہے مرادیں اپنی پاتا ہے
کھلا ہے باب رحمت کا تیرا اے جوہر ملتؒ

7۔چراغِ ناتواں کو بھی عطا کچھ در سے ہوجائے
سخاوت کا گھرانا ہے تیرا اے جوہر ملتؒ

www.ameer-e-millat.com www.ameeremillat.org bakhtiar2k@hotmail.com
www.maktabah.org www.ameeremillat.com www.marfat.com

1۔دل اگر غرقِ محیط لا الہ ہو جائے گا

رازالا اللہ کا رمز آشنا ہوجائے گا

2۔یار کا دیدار کرنا ہے تو اپنی سیر کر

جس قدر دیکھے گا تو خود آئینہ ہو جائے گا

3۔دل کی نگرانی کیے جا جس قدر بھی ہو سکے

خودبخو د دل بے نیازِ ما سوا ہوجائے گا

4۔اکتسابِ نور کرتا رہ خیال دوست سے

ایک دن آئے گا تو بھی پارسا ہوجائے گا

www.charaghia.com https://archive.org/details/@bakhtiar_hussain scribd: bakthiar2k
http://vimeo.com/user13885879/video www.haqwalisarkar.com Youtbue bakhtiar2k

5۔ہجر میں تو دل کو اپنے مبتلائے یار رکھ

وصل میں خود یار تیرا مبتلا ہو جائے گا

6۔قطرۂ ناچیز بحرِ بیکراں میں ڈوب کر

بے نیازِ ابتدا و انتہا ہو جائے گا

7۔اپنا عرفاں ہی بقائے دائمی کا نام ہے

جو کوئی خود کو نہ سمجھے وہ تباہ ہو جائے گا

دے رہا ہے روشنی سب کو نبی ﷺ کا یہ چراغ

جو رہا محروم اس سے عمر بھر پچھتائے گا

من عرف نفسہ فقد عرف ربہ۔ جس نے اپنے آپ کو پہچان لیا اس نے رب کو پہچان لیا۔

www.ameer-e-millat.com www.ameeremillat.org bakhtiar2k@hotmail.com
www.maktabah.org www.ameeremillat.com www.marfat.com

اپنی پہچان

1۔آدمی بھی ایک اعلیٰ بہتریں روشن کتاب
زندگی کے سینکڑوں قدرت نے رکھے اس میں باب

2۔کر مطالعہ پڑھ اسے قدرت کے بھیدوں کو سمجھ
ہر سطر کا ہر حرف چمکے ہے مانند آفتاب

3۔اس کتابِ زندگی کو جس نے پیارے پڑھ لیا
ہے وہی انسان جہاں میں بے نظیرولاجواب

4۔جو رہا یونہی بھٹکتا کچھ نہ جانا آپ کو
عمر بھر پھرتا رہے گا وہ یونہی خستہ خراب

5۔سمجھ اس عالم میں آنے کی غرض کو اے عزیز
ایک دن دینا ہے رب کے سامنے تونے حساب

www.charaghia.com https://archive.org/details/@bakhtiar_hussain scribd: bakthiar2k
http://vimeo.com/user13885879/video www.haqwalisarkar.com Youtbue bakhtiar2k

www.ameer-e-millat.com www.ameeremillat.org bakhtiar2k@hotmail.com
www.maktabah.org www.ameeremillat.com www.marfat.com

6۔کس لیے آیا ہے تو اس عالمِ نا سوت میں
آ گیا دنیا کا تیرے سامنے کیسا حجاب

7۔چار دن کی چاندنی پر اس قدر نازاں نہ ہو
ڈوب جائے گا یہ اک دن زندگی کا آفتاب

8۔جب فرشتہ موت کا آئے گا تیرے سامنے
دور ہوجائیں گے اپنے اور پرائے سب احباب

9۔اس جہاں کے رنگ و بو سب عارضی ہیں اے چراغ
سب ہی مرجھائے ہوئے دیکھے کیا چنبیلی کیا گلاب

۔**وما خلقت الجن والا نس الا لیعبدون**

ترجمہ: اور نہیں پیدا کیا جنوں اور انسانوں کو مگر اپنی عبادت کیلئے۔

وضاحت: حضرت قبلہ اکثر اس آیت کریمہ کی تفسیر میں مقصد حیات پر زور دیتے اپنی تصنیف ایماں کی پہچان میں اس پر تفصیل سے لکھا ہے۔

www.charaghia.com https://archive.org/details/@bakhtiar_hussain scribd: bakthiar2k
http://vimeo.com/user13885879/video www.haqwalisarkar.com Youtbue bakhtiar2k

www.ameer-e-millat.com www.ameeremillat.org bakhtiar2k@hotmail.com
www.maktabah.org www.ameeremillat.com www.marfat.com

نندیا

1۔ظلم کراری نندیا بیرن آج کاہے کو آئی
لوٹ گیا مورے پیتم آکر میں جو سووت پائی

2۔آنکھ کھلی جب دن چڑھ آیا دھوپ منڈیرے چھائی
کیسی سندر سبک گھڑی میں اپنے ہاتھ گنوائی

3۔ایسی چوٹ لگی ہر دے میں ایسی ٹھوکر کھائی
مدت بعد پیا گھر آیا میں نہ دیکھن پائی

4۔لکھ پتر یہ کہہ گیا ساجن کیسی پیت نبھائی
پریت ہووے تو نندیا کیسی کیسے آنکھ لگائی

www.charaghia.com https://archive.org/details/@bakhtiar_hussain scribd: bakthiar2k
http://vimeo.com/user13885879/video www.haqwalisarkar.com Youtbue bakhtiar2k

www.ameer-e-millat.com www.ameeremillat.org bakhtiar2k@hotmail.com
www.maktabah.org www.ameeremillat.com www.marfat.com

5۔ پریم کی راہیں بڑی کٹھن ہیں منزل اس نے پائی
کہے چراغ گیلانی جس نے جان کی بازی لائی

ماسٹر خوشی محمد صاحبؒ اکثر فرمایا کرتے جو سوتا ہے وہ کھوتا ہے۔ کھوتا کا لفظ اردو اور پنجابی کے معنوں میں استعمال فرماتے۔

1۔ ہردے۔ دل۔

www.charaghia.com https://archive.org/details/@bakhtiar_hussain scribd: bakthiar2k
http://vimeo.com/user13885879/video www.haqwalisarkar.com Youtbue bakhtiar2k

www.ameer-e-millat.com www.ameeremillat.org bakhtiar2k@hotmail.com
www.maktabah.org www.ameeremillat.com www.marfat.com

1۔آ ری سکھی اک بات سناؤں آج پیا گھر آیا ری
میں بلہاری اس سکھین کے جس نے یار ملایا ری

2۔نہائی دھوئی کپڑے بدلے عطر پھلیل لگایا ری
ٹوم ٹھیکری پہن کے ساری اکھین کاجل لایا ری

3۔دیکھ کے پیتم راضی ہویا ایسا رنگ چڑھایا ری
رونگ رونگ سے اللہ نکلے کندن ہوگئی کایا ری

4۔اپنے پیا پہ تن من واروں واروں ساری مایا ری
جس نے من محل میں میرے نوری بلب جلایا ری

5۔کہے چراغ سنو میری بہنو ! جس نے آپ مٹایا ری
پایا بھید سجن کا اس نے یار نے چرنوں لایا ری

☆

www.charaghia.com https://archive.org/details/@bakhtiar_hussain scribd: bakthiar2k
http://vimeo.com/user13885879/video www.haqwalisarkar.com Youtbue bakhtiar2k

www.ameer-e-millat.com www.ameeremillat.org bakhtiar2k@hotmail.com
www.maktabah.org www.ameeremillat.com www.marfat.com

نصیحت

(ضرورت شیخ)

1۔شام ہوئی ہے دور نگریا چھائی بدریا کالی رے
سنبھل کے رکھنا قدم اور راہی چوروں کی رکھوالی رے

2۔سر پر تو رے مایا کی گٹھڑی چلنا سونے بن میں رے
پاس نہ تورے کوئی بھی چھڑیا ہاتھ تیرا کیوں خالی رے

3۔تاک میں تیرے دو ہیں لٹیرے دیکھو تجھ کو لوٹ نہ لیں
بچ نکلا جو ان سے مسافر جان لے منزل پالی رے

4۔تو انجانی راہ سے ناداں کیسے اکیلا گزرے گا
بن رہبر کے چلنا رے مورکھ بات تو مشکل والی رے

5۔منزل ہوگ آسان یہ تیری ساتھ کسی رہبر کا لے
جس نے اونچی نیچی راہیں ساری دیکھی بھالی رے

6۔کہے چراغ گیلانی تم رے یاد رکھن کی باتیں ہیں
بات ذرا ہے سمجھن کی ہر بات نصیحت والی رے

☆

www.charaghia.com https://archive.org/details/@bakhtiar_hussain scribd: bakthiar2k
http://vimeo.com/user13885879/video www.haqwalisarkar.com Youtbue bakhtiar2k

www.ameer-e-millat.com www.ameeremillat.org bakhtiar2k@hotmail.com
www.maktabah.org www.ameeremillat.com www.marfat.com

6۔یہ عشق کی منزل ہے کٹھن راہیں ہیں اس میں
آساں نہ سمجھنا انہیں مشکل نہ سمجھنا

7۔اس گلشنِ عالم میں گو ہر چیز حسیں ہے
ہر حسن کو دیدار کے قابل نہ سمجھنا

8۔وہ بزم جو محبوب کے ہو ذکر سے خالی
ہنگامہ ہے ہنگامے کو محفل نہ سمجھنا

9۔بے معنی نہیں شمع کا جلنا شبِ ہجراں
پروانے کے غم سے اسے غافل نہ سمجھنا

10۔پلکوں پہ جلا کرتی ہیں الفت کی شمعیں
ہر دل کو چراغ اپنا کہیں دل نہ سمجھنا

☆

www.charaghia.com https://archive.org/details/@bakhtiar_hussain scribd: bakthiar2k
http://vimeo.com/user13885879/video www.haqwalisarkar.com Youtbue bakhtiar2k

www.ameer-e-millat.com www.ameeremillat.org bakhtiar2k@hotmail.com
www.maktabah.org www.ameeremillat.com www.marfat.com

جذبہ جہاد

رہن اک چُلو پہ ہم نے حوضِ کوثر رکھ دیا

1۔قصۂ ماضی اگر تو نے بھلا کر رکھ دیا
قوم کا ذلت کی چوکھٹ پر گویا سر رکھ دیا

2۔تیری غفلت تیرے دشمن کے لیے نعمت ہوئی
قضیہ کشمیر چھوٹا تھا بڑھا کر رکھ دیا

3۔ہند سے آیا تھا پاکستان میں لے کر کیا امنگ
آج جو کرنا تھا وہ کیوں کل پہ تو نے رکھ دیا

4۔کیا ہوا عزمِ شہادت کیا ہوا ذوقِ جہاد
رہن اک چلو پہ ہم نے حوضِ کوثر رکھ دیا

www.charaghia.com https://archive.org/details/@bakhtiar_hussain scribd: bakthiar2k
http://vimeo.com/user13885879/video www.haqwalisarkar.com Youtbue bakhtiar2k

www.ameer-e-millat.com www.ameeremillat.org bakhtiar2k@hotmail.com
www.maktabah.org www.ameeremillat.com www.marfat.com

5۔مٹ گئی غیرت ہوا کیوں جوش ٹھنڈا اے چراغ
ہاتھ میں لے لی ترازو اور خنجر رکھ دیا

یہ نظم وہاڑی کے ٹاؤن ہال کے مشاعرہ میں 1948ء میں پڑھی گئی اور آپ بطور شاعر متعارف ہوئے۔لوگوں نے بہت داددی۔مصرعہ رہن اک چلو پہ ہم نے حوض کوثر رکھ دیا۔

☆

www.charaghia.com https://archive.org/details/@bakhtiar_hussain scribd: bakthiar2k
http://vimeo.com/user13885879/video www.haqwalisarkar.com Youtbue bakhtiar2k

www.ameer-e-millat.com www.ameeremillat.org bakhtiar2k@hotmail.com
www.maktabah.org www.ameeremillat.com www.marfat.com

رباعیات

اردو۔پنجابی

1۔کیا عجب نامِ محمد ﷺ میں مزا رکھا ہے
جس نے اک خلق کو شیدائی بنا رکھا ہے
آپ کے عشق میں مر کر کوئی دیکھے تو سہی
ایسے جینے سے تو مرنے میں مزا رکھا ہے

2۔دینِ حق اے دوستو عشقِ نبی کا نام ہے
کر غلامی مصطفٰے ﷺ کی بس یہی اسلام ہے
بندگی رب کی چراغ دن رات بھی کرتے رہو
حُب نہیں دل میں نبی کی سب نا کام ہے

3۔عشق میں سولی چڑھا گردن کوئی کٹوائے ہے
کوئی تپتی ریت پر خود کو پڑا تڑپائے ہے

www.charaghia.com https://archive.org/details/@bakhtiar_hussain scribd: bakthiar2k
http://vimeo.com/user13885879/video www.haqwalisarkar.com Youtbue bakhtiar2k

کٹ کے آرے سے کسی نے جان دے دی اے چراغ
کوئی خاموشی سے اپنی کھال کو کھنچوائے ہے

4۔اس دنیا میں کیا کچھ دیکھا کیا پوچھو گے کیا کیا دیکھا
زر اور زن کی خاطر پیارے خون سے خون بدلتے دیکھا
لوبھ کے کارن رشتے ٹوٹیں غیر سے ناطہ جڑتے دیکھا
چراغ کہیں بھی اس دنیا میں سچا ہم نے پیار نہ دیکھا

5۔عشق فناہ کا نام ہے عشق میں زندگی نہ دیکھ
چڑھ جا خوشی سے دار پر یار کی بے رخی نہ دیکھ
عشق میں دیکھنا ہے کیا موت و حیات کو چراغ
یار کے ہو قریب تر جلوۂ زندگی نہ دیکھ

6۔جب گئے معراج پر ملنے خدا سے مصطفٰے
اٹھ گیا پردہ سبھی کچھ آشکارہ ہو گیا
چاند دو ٹکڑے ہوا ڈوبا ہوا سورج پھرا

www.ameer-e-millat.com www.ameeremillat.org bakhtiar2k@hotmail.com
www.maktabah.org www.ameeremillat.com www.marfat.com

1۔الفت نہیں جس دل میں اسے دل نہ سمجھنا
پتھر ہے اسے زیست کا حاصل نہ سمجھنا

2۔دنیائے سمندر میں بہت اٹھتی ہیں لہریں
ہر موج کو ہر لہر کو ساحل نہ سمجھنا

3۔دیوانگیٔ عشق میں خود رفتہ ہو جو دل
بیدار ہے وہ دل اسے غافل نہ سمجھنا

4۔منزل بھی اگر سامنے آجائے تو اے دوست
عاقل ہے تو اس کو کبھی منزل نہ سمجھنا

5۔ڈوبا ہو اگر کوئی تزلزل کے بھنور میں
زیرک نہ سمجھنا اسے عاقل نہ سمجھنا

www.charaghia.com https://archive.org/details/@bakhtiar_hussain scribd: bakthiar2k
http://vimeo.com/user13885879/video www.haqwalisarkar.com Youtbue bakhtiar2k

www.ameer-e-millat.com www.ameeremillat.org bakhtiar2k@hotmail.com
www.maktabah.org www.ameeremillat.com www.marfat.com

جب خدا کے ناز والے کا اشارہ ہوگیا
عشقِ احمد ﷺ مل گیا جس کو جہاں میں اے چراغ
اوج پر اس کے مقدر کا ستارہ ہو گیا

7۔جس میں یقین و عزم کی بجلیاں کوندتی نہ ہوں
ایسی طلب طلب نہیں ایسی دعا دعا نہیں
ایسی بھی کوئی بات ہے ہو نہ سکے علاجِ دل
درد نہیں ہے یوں کہو یوں نہ کہو دوا نہیں

8۔کون جگت میں تیرا رے بندے کس پہ کرے ہے ناز
اپنے پرائے سارے دیکھے نکلے دھوکے باز
کہے چراغ گیلانی پیارے عقل سے لی جیو کام
بھید نہ دیجیو اپنا کسی کو کھول نہ اپنا راز

www.charaghia.com https://archive.org/details/@bakhtiar_hussain scribd: bakthiar2k
http://vimeo.com/user13885879/video www.haqwalisarkar.com Youtbue bakhtiar2k

www.ameer-e-millat.com www.ameeremillat.org bakhtiar2k@hotmail.com
www.maktabah.org www.ameeremillat.com www.marfat.com

9۔رخ سے پردہ اٹھا دیا کس نے
خود سے بے خود بنا دیا کس نے
آ کے پردے میں آج مجھ کو چراغؔ
جامِ وحدت پلا دیا کس نے

10۔گوردوارے میں کلیسا میں نہ بت خانے میں
دل کو جو چین ملا پیرا تیرے میخانے میں
جام تھراتے ہیں کیوں اڑ گیا کیوں لطف و سرور
بے وضو کوئی یہاں آیا ہے مے خانے میں
جب بھی پینے کے لیے جام اٹھاتا ہوں چراغؔ
صاف تصویر نظر آتی ہے پیمانے میں

www.charaghia.com https://archive.org/details/@bakhtiar_hussain scribd: bakthiar2k
http://vimeo.com/user13885879/video www.haqwalisarkar.com Youtbue bakhtiar2k

www.ameer-e-millat.com www.ameeremillat.org bakhtiar2k@hotmail.com
www.maktabah.org www.ameeremillat.com www.marfat.com

11۔میرا نغمہ بھلا محفل میں کیسے داد پائے گا
کسے مسرور کر دے گا کسے شیدا بنائے گا

12۔چھوڑ دنیا کو چراغ اب اس پہ لعنت کیجئے
سب اڑاتے ہیں مذاق کس کو نصیحت کیجئے
دین کی جب بات کرتا ہوں تو کہتے ہیں یہ لوگ
ہو مبارک آپ کو بس آپ جنت لیجئے

☆

www.charaghia.com https://archive.org/details/@bakhtiar_hussain scribd: bakthiar2k
http://vimeo.com/user13885879/video www.haqwalisarkar.com Youtbue bakhtiar2k

رباعیات

1۔ذکر تے فکرنوں رکھ قائم دائم رکھ توں شوق دیدار والا
ہو کے فنا توں یار دی ذات اندر جلوہ دیکھ توں فیر دلدار والا
تینوں اپنے ای اندر اوہ نظر آوے ایسا کجھ نقشہ سوہنے یار والا
نظر آوے چراغ جس طرف دیکھیں جلوہ حُسن دا خاص سرکار والا

2۔ساڈا عاصیاں دا رہنما اک اے
ہادی حق حبیب خدا اک اے
مجتبےٰ اک اے مصطفےٰ ﷺ اک اے
چراغ ساڈا آسرا اک اے

3۔مگر لگ نفس شیطان دے کیوں حکم رب تھیں مکھ بھنوا گیوں توں
سب قول قرار بھلا کے تے کیوں دنیا دے پھیر وچ آ گیوں توں
اج وقت اے فیر نہ کدی اوسی ایہہ ویلا جے ہتھوں گوا گیوں توں
فیر اوسی چراغ اوہ شام ویلے جدوں سورج عمر دا ڈبا گیوں توں

4۔اج دوریاں ہون جے دور سائیاں دیداسیں وی یار دی پا لیے
جیوندی جان نال اسیں وی یا مولا سیس درِمحبوب تے جھکا لیے
سیس سٹ محبوب دے وچ قدماں کوئی عرض معروض سنا لیے
لے کے درِمحبوب دی خاک چراغ اساں اکھیاں دے وچ پا لیے

5۔لکھ وار زبان توں بنے مومن جندے قلب دے وچ قصور ہووے
عمل ہزار اوہ کر دا رہے بیشک عمل اوسدا نہ منظور ہووے
مرض حسد تے بغض والی لگی جس نوں فیر قلب دے وچ کویں نور ہووے
جدوں ملے چراغ کوئی پیر کامل تدوں مرض قلب والی دور ہووے

6۔سُولی چڑھ خبیب ؓ نے یارو جان دی بازی لائی
رکھ لئی لاج عشق دی اس نے منزل یار دی پائی
عشق دا سودا سوکھا ناہیں کہے چراغ گیلانی
جان دے کے بھی یار ملے تاں سستا سودا جانی

☆

www.ameer-e-millat.com www.ameeremillat.org bakhtiar2k@hotmail.com
www.maktabah.org www.ameeremillat.com www.marfat.com

1۔جب تک خیالِ غیر ہٹایا نہ جائے گا
ہرگز کبھی وہ راہِ طریقت نہ پائے گا

2۔آنکھوں میں جس کے شرم و حیا ہے نہ باادب
در در کی ٹھوکروں کے سوا کچھ نہ پائے گا

3۔نا حق ستانے والے یہ تو بھی یاد رکھ
کیا تو کبھی جہاں میں ستایا نہ جائے گا

4۔ہوگا خدا کے سامنے تیرا حساب جب
عقل و خرد کا دام بچھایا نہ جائے گا

www.charaghia.com https://archive.org/details/@bakhtiar_hussain scribd: bakthiar2k
http://vimeo.com/user13885879/video www.haqwalisarkar.com Youtbue bakhtiar2k

www.ameer-e-millat.com www.ameeremillat.org bakhtiar2k@hotmail.com
www.maktabah.org www.ameeremillat.com www.marfat.com

5۔بن بن کے سانپ تجھ کو ڈسیں گے ترے گناہ
چھپ کر بھی اپنے آپ کو چھپایا نہ جائے گا

6۔وہ بھیگی بھیگی چاندنی راتیں وہ کیفِ حسن
تازیست بھول کر بھی بھلایا نہ جائے گا

7۔کتنا نشاط افزا ہے تمہارے لبوں کا دور
لب سے لگا کر آج ہٹایا نہ جائے گا

8۔یہ دوستوں میں نفرتیں آپس کی یہ رنجشیں
یہ غم تمام عمر بھلایا نہ جائے گا

9۔روشن کیا چراغ کو جماعتؒ و نذیرؒ نے
گو لاکھ تو بجھائے بجھایا نہ جائے گا

☆

www.charaghia.com https://archive.org/details/@bakhtiar_hussain scribd: bakthiar2k
http://vimeo.com/user13885879/video www.haqwalisarkar.com Youtbue bakhtiar2k

www.ameer-e-millat.com www.ameeremillat.org bakhtiar2k@hotmail.com
www.maktabah.org www.ameeremillat.com www.marfat.com

قول

دانشوروں کا قول

1۔دانشوروں کا ہے یہ قول
بات کرو جب پہلے تول
کڑوا بول کبھی نہ بول
ہمیشہ بولو میٹھا بول
مت کسی کے عیب ٹٹول
یہ گُر چراغؔ بڑا انمول

1۔تم لوگوں کے عیب چھپاؤ اللہ تعالیٰ تمہارے عیب چھپائے گا۔ حدیث شریف

www.charaghia.com https://archive.org/details/@bakhtiar_hussain scribd: bakthiar2k
http://vimeo.com/user13885879/video www.haqwalisarkar.com Youtbue bakhtiar2k

حبیبِ خدا پر لاکھوں سلام پیارے نبی ﷺ پر لاکھوں سلام

1۔ہم سب ہیں آقا تیرے غلام

ہونٹوں پہ ہر دم تیرا ہے نام

اے رحمتِ عالم خیر الانام

پیارے نبی ﷺ پر لاکھوں سلام

2۔عرشِ بریں پر تم کو بلایا

راز نہ کوئی تم سے چھپایا

بعداز خدا ہے تیرا مقام

پیارے نبی ﷺ پر لاکھوں سلام

3۔سارے جہاں کے مالک تم ہو

دیتا رب ہے دلاتے تم ہو

آپ ہیں آقا مختارِ عام

پیارے نبی ﷺ پر لاکھوں سلام

4۔اے فخرِ دو عالم جانِ دو عالم

رب کے ہو دلبر ہم سب کے بالم

اے نورِ مجسم حسنِ تمام

www.ameer-e-millat.com www.ameeremillat.org bakhtiar2k@hotmail.com
www.maktabah.org www.ameeremillat.com www.marfat.com

پیارے نبی ﷺ پر لاکھوں سلام

5۔تیری رضا میں رب کی رضا ہے

تیرے لیے یہ سب کچھ بنا ہے

تیرے ہی دم سے قائم نظام

پیارے نبی ﷺ پر لاکھوں سلام

6۔مشکل میں جب بھی جس نے پکارا

دیتے ہیں آقا اس کو سہارا

مشکل کشائی ان کی ہے عام

پیارے نبی ﷺ پر لاکھوں سلام

7۔حورو ملائک جن و بشر کیا

ہر ذرہ ذرہ شجرو حجر کیا

ہر اک ثنا خواں ہے صبح و شام

پیارے نبی ﷺ پر لاکھوں سلام

8۔جس کا وظیفہ ذکرِ نبی ﷺ ہے

چراغ اس کو سمجھو بیشک ولی ہے

رب سے ملا یہ اس کو انعام

پیارے نبی ﷺ پر لاکھو ں سلام

☆

www.charaghia.com https://archive.org/details/@bakhtiar_hussain scribd: bakthiar2k
http://vimeo.com/user13885879/video www.haqwalisarkar.com Youtbue bakhtiar2k

1۔ایک دیوانہ دیکھا میں نے گلی گلی وہ پھرتا ہے
سر پہ گٹھڑی ہاتھ میں مالا رام رام وہ جپتا ہے

2۔دیکھ کے مجھ کو شک گزرا یہ کون ہے یوں جو پھرتا ہے
چور لٹیرا ڈاکو ہے یا یہ کسی کو تکتا ہے

3۔میں بھی اس کے ساتھ ہوا دیکھوں تو یہ کیا کرتا ہے
گلی کو اس نے پار کیا رخ جنگل کا وہ کرتا ہے

4۔قریب پہنچ کر پوچھا میں نے کون ہے تو یوں پھرتا ہے
رام نام کی مالا جپے کیا ہندو دھرم تو رکھتا ہے

5۔ کہنے لگا کیا مطلب ہے تو پوچھ گو چھ کیوں کرتا ہے
کیا سمجھے گا بات میری کو کیوں پریشاں کرتا ہے

6۔ اسلام سے میرا تعلق ہے دل کلمہ نبی ﷺ کا پڑھتا ہے
رام نام جو جپتا ہوں یہ شان نبی ﷺ کا رکھتا ہے

7۔ رام نام میں چمک ہے ایسی چمک وہ پیارے پاتا ہے
فنا کی منزل پار کرے جو یار میں گھل مل جاتا ہے

8۔ رام نام میں تین حرف ہیں سنو چراغ بتاتا ہے
ر۔ سے رحمت الف۔ سے اللہ۔ میم محمد بن جاتا ہے

وما ارسلنك الا رحمته اللعلمين

نگاہ مردِ کامل

1۔قریب ہوتے ہوئے بھی میں ان کو پا نہ سکا
فریبِ نفس سے اپنے کو میں بچا نہ سکا

2۔ہے بوجھ سر پہ گناہوں کا اس قدر مجھ پر
اٹھانا چاہا جو سر کو مگر اٹھا نہ سکا

3۔خیال آتا ہے رہ رہ کے اپنی غفلت پر
شرم کے مارے دعا کو بھی ہاتھ اٹھا نہ سکا

4۔میں دے کے واسطہ اس کے حبیب کا رب کو
بہائے اشک زباں کو مگر ہلا نہ سکا

5۔پڑی جو مجھ پہ نگاہ ایک مردِ کامل کی
ملا سکوں جو کبھی زندگی میں پا نہ سکا

www.ameer-e-millat.com www.ameeremillat.org bakhtiar2k@hotmail.com
www.maktabah.org www.ameeremillat.com www.marfat.com

6۔خدا نے بخشی ہے طاقت جو اپنے ولیوں کو
اندازہ کوئی بھی اس کا بشر لگا نہ سکا

7۔وہ خاک جانے گا شانِ قلندری کیا ہے
جو اپنے آپ کی ہستی کا راز پا نہ سکا

8۔بغیر رہبرِ کامل کے اس جہاں میں چراغؔ
کوئی بھی نفس کو قابو میں اپنے لا نہ سکا

مرنے والے مرتے ہیں لیکن فنا ہوتے نہیں
وہ حقیقت میں کبھی ہم سے جدا ہوتے نہیں
حکیم الامت علامہ اقبالؒ

1 قبلہ نے ایک اشارے میں اپنے آپ کو قلندر فرمایا ہے۔اگر کوئی شخص آپ کی حیات مبارکہ سے واقف ہو تو شاید کچھ سمجھ سکے۔

www.charaghia.com https://archive.org/details/@bakhtiar_hussain scribd: bakthiar2k
http://vimeo.com/user13885879/video www.haqwalisarkar.com Youtbue bakhtiar2k

www.ameer-e-millat.com www.ameeremillat.org bakhtiar2k@hotmail.com
www.maktabah.org www.ameeremillat.com www.marfat.com

نعت شریف

اپنی پہچان

1۔نہ دیکھا آپ میں گر آپ کو دیکھا تو کیا دیکھا
نہ سمجھا ایک کو دو چار کو دیکھا تو کیا دیکھا

2۔جہاں کے رنگ بھی دیکھے بہت کی سیر بھی تو نے
نہ دیکھا عشق کے بازار کو دیکھا تو کیا دیکھا

3۔یہ بھی مانا کہ دیکھے ہیں حسین و ماہ جبیں تو نے
نہ دیکھا احمدِ ﷺ مختار کو دیکھا تو کیا دیکھا

4۔چراغِ ناتواں کو دیکھنے تو بہت آتے ہیں
نہ پوچھا حالِ دل بیمار کا دیکھا تو کیا دیکھا

☆

www.charaghia.com https://archive.org/details/@bakhtiar_hussain scribd: bakhthiar2k
http://vimeo.com/user13885879/video www.haqwalisarkar.com Youtbue bakhtiar2k

www.ameer-e-millat.com www.ameeremillat.org bakhtiar2k@hotmail.com
www.maktabah.org www.ameeremillat.com www.marfat.com

نور حق

1۔ نورِ حق نورِ نبی ﷺ تنویر ہے دونوں کی ایک
اک میم کا ہی فرق ہے تصویر ہے دونوں کی ایک

2۔ قولِ حق قرآن ہے قولِ پیمبر ﷺ ہے حدیث
اہلِ دل کے سامنے توقیر ہے دونوں کی ایک

3۔ اس نے پھیرا دل تو اس نے دعوت اسلام دی
وہ خدا اور یہ نبی تدبیر ہے دونوں کی ایک

4۔ یا خدا یا مصطفیٰ ﷺ مشکل میں دونوں نام لو
حاجتیں برآئیں گی تاثیر ہے دونوں کی ایک

5۔ منکرِ خیرالوریٰ اور منکرِ رب العلیٰ
دونوں پائیں گے سزا تقصیر ہے دونوں کی ایک

6۔ جس نے کی رب کی اطاعت اور مدنی یار کی
عرض کرتا ہے چراغ تاثیر ہے دونوں کی ایک

www.charaghia.com https://archive.org/details/@bakhtiar_hussain scribd: bakthiar2k
http://vimeo.com/user13885879/video www.haqwalisarkar.com Youtbue bakhtiar2k

1۔جن کا نام ہے محمد ﷺ سارے جہاں میں ان سے اجالا
شان ان کی میں کیا بتلاؤں سارے نبیوں سے ہے اعلی

2۔دیس عرب کا رہنے والا حلیمہؓ کی بکری چرانے والا
اوڑھے کمبل کالا جن کا نام ہے محمد ﷺ
سارے جہاں میں ان سے اجالا

3۔رب نے کہا معراج میں آجا پردہ نہیں پردے میں آجا
کیسا پردہ تو گھر والا جن کا نام ہے محمد ﷺ
سارے جہان میں ان سے اجالا

4۔ حبیبِ خدا ﷺ ہیں رحمتِ عالم مالکِ کل اور جانِ کل عالم
شان ہے ان کی ارفع و اعلیٰ جن کا نام ہے محمد ﷺ
سارے جہاں میں ان سے اجالا

5۔ جبریلِ امیں جنہیں جھولا جھلائیں لوریاں دے دے حلیمہ سلائیں
سو جا میرا بھولا بھالا جن کا نام ہے محمد ﷺ
سارے جہان میں ان سے اجالا

6۔ چراغ پہ اپنا کرم فرمایا رنگِ محبت ایسا چڑھایا
رنگ نہیں یہ اترنے والا جن کا نام ہے محمد ﷺ
سارے جہاں میں ان سے اجالا

www.ameer-e-millat.com www.ameeremillat.org bakhtiar2k@hotmail.com
www.maktabah.org www.ameeremillat.com www.marfat.com

نصیحت

اے غافل! سوچ سے کام لے

1۔ذرا کچھ سوچ او غافل یہ تجھ میں کیا فتور آیا
یہاں کی چند روزہ زندگی پر کیوں غرور آیا

2۔اچھائی اور برائی کا تجھے کچھ نہ شعور آیا
کسی کو تڑپتا دیکھے کہے مجھ کو سرور آیا

3۔جدھر دیکھو جسے دیکھو ہے عیاشی کا دلدادہ
عیاری و مکاری اور غداری پہ آمادہ

4۔یہ دیوتا نفس کا آخر کہاں لے جائے گا تجھ کو
تو اپنے آپ کو قابو میں رکھ کیا ہوگیا تجھ کو

www.charaghia.com https://archive.org/details/@bakhtiar_hussain scribd: bakthiar2k
http://vimeo.com/user13885879/video www.haqwalisarkar.com Youtbue bakhtiar2k

www.ameer-e-millat.com www.ameeremillat.org bakhtiar2k@hotmail.com
www.maktabah.org www.ameeremillat.com www.marfat.com

5۔خدا نے نعمتیں دی ہیں جہاں میں کس قدر تجھ کو
نا شکرے شکر کر اس کا، بھلا بیٹھا ہے کیوں اس کو

6۔رکھے گا کب تلک مدہوش یہ خوابِ گراں تجھ کو
خدا کے سامنے جانا نظر آتا نہیں تجھ کو

7۔بڑی مکار ہے دنیا کہیں دھوکہ نہ دے تجھ کو
جہاں تک بس چلے اس کا یہ بخشے ہے چراغ کس کو

☆

www.charaghia.com https://archive.org/details/@bakhtiar_hussain scribd: bakthiar2k
http://vimeo.com/user13885879/video www.haqwalisarkar.com Youtbue bakhtiar2k

www.ameer-e-millat.com www.ameeremillat.org bakhtiar2k@hotmail.com
www.maktabah.org www.ameeremillat.com www.marfat.com

ہجر کی گھڑیاں

جب سے لگے ہیں تم سے نین
اڑ گئی نیند اور مٹ گیا چین

من کی کیا میں بات بتاؤں
بھولوں کیسے میٹھے بین

کیا کہوں دن کیسے کٹت ہیں
اور کیسے کٹت ہے رین

تن من چراغ کا لے لیو پیتم
کر گئے مجھ کو تم بے چین

جی کی بتیا کوئی نہ جانے
دید کو ترسن مورے نین

☆

www.charaghia.com https://archive.org/details/@bakhtiar_hussain scribd: bakthiar2k
http://vimeo.com/user13885879/video www.haqwalisarkar.com Youtbue bakhtiar2k

www.ameer-e-millat.com www.ameeremillat.org bakhtiar2k@hotmail.com
www.maktabah.org www.ameeremillat.com www.marfat.com

نصیحت

اطیعو اللہ واطیعو الرسول

1۔گزاریئے گا زندگی کے دن بیگانوں کی طرح
رہو سدا دنیا میں پیارے پاسبانوں کی طرح

2۔اس جہاں میں کوئی ہم نے ٹھہرتا دیکھا نہیں
آتے جاتے رہتے ہیں یاں سب مہمانوں کی طرح

3۔اے برادر اس جہاں میں کس لئے آیا ہے تو
کیا یونہی پھرتا رہے گا تو نادانوں کی طرح

4۔بندگی کر رب کی اپنے اور اتباعِ رسول ﷺ
کچھ سمجھ سے کام لے مت پھر حیوانوں کی طرح

www.charaghia.com https://archive.org/details/@bakhtiar_hussain scribd: bakthiar2k
http://vimeo.com/user13885879/video www.haqwalisarkar.com Youtbue bakhtiar2k

www.ameer-e-millat.com www.ameeremillat.org bakhtiar2k@hotmail.com
www.maktabah.org www.ameeremillat.com www.marfat.com

5۔مت سمجھ دنیا کو اپنا یہ بڑی مکار ہے
نفس پر بھی رکھ نظر تو حکمرانوں کی طرح

6۔ایک دشمن اور بھی ہے جس کو کہتے ہیں لعین
مومنوں کے پیچھے پھرتا ہے دیوانوں کی طرح

7۔بعض ایسے لوگ بھی دنیا میں دیکھے ہیں چراغؔ
شکل سے مومن مگر سیرت شیطانوں کی طرح

☆

www.charaghia.com https://archive.org/details/@bakhtiar_hussain scribd: bakthiar2k
http://vimeo.com/user13885879/video www.haqwalisarkar.com Youtbue bakhtiar2k

www.ameer-e-millat.com www.ameeremillat.org bakhtiar2k@hotmail.com
www.maktabah.org www.ameeremillat.com www.marfat.com

موجودہ دور

انصاف و ایمان

1۔انصاف مٹ چکا ہے ایمان مٹ رہا ہے
ظالم کا بول بالا نادار پٹ رہا ہے

2۔حیوانیت کے پردے عقلوں پہ پڑ رہے ہیں
انسانیت کا جوہر ،افسوس لٹ رہا ہے

3۔حرص وطمع کے بدلے اپنے ہوئے پرائے
رشتہ حقیقی اپنے بھائی کا کٹ رہا ہے

4۔اس چودھویں صدی میں ایسا بھی ہورہا ہے
بیوی کے ہاتھوں خاوند جوتوں سے پٹ رہا ہے

www.charaghia.com https://archive.org/details/@bakhtiar_hussain scribd: bakthiar2k
http://vimeo.com/user13885879/video www.haqwalisarkar.com Youtbue bakhtiar2k

www.ameer-e-millat.com www.ameeremillat.org bakhtiar2k@hotmail.com
www.maktabah.org www.ameeremillat.com www.marfat.com

5۔کچھ فکر کر لے پیارے تھوڑی سی زندگی ہے
پل پل میں سانس تیرا روزانہ گھٹ رہا ہے

6۔اک دن فرشتہ آ کر ایسے دبوچ لے گا
جیسے کہ فاختہ پر شکرا جھپٹ رہا ہے

7۔شیطاں نے تجھ کو ناداں ایسا کیا ہے گمراہ
ہاتھوں سے تیرے دامن نیکی کا چھٹ رہا ہے

8۔دنیا میں اے چراغؔ اب کس پر کریں بھروسہ
جب گھر کو گھر ہی اپنے مٹانے پہ ڈٹ رہا ہے

☆

www.charaghia.com https://archive.org/details/@bakhtiar_hussain scribd: bakthiar2k
http://vimeo.com/user13885879/video www.haqwalisarkar.com Youtbue bakhtiar2k

www.ameer-e-millat.com www.ameeremillat.org bakhtiar2k@hotmail.com
www.maktabah.org www.ameeremillat.com www.marfat.com

حصولِ آزادی اور تعمیرِ پاکستان

1۔سمجھ رکھا ہے یہ تو نے کہ آزادی ہوئی حاصل
خیالِ خام ہے تیرا کہاں منزل کہاں ساحل

2۔ہے کس کو درد ملت کا ذرا کچھ سوچ تو غافل
چراغ ان عارضی خوشیوں سے خوش ہوتے نہیں عاقل

3۔ارے غافل ابھی منجد ھار میں ہے قافلہ سارا
وہی طوفان وہی بادِ مخالف کا ہے پھٹکارا

4۔تجھے لازم نہ تھا پیارے کہ یوں عشرت میں کھو جائے
دہانِ گرگ میں ہو قوم تو خوشیوں میں کھو جائے

5۔شفق پُر کیف ہو کر قلب پژمردہ کو گرمادے
وطن کا درد پہلو میں اٹھے اور دل کو گرمادے

www.charaghia.com https://archive.org/details/@bakhtiar_hussain scribd: bakthiar2k
http://vimeo.com/user13885879/video www.haqwalisarkar.com Youtbue bakhtiar2k

www.ameer-e-millat.com www.ameeremillat.org bakhtiar2k@hotmail.com
www.maktabah.org www.ameeremillat.com www.marfat.com

6۔ چراغ احساس کا دل میں جلے اور جوش پھیلا دے
ہمیں مائل بہ تجدیدِ عمل کر دے اور روح کو تڑپا دے

7۔ کہاں لے جائیگا حرص و ھوا کا دیوتا تجھ کو
تو اپنے آپ کو قابو میں رکھ کیا ہوگیا تجھ کو

8۔ یہ پاکستان بڑی قربانیاں دیکر ملا تجھ کو
عطا حق نے کیا تھا یہ ترا خونِ بہا تجھ کو

9۔ تری فطرت میں ہونی چاہیے تعمیرِ خودداری
جہاں میں دینِ حق کی استواری کی طلبگاری

10۔ یتیموں کی غریبوں کی بیواؤں کی مددگاری
جوانانِ وطن کے دل میں پھونکو روحِ بیداری

11۔ ہمیشہ حُب استقلالِ پاکستان رہے دل میں
حیاتِ جاوداں سمجھوں اگر مر جاؤں منزل میں

☆

www.charaghia.com https://archive.org/details/@bakhtiar_hussain scribd: bakthiar2k
http://vimeo.com/user13885879/video www.haqwalisarkar.com Youtbue bakhtiar2k

www.ameer-e-millat.com www.ameeremillat.org bakhtiar2k@hotmail.com
www.maktabah.org www.ameeremillat.com www.marfat.com

پیغامِ حق

1۔آیا ہے مسلماں تیرے لئے دنیا میں پیامِ الا اللہ
پھر آج تیرے خالق نے تجھے بھیجا ہے پیامِ الا اللہ

2۔دنیا کی غلامی چھوڑ بھی دے اور بن جا غلامِ الا اللہ
پینے کیلئے تو آیا ہے پی جھوم کے جامِ الا اللہ

3۔ہے چشمۂ حیواں ایک طرف اک سمت ہے جامِ الا اللہ
قانون جہاں کا ایک طرف اک سمت نظامِ الا اللہ

4۔دنیا کے نظارے ایک طرف اک سمت ہے جامِ الا اللہ
اک طرف زمانے کی باتیں اک طرف کلامِ الا اللہ

5۔دھن دان کا دھن کیا کہتا ہے مزدور کا تن کیا کہتا ہے
پوشاک تیری کیا کہتی ہے مردوں کا کفن کیا کہتا ہے

www.charaghia.com https://archive.org/details/@bakhtiar_hussain scribd: bakthiar2k
http://vimeo.com/user13885879/video www.haqwalisarkar.com Youtbue bakhtiar2k

www.ameer-e-millat.com www.ameeremillat.org bakhtiar2k@hotmail.com
www.maktabah.org www.ameeremillat.com www.marfat.com

6۔کیا کہتی ہے بستی غیروں کی اور تیرا وطن کیا کہتا ہے
اس راز کو کیا تو سمجھا ہے اور عقل تیری کیا کہتی ہے

7۔یہ پھول یہ پتے یہ کلیاں یہ سارا چمن کیا کہتا ہے
میں تو یہ سمجھا ہوں کہ سبھی دیتے ہیں پیامِ الا اللہ

8۔دولت کی نہ ہرگز خواہش ہے کیوں مانگوں خدا سے مال وزر
جانا ہے اک دن دنیا سے جاؤں گا میں کیا منہ لے کر

9۔ہو خاتمہ ایماں پر اللہ بس اتنی دعا ہے دل سے میری
جب جسم سے میرے جاں نکلے اور تن سے جدا ہو روح میری

10۔کچھ اور نہیں ہے طلب مری بس ایک ہی خواہش دل میں ہے
ہوں سامنے میرے پیارے نبی ﷺ ہونٹوں پہ کلامِ الا اللہ

www.charaghia.com https://archive.org/details/@bakhtiar_hussain scribd: bakthiar2k
http://vimeo.com/user13885879/video www.haqwalisarkar.com Youtbue bakhtiar2k

www.ameer-e-millat.com www.ameeremillat.org bakhtiar2k@hotmail.com
www.maktabah.org www.ameeremillat.com www.marfat.com

11۔دشمن نے بجھانا چاہا تھا پھونکوں سے چراغِ وحدت کو
چاہا تھا مٹانا حربوں سے اللہ کے دینِ فطرت کو

12۔چالوں سے بدلنا چاہتا تھا بے دین خدا کی رحمت کو
لعین کا حربہ چل نہ سکا منظور یہی تھا قدرت کو

13۔سرشار نبی ﷺ کی الفت میں، بن دین نبی ﷺ کا پروانہ
گھر گھر میں چراغ پہنچاتا ہے پیغام نبی ﷺ کا الا اللہ

☆

www.charaghia.com https://archive.org/details/@bakhtiar_hussain scribd: bakthiar2k
http://vimeo.com/user13885879/video www.haqwalisarkar.com Youtbue bakhtiar2k

www.ameer-e-millat.com www.ameeremillat.org bakhtiar2k@hotmail.com
www.maktabah.org www.ameeremillat.com www.marfat.com

درود و سلام

1۔کتنا پیارا نامِ محمد ﷺ لاکھ درود و لاکھ سلام
ہے دل کا گہنا نامِ محمد ﷺ لاکھ درود و لاکھ سلام

2۔اس نام سے دوزخ بجھتی ہے اس نام سے جنت ملتی ہے
اس نام سے دل کو ملے آرام لاکھ درود و لاکھ سلام

3۔جب بھی نام محمد ﷺ لیں گے آپس میں لب دونوں ملیں گے
کتنا مبارک ہے یہ نام لاکھ درود و لاکھ سلام

4۔اس نام میں بیحد برکت ہے یہ باغِ جناں کی زینت ہے
یہ نام محبت کا ہے جام لاکھ درود و لاکھ سلام

www.charaghia.com https://archive.org/details/@bakhtiar_hussain scribd: bakthiar2k
http://vimeo.com/user13885879/video www.haqwalisarkar.com Youtbue bakhtiar2k

www.ameer-e-millat.com www.ameeremillat.org bakhtiar2k@hotmail.com
www.maktabah.org www.ameeremillat.com www.marfat.com

5۔اس نام میں راز اک پنہاں ہے ہر درد کا بیشک درماں ہے
آسان ہوں اس سے مشکل کام لاکھ درود وسلام

6۔اس نام کی تعظیم کرنے والا مقامِ ولایت پانے والا
حافی بشر تھا اس کا نام لاکھ درود و لاکھ سلام

7۔کیا ذکر کی اس کے رفعت ہے جو ذات سراسر رحمت ہے
مختار ہیں رب کے خاص اور عام لاکھ درود و لاکھ سلام

8۔قسمت سے مدینے گر پہنچوں ہے خواہش دل میں عرض کروں
روضے کی سنہری جالی تھام لاکھ درود و لاکھ سلام

9۔ہے عشقِ نبی ﷺ کا جام نرالا چراغ جو پی لے ہو متوالا
رب سچے کا ہے انعام لاکھ درود و لاکھ سلام

☆

www.charaghia.com https://archive.org/details/@bakhtiar_hussain scribd: bakthiar2k
http://vimeo.com/user13885879/video www.haqwalisarkar.com Youtbue bakhtiar2k

www.ameer-e-millat.com www.ameeremillat.org bakhtiar2k@hotmail.com
www.maktabah.org www.ameeremillat.com www.marfat.com

خطاب بہ خواتین

1۔کیوں خراماں بن سنور کر ہے سر بازار تو
کیوں دکھاتی پھر رہی ہے جلوۂ رخسار تو

2۔کیوں اٹھا رکھا ہے اس رنگین چہرے سے نقاب
میری ہمشیرہ نہیں لوگوں سے کیوں تجھ کو حجاب

3۔کس لئے رنگیں لباسوں میں تو رہتی ہے مگن
چاک کیوں تو نے کیا ہے دین حق کا پیرہن

4۔سوٹ ساٹن کا تو کر کے کس لئے زیب بدن
شوخیٔ رفتار کی اپنی دکھاتی ہے پھبن

5۔کس لئے شانوں پہ ہے زلفوں کو بکھرائے ہوئے
تیری پیشانی پہ ہیں کیوں اتنے بل آئے ہوئے

6۔دیکھ کر تجھ کو دل مضطر میں اٹھتی ہے کسک
کس لئے عریاں کئے ہوئے ہے تو جوانی کی چمک

www.charaghia.com https://archive.org/details/@bakhtiar_hussain scribd: bakthiar2k
http://vimeo.com/user13885879/video www.haqwalisarkar.com Youtbue bakhtiar2k

www.ameer-e-millat.com www.ameeremillat.org bakhtiar2k@hotmail.com
www.maktabah.org www.ameeremillat.com www.marfat.com

7۔کونسی پیدا ہوئی ہے تیرے دل میں آرزو
کس لئے انگلش میں کرتی جارہی ہے گفتگو

8۔کیوں ہوئی ہے تو اسیرِ پنجۂ حرص و ہوا
کیوں بھلائے اپنے دل سے تو نے احکامِ خدا

9۔سینما میں تھیٹروں میں رقص کیوں کرتی ہے تو
جاہ وحشمت مال و زر پر کس لئے مرتی ہے تو

10۔حیف تجھ پر غیرت و عزت لٹا دیتی ہے تو
چند سِکّوں کے عوض عصمت لٹا دیتی ہے تو

11۔شک نہیں کچھ اس زمانے میں تو اب ہستی تیری
رہ گئی ہے باعثِ رسوائی دینِ نبی ﷺ

12۔آہ صد افسوس تجھ پر چل گیا سحرِ فرنگ
تو نے کیوں تہذیب یورپ کے کیے ہیں رنگ ڈھنگ

13۔چھوڑ دے غیروں کے رنگ اور راہ چل اپنوں کے سنگ
سن چراغِ نقشبندی کی نصیحت اور لے لے مدنی رنگ

www.charaghia.com https://archive.org/details/@bakhtiar_hussain scribd: bakthiar2k
http://vimeo.com/user13885879/video www.haqwalisarkar.com Youtbue bakhtiar2k

www.ameer-e-millat.com www.ameeremillat.org bakhtiar2k@hotmail.com
www.maktabah.org www.ameeremillat.com www.marfat.com

مشاہدات عالم

1۔ جتنے بھی ستم ہیں دنیا کے اس عشق میں سارے دیکھے ہیں
رفتار فلک کی دیکھی ہے انداز بھی پیارے دیکھے ہیں

2۔ کچھ روز یہاں جینے کے لئے ہر رنگ کے دھوکے کھائے ہیں
ہونٹوں کا تبسم دیکھا ہے آنکھوں کے اشارے دیکھے ہیں

3۔ یہ کون میری غرقابی کا ساحل سے تماشا کرتا ہے
طوفانِ بلا کی موجوں نے اٹھ اٹھ کے نظارے دیکھے ہیں

4۔ رہ رہ کے ستارے کانپے ہیں رہ رہ کے فضائیں لرزی ہیں
فرقت کی اندھیری راتوں میں ایسے بھی نظارے دیکھے ہیں

www.charaghia.com https://archive.org/details/@bakhtiar_hussain scribd: bakthiar2k
http://vimeo.com/user13885879/video www.haqwalisarkar.com Youtbue bakhtiar2k

www.ameer-e-millat.com www.ameeremillat.org bakhtiar2k@hotmail.com
www.maktabah.org www.ameeremillat.com www.marfat.com

5۔ کیوں فکر کریں طوفانوں کا ساحل کا سہارا کیوں ڈھونڈیں
اک عمر ہماری کشتی نے بپھرے ہوئے دھارے دیکھے ہیں

6۔ انسان جو سنتے آئے تھے شاہد ہیں یہی اس دنیا میں
کل وادی الفت میں ہم نے کچھ درد کے مارے دیکھے ہیں

7۔ اس شام و سحر کی گردش کے سب رنگ چراغؔ نے دیکھے ہیں
چڑھتا ہوا سورج دیکھا ہے مٹتے ہوئے تارے دیکھے ہیں

گزر تو جائے گی یوں بھی چراغؔ اُن کے بغیر
جو اُن کے ساتھ نہ گزرے وہ زندگی کیا ہے

☆

www.charaghia.com https://archive.org/details/@bakhtiar_hussain scribd: bakthiar2k
http://vimeo.com/user13885879/video www.haqwalisarkar.com Youtbue bakhtiar2k

www.ameer-e-millat.com www.ameeremillat.org bakhtiar2k@hotmail.com
www.maktabah.org www.ameeremillat.com www.marfat.com

سفرِ مدینہ

کلام قبلہ پیر سید زمرد حسین شاہ صاحب گیلانی نقشبندی جماعتی

نعت بارگاہ رسالت مآب ﷺ

1- قافلے طیبہ کی جانب رواں ہیں
میرا بھی ہو جائے سفرِ مدینہ
ہوگی تمنا کب دل کی پوری
میرا بھی ہو جائے سفرِ مدینہ

2- شہرِ مدینہ ہے کتنا پیارا
جس میں ہے جنت سے بڑھ کے نظارہ
اور خوب ہے محراب و ممبر
میرا بھی ہو جائے سفرِ مدینہ

3- گنبدِ خضرا کی ضیائیں مرحبا
اونچا اس کا خوب ہے مرتبہ
پُر نور ہے ہر مینارِ مدینہ
میرا بھی ہو جائے سفرِ مدینہ

www.charaghia.com https://archive.org/details/@bakhtiar_hussain scribd: bakhtiar2k
http://vimeo.com/user13885879/video www.haqwalisarkar.com Youtbue bakhtiar2k

www.ameer-e-millat.com www.ameeremillat.org bakhtiar2k@hotmail.com
www.maktabah.org www.ameeremillat.com www.marfat.com

4-مجھے تیرے جلووں کی حسرت ہے جاناں
تیری دید کا میں ہوں دیوانہ
تڑپاتی رہے دل کو تیری محبت
میرا بھی ہو جائے سفرِ مدینہ

5-ہر وقت ہو لب پہ درود و سلام
ہر وقت ہو لب پہ تیرا ہی نام
پھرتا رہوں میں تیری گلی میں
میرا بھی ہو جائے سفرِ مدینہ

6-رستوں میں میرے ہیں غم کے سائے
تیری یاد بھی مجھ کو رلائے
تیرے کرم سے ہوں رنج و غم دور
میرا بھی ہو جائے سفرِ مدینہ

7-اے میرِ عرب ﷺ مہتابِ عجم ﷺ
مرشد کا صدقہ ہو چشمِ کرم
زمرّد کو دو اب اذنِ مدینہ
میرا بھی ہو جائے سفرِ مدینہ

☆

www.charaghia.com https://archive.org/details/@bakhtiar_hussain scribd: bakthiar2k
http://vimeo.com/user13885879/video www.haqwalisarkar.com Youtbue bakhtiar2k

منقبت بارگاہِ غوثِ اعظمؒ

(سخی دربار)

1- غوثِ اعظمؒ پر مجھے تو ناز ہے
غوثِ اعظمؒ کا سخی دربار ہے

2- میں عذابِ نار سے کیوں کر ڈروں
غوثِ اعظمؒ پر مجھے تو ناز ہے

3- میں فخر کیوں نہ کروں پھر غوث پر
میرے میراںؒ کا بڑا ہی ساتھ ہے

4- ان کے در پہ جو بھی منگتا آیا ہے
جو بھی مانگا دل سے وہ ہی پایا ہے

5- تیرا نام میرے دل پر نقش ہے
تو میرا حامی و سلطان ہے

6- میں نہ گھبراؤں گا محشر میں زمرّد
مجھ سے عاصی کا تو پرسا غوثؒ ہے

☆

www.ameer-e-millat.com www.ameeremillat.org bakhtiar2k@hotmail.com
www.maktabah.org www.ameeremillat.com www.marfat.com

نعت شریف

بارگاہ رسالت مآب ﷺ

1- میرے آقا ﷺ بلائیں گے میرے دلبر بلائیں گے
مجھ عاصی کو شاہا اپنے در پر بلائیں گے

2- قدموں میں تیرے سر رکھ کر موت کی ہے آرزو
عطا ہوگا شرف یہ مجھ کو شاہا بگڑی بنائیں گے

3- میرے محبوب ﷺ تیری یادوں نے بہت رلایا ہے
پلا دو وہ شربتِ دید ہم پیاس بجھائیں گے

4- دل کے زخم ہیں بھرپور اور غم ہیں بے شمار
میرے جانِ جاں ﷺ رحمت کا اب مرہم لگائیں گے

5- گھبراتا کیوں ہے دیوانے محشر کے ڈر سے تو
تو ہے غلامِ مدنی وہ کرم کمائیں گے

6- زمرّد مانگ ذرا تو اپنے دل کو لگا کے مانگ
منگتا ہے تو ان کا تجھے خالی نہ لوٹائیں گے

www.charaghia.com https://archive.org/details/@bakhtiar_hussain scribd: bakthiar2k
http://vimeo.com/user13885879/video www.haqwalisarkar.com Youtbue bakhtiar2k

www.ameer-e-millat.com www.ameeremillat.org bakhtiar2k@hotmail.com
www.maktabah.org www.ameeremillat.com www.marfat.com

منقبت بارگاہ مرشد

(دیدارِ مرشد)

1 -مرشد کا دیدار اور کیا کہنا
چین سکوں قرار اور کیا کہنا

2-مرشد کا چہرہ روشن ہے سورج سے
چاند سا ہے رخسار اور کیا کہنا

3- کر لے جو دیدار پیارے مرشد کا
اس کا بیڑا پار اور کیا کہنا

4-محشر میں یوں کہہ کے رب نے چھوڑ دیا
چل ہے تو سگِ مرشد اور کیا کہنا

www.charaghia.com https://archive.org/details/@bakhtiar_hussain scribd: bakthiar2k
http://vimeo.com/user13885879/video www.haqwalisarkar.com Youtbue bakhtiar2k

5- عرس پہ آ کے مرشد کے قدموں میں ہم
لطف اٹھائیں گے جینے کا اور کیا کہنا

6- عشق سے جو ساتھی عرس پہ آتے ہیں
دامن مرادوں سے بھرتے ہیں اور کیا کہنا

7- قبر وحشر کا کھٹکا زمرّد نہ فکر اسے
تن من جو مرشد پہ وارے اور کیا کہنا

www.ameer-e-millat.com www.ameeremillat.org bakhtiar2k@hotmail.com
www.maktabah.org www.ameeremillat.com www.marfat.com

غزل

بارگاہ رسالت مآب ﷺ

1 -میں اُن کا پیار دل میں بسائے بیٹھا ہوں
اور خود کو ان کا دیوانہ بنائے بیٹھا ہوں

2 -مجھے تو آتی ہیں ہر پل انہیں کی یادیں
ان ﷺ کے فراق میں اکثر میں روتا رہتا ہوں

3 -میں بھول سکتا نہیں آخر وہ منظر کیسے
اس میں پیارے کا دیدار جو پاتا ہوں

4 -انہیں تو دیکھے ہوئے برسوں ہی بیت گئے
اب ہوگی دید مجھے اس آس پہ جیتا رہتا ہوں

5-بہے ہیں اشک میرے جب بھی دردِالفت میں
کبھی نہ پائی ایسی لذت میں جو پاتا ہوں

6 - کیا ہے جب سے عطا زمرّد کو اپنا پیار جاناں
قسم خدا کی بڑا لطف و سرور پاتا ہوں

☆

www.charaghia.com https://archive.org/details/@bakhtiar_hussain scribd: bakthiar2k
http://vimeo.com/user13885879/video www.haqwalisarkar.com Youtbue bakhtiar2k

www.ameer-e-millat.com www.ameeremillat.org bakhtiar2k@hotmail.com
www.maktabah.org www.ameeremillat.com www.marfat.com

منقبت بارگاہ مرشد

(التجا)

1-پڑا ہوں آپ کے قدموں میں آ کر
اب مجھے نہ اٹھانا مرشد میرے
عاصی ہوں کمینہ ہوں جیسا بھی ہوں
مجھے پھر بھی نبھانا مرشد میرے

2 -تیرا ایک اشارہ ہو جائے
میرا بگڑا کام بھی بن جائے
ذرا میری طرف بھی توجہ ہو
نظر دل پہ جمانا مرشد میرے

3 -قدرت کا اک کمال تم ہو
آئینہ بے مثال بھی تم ہو
اسلام کے افق پہ چمکتے ہو
میرا دل بھی چمکانا مرشد میرے

www.charaghia.com https://archive.org/details/@bakhtiar_hussain scribd: bakthiar2k
http://vimeo.com/user13885879/video www.haqwalisarkar.com Youtbue bakhtiar2k

4-سدا مری نظر میں جلوے ہوں
یہ نگاہیں تمہیں بس تکتی ہوں
محبت دور کر کے دنیا کی
تم اپنی بسانا مرشد میرے

5-ہجرِ نبی ﷺ میں آہیں بھروں
ان کے عشق میں تڑپتا ہی رہوں
عشق ایسا عطا ہو زمرد کو
رنگ مدنی چڑھانا مرشد میرے

☆

www.ameer-e-millat.com www.ameeremillat.org bakhtiar2k@hotmail.com
www.maktabah.org www.ameeremillat.com www.marfat.com

نعت رسول مقبول ﷺ

(استغاثہ)

1 -یا شہہ انبیاءؐ التجا یہ ہم غریبوں کو در پہ بلانا
حسرتیں دل کی ساری نکالو ہم غریبوں کو در پہ بلانا

2 -آپ ﷺ کے در پہ ہوگی جب آمد
مجھ کو ہوگی مسرت بے حد
میں کہانی سناؤں گا غم کی
ہم غریبوں کو در پہ بلانا

3-میں بحرِ عصیاں کے بھنور میں پھنسا ہوں
پر آپ ﷺ کے نام پر میں فدا ہوں
میرے آقا ﷺ ملے اب کنارا
میری نیا تمہیں پار لگانا

www.charaghia.com https://archive.org/details/@bakhtiar_hussain scribd: bakthiar2k
http://vimeo.com/user13885879/video www.haqwalisarkar.com Youtbue bakhtiar2k

4 - مجھ کو دنیا نے بہت ہے ستایا
جس کو چاہا ہوا ہے پرایا
دشمنوں کا ہوا تنگ گھیرا
آپ ﷺ کا در میرا ہے ٹھکانہ

5 - میرے آقا ﷺ ہو تیری عنایت
اور ملے مجھ کو تیری شفاعت
جب وقت آئے جاں کنی کا
جلوہ اپنا مجھے تم دکھانا

6 - تیرا ذکر میری ہے عبادت
میرا ایماں ہے تیری ہی الفت
تیری یادیں میری زندگی ہیں
تم سا دیکھا پہلے کبھی نا

7 - جب سے تیرا ملا جانا پیار
ٹوٹے دل کو ملا ہے قرار
تم پہ صدقے میری جانِ جاناں
میری آنکھوں میں بس تم سمانا

8 - ہوئے پامال امیدوں کے گلشن
تمہیں پکاروں میں شاہِ زمن ﷺ
تیری چشم عنایت سے آقا ﷺ
سرسبز ہو مرا باغبانا

9 - آپ ﷺ نبیوں کے آقا ﷺ ہیں سردار
اور دونوں جہاں کے ہیں مختار
ہے زمرّد کی التجا یہ
راہ سنت پہ ہم کو چلانا

www.ameer-e-millat.com www.ameeremillat.org bakhtiar2k@hotmail.com
www.maktabah.org www.ameeremillat.com www.marfat.com

10 - میں کروں کیسے تیری ثناء بیاں
مجھ میں ایسا سلیقہ ہے کہاں
یہ تیرا کرم ہے زمرّد پر
تیری محفل میں نعتیں سناتا

☆

www.charaghia.com https://archive.org/details/@bakhtiar_hussain scribd: bakthiar2k
http://vimeo.com/user13885879/video www.haqwalisarkar.com Youtbue bakhtiar2k

www.ameer-e-millat.com www.ameeremillat.org bakhtiar2k@hotmail.com
www.maktabah.org www.ameeremillat.com www.marfat.com

منقبت بارگاہِ مرشدہ

(نظرِ کرم)

1 -نظرِ کرم کرنا یا مرشدی
دور غم کرنا یا مرشدی

2 -زخمی دل ہے چوٹ لگی
زخموں کو بھرنا یا مرشدی

3-دنیا کے غم ہمیں جینے نہ دیں
سہارا دینا یا مرشدی

4-آنکھوں میں بس تیرے جلوے ہوں
تصور جمانا یا مرشدی

5-شفقتوں کا سائباں دامن تیرا
ہم کو چھپانا یا مرشدی

www.charaghia.com https://archive.org/details/@bakhtiar_hussain scribd: bakthiar2k
http://vimeo.com/user13885879/video www.haqwalisarkar.com Youtbue bakhtiar2k

www.ameer-e-millat.com www.ameeremillat.org bakhtiar2k@hotmail.com
www.maktabah.org www.ameeremillat.com www.marfat.com

6-عاصی ہوں میں خطا کار ہوں
مجھ کو نبھانا یا مرشدی

7-قدموں سے تیرے ہم دور ہوں
وہ لمحہ نہ لانا یا مرشدی

8-خدمتِ دیں کا ہو جذبہ عطا
ہمت بڑھانا یا مرشدی

9-منزلِ حق ہے زمرّد یہاں
رستہ دکھانا یا مرشدی

☆

www.charaghia.com https://archive.org/details/@bakhtiar_hussain scribd: bakthiar2k
http://vimeo.com/user13885879/video www.haqwalisarkar.com Youtbue bakhtiar2k

www.ameer-e-millat.com www.ameeremillat.org bakhtiar2k@hotmail.com
www.maktabah.org www.ameeremillat.com www.marfat.com

نعت بارگاہِ رسالت مآب ﷺ

(آرزو)

1 - درِپاک پر میں آؤں ہو آرزو یہ پوری
چوکھٹ پہ سر جھکاؤں ہو آرزو یہ پوری

2 - ہو خیال میں مدینہ تیرا شہہِ مدینہ ﷺ
تیری یاد میں ہی رہنا ہو آرزو یہ پوری

3 - تیرا نہیں ہے ثانی مجھ سا نہیں ہے عاصی
میرے جرم بخشوانا ہو آرزو یہ پوری

4 - مجھے دشمنوں کا کیا ڈر ہیں آپ ﷺ میرے رہبر
تمہیں ساتھ بس نبھانا ہو آرزو یہ پوری

5 - شاہا ﷺ اپنا مجھے غم دو اور چشم نم بھی دو
سکھلا دو اور تڑپنا ہو آرزو یہ پوری

6 - تمنا زمرّد ہو پوری جاناں دور ہو یہ دوری
سبھی فاصلے مٹانا ہو آرزو یہ پوری

☆

www.charaghia.com https://archive.org/details/@bakhtiar_hussain scribd: bakthiar2k
http://vimeo.com/user13885879/video www.haqwalisarkar.com Youtbue bakhtiar2k

www.ameer-e-millat.com www.ameeremillat.org bakhtiar2k@hotmail.com
www.maktabah.org www.ameeremillat.com www.marfat.com

منقبت بارگاہ مرشد

(دید طیبہ)

1 -دید طیبہ کی مجھ کو دو مرشد
اذنِ طیبہ کی بھیک دو مرشد

2 -طوافِ کعبہ کروں میں تیرے پیچھے
شرف یہ مجھ کو دیدو مرشد

3 -سوئے طیبہ کو جو روتے ہیں
ان دیوانوں کو بھیک دو مرشد

4 -حال دل کا ہوا میرا بے حال
حالت اس کی سنوار دو مرشد

5 -جلوہ یار میں تو تڑپتے ہیں نین
دید ان کی کرا دو مرشد

6 -دور غم سارے کر دو زمرؔد کے
غم مدینے کا اس کو دو مرشد

www.charaghia.com https://archive.org/details/@bakhtiar_hussain scribd: bakthiar2k
http://vimeo.com/user13885879/video www.haqwalisarkar.com Youtbue bakhtiar2k

www.ameer-e-millat.com www.ameeremillat.org bakhtiar2k@hotmail.com
www.maktabah.org www.ameeremillat.com www.marfat.com

نعت بارگاہِ رسالت مآب ﷺ

﴿آمدِ مصطفی ﷺ﴾

1 - کتنا سوہنا نبیؐ وہ ہے آیا
جس کا عالم میں نور ہے چھایا

2 - کتنی پیاری ہیں ان کی زلفیں
نور کی جس میں خوب ہیں کرنیں
حسن آپ ﷺ سا کسی میں نہ پایا

3- تیری آمد پہ خوش ہوئے دو جہاں
تیرا چرچا ہے ہر سو کون و مکاں
دیکھو امت کا وہ غمخوار آیا

4 - غم زدوں کا سہارا تم ہو
بے سہاروں کا آسرا تم ہو
کوئی ہمدرد نہ آپ ﷺ سا آیا

www.charaghia.com https://archive.org/details/@bakhtiar_hussain scribd: bakthiar2k
http://vimeo.com/user13885879/video www.haqwalisarkar.com Youtbue bakhtiar2k

www.ameer-e-millat.com www.ameeremillat.org bakhtiar2k@hotmail.com
www.maktabah.org www.ameeremillat.com www.marfat.com

5-تختِ شاہی نہ دے فقط دیدے
اپنے در کی فقیری دیدے
سگ تیرا یہ تمنا لے آیا

6 -جو سوالی ہے درپر آیا
جھولیاں اپنی بھر کے لایا
کوئی بھی بے مراد نہ آیا

7-اپنے زمرّد پر ہو چشمِ کرم
دے دو غم اپنا یا شاہِ امم
تیرا منگتا یہ عرض لے آیا

☆

www.charaghia.com https://archive.org/details/@bakhtiar_hussain scribd: bakthiar2k
http://vimeo.com/user13885879/video www.haqwalisarkar.com Youtbue bakhtiar2k

www.ameer-e-millat.com www.ameeremillat.org bakhtiar2k@hotmail.com
www.maktabah.org www.ameeremillat.com www.marfat.com

نعت بارگاہِ رسالت مآب ﷺ

﴿التجا﴾

1 - غم کے ماروں پر کرم سرکار ﷺ ہو
دل فگاروں پر کرم سرکار ﷺ ہو

2 - غم زدوں کی مشکلیں سب دور ہوں
صدقہ مرشد کا میری سرکار ﷺ ہو

3 - آپ ﷺ کی اک نظر سے سب کچھ بنے
اس طرف بھی پھیرا اب سرکار ﷺ ہو

4 - ہم گناہوں میں ہیں آقا ﷺ ڈوبے ہوئے
آپ ﷺ کی شفقت سے بیڑا پار ہو

www.charaghia.com https://archive.org/details/@bakhtiar_hussain scribd: bakthiar2k
http://vimeo.com/user13885879/video www.haqwalisarkar.com Youtbue bakhtiar2k

5 -زیست کے دُکھ دور ہوں راحت ملے
بے چین دل کو یا شاہا ﷺ قرار ہو

6 -سوزِ الفت دے ہمیں اور دردِ دل
دردِ عصیاں کی دوا سرکار ﷺ ہو

7 -یاد ان ﷺ کی رات دن تڑپاتی ہے
بس عطا مجھ کو ان ﷺ کا پیار ہو

8 -ان ﷺ کی نسبت میں کٹے عمر زمرّد
اغیار کی اُلفت سے دل بیزار ہو

☆

www.ameer-e-millat.com www.ameeremillat.org bakhtiar2k@hotmail.com
www.maktabah.org www.ameeremillat.com www.marfat.com

فرقت ماہ رمضان

1-ماہِ رمضاں سے تو اب اپنی جدائی ہو رہی
رب کے مہماں سے تو اب اپنی جدائی ہو رہی

2 -ہائے! رمضاں کی تو ہم نے کی نہ کوئی بھی قدر
اس کی فرقت میں تو ہر آنکھ نم اب ہو رہی

3-ماہِ رمضاں سے تو رخصت کی گھڑی اب آگئی
دل تو بیٹھا جا رہا ہے آنکھ نم اب ہو رہی

4 -تیرے آنے سے تو ذوق دیں تھا اپنا بڑھا
اب سوا آنسوؤں کے اپنی نہ کچھ ہو رہی

5 -اپنی یادیں چھوڑ کر اپنوں سے یہ تو جا رہا ہے
اگلا سال ہو عطا یہ دعا اب ہو رہی

www.charaghia.com https://archive.org/details/@bakhtiar_hussain scribd: bakthiar2k
http://vimeo.com/user13885879/video www.haqwalisarkar.com Youtbue bakhtiar2k

www.ameer-e-millat.com www.ameeremillat.org bakhtiar2k@hotmail.com
www.maktabah.org www.ameeremillat.com www.marfat.com

6-واسطہ ماہ رمضانِ کا تجھے اللہ میرے
دیجئے مدفن مدینے میں دعا یہ ہو رہی

7 -بعد رمضان عید اللہ کرتا ہے تو ہم کو عطا
غم مدینے کا دو عیدی میں دعا یہ ہو رہی

8 - کر دے طیبہ میں عطا زمرد کو رمضان اب کی بار
اپنے دل سے اے خدا یہ دعا اب ہو رہی

☆

www.charaghia.com https://archive.org/details/@bakhtiar_hussain scribd: bakthiar2k
http://vimeo.com/user13885879/video www.haqwalisarkar.com Youtbue bakhtiar2k

www.ameer-e-millat.com www.ameeremillat.org bakhtiar2k@hotmail.com
www.maktabah.org www.ameeremillat.com www.marfat.com

مرشد کا پیار

1 -مرشد کے پیار میں جاں میری نثار ہے
ہر دولت قربان ہے جاں میری نثار ہے

2 -مرشد کا جو پیار ہے جیون کا سنگھار ہے
ہر دولت قربان ہے جاں میری نثار ہے

3 -در بدر کی ٹھوکروں سے بچا پیرا میرے
تیرے قدموں میں رہوں یہ میری تکرار ہے

4-غم زمانے کے ہیں ایسے چین اک پل بھی نہیں
دل کو راحت جو ہے دیتا تیرا ہی دیدار ہے

5-سکوں نہیں ملتا کہیں بھی دل بڑا بے چین ہے
درد مندوں کی دوا تیرا ہی دربار ہے

www.charaghia.com https://archive.org/details/@bakhtiar_hussain scribd: bakthiar2k
http://vimeo.com/user13885879/video www.haqwalisarkar.com Youtbue bakhtiar2k

6 -دل کا ویرانہ سجا عاشق بنا دے طیبہ کا
یاد میں ان کی رہوں رب کا جو دلدار ہے

7-مرشد میرا سب سے نرالا ان پہ فدا میرا تن من سارا
منزلیں روشن ہیں جن سے وہ قافلہ سالار ہے

8- ٹھنڈی آنکھیں ہوتی ہیں زمرّد ان کی دید سے
چاند سا مکھڑا ہے جن کا وہ میری سرکار ہے

☆

www.ameer-e-millat.com www.ameeremillat.org bakhtiar2k@hotmail.com
www.maktabah.org www.ameeremillat.com www.marfat.com

نعت

(فریاد بارگاہِ رسالت ماب ﷺ)

1 میرے آقا ﷺ یا نبی ﷺ فریاد ہے
میرے مولا یا نبی ﷺ فریاد ہے

2 اک نگاہِ لطف ہو ہم پر ابھی
میرے مولا یا نبی ﷺ فریاد ہے

3 اشک آنکھوں سے ہیں بہتے روز و شب
غم زدہ ہے جاں میری فریاد ہے

4 بیڑا تباہی کی طرف ہے اب جا رہا
آ کر بچا لو یا نبی ﷺ فریاد ہے

5 درد دل کا ہے چھپا ارمانوں میں
حسرتیں بر آئیں سبھی فریاد ہے

www.charaghia.com https://archive.org/details/@bakhtiar_hussain scribd: bakthiar2k
http://vimeo.com/user13885879/video www.haqwalisarkar.com Youtbue bakhtiar2k

www.ameer-e-millat.com www.ameeremillat.org bakhtiar2k@hotmail.com
www.maktabah.org www.ameeremillat.com www.marfat.com

6 کیا کمی ہے شہا تیرے دربار میں
بھر دو جھولی یہ میری فریاد ہے

7 میں بھی ہوں تیرے در کا ادنیٰ گدا
دے دو دولت عشق کی فریاد ہے

8 واسطہ مرشد کا میرے یا شہا
دور نہ کرنا کبھی فریاد ہے

9 آپ کے جلوؤں سے روشن ہے جہاں
میرے گھر کر روشنی فریاد ہے

10 چھوٹ جائیں عادتیں بد نیک ہوں
قلبِ زمرّد کی یہی فریاد ہے

11 قلبِ زمرّد کی یہی ہے آرزو
ذکرِ نبی ﷺ ہو ہر گھڑی فریاد ہے

☆

www.charaghia.com https://archive.org/details/@bakhtiar_hussain scribd: bakthiar2k
http://vimeo.com/user13885879/video www.haqwalisarkar.com Youtbue bakhtiar2k

منقبت درباگاہ غوث اعظمؒ

(فریاد بارگاہِ غوثِ اعظمؒ)

1 غوثِ اعظمؒ دستگیر، غوث الوریٰؒ فریادہ ے
پیر ہو پیروں کے پیر، غوث الوریٰؒ فریاد ہے

2 بن کے تیرے در کے منگتے آئے محفل میں تیری
بھر دو جھولی منگتوں کی، غوث الوریٰؒ فریاد ہے

3 نام لے لے کر تیرا جیتے ہیں ہم تیرے فقیر
کردو اک نظرِ کرم غوث الوریٰؒ فریاد ہے

4 نفس و شیطاں ہو گئے غالب بچا غوث الوریٰؒ
پھنس گئی جاں لے بچا، غوث الوریٰؒ فریاد ہے

5 دور کر دو غم سبھی اور حل مسائل سب میرے
ناخدا ہو المدد، غوث الوریٰؒ فریاد ہے

www.ameer-e-millat.com www.ameeremillat.org bakhtiar2k@hotmail.com
www.maktabah.org www.ameeremillat.com www.marfat.com

6 اولیا کی گردنیں ہیں خم تیرے زیرِ قدم
مرتبہ اونچا تیرا غوث الوریٰؒ فریاد ہے

7 اپنی الفت کا پلا دے جام میرے ساقیا
مست و بے خود بھی بنا، غوث الوریٰؒ فریاد ہے

8 تصویر مرشد کی رہے ہر دم زمرّد آنکھوں میں
کردو آنکھیں نور نور، غوث الوریٰؒ فریاد ہے

☆

www.charaghia.com https://archive.org/details/@bakhtiar_hussain scribd: bakthiar2k
http://vimeo.com/user13885879/video www.haqwalisarkar.com Youtbue bakhtiar2k

www.ameer-e-millat.com www.ameeremillat.org bakhtiar2k@hotmail.com
www.maktabah.org www.ameeremillat.com www.marfat.com

منقبت

(فریاد بارگاہِ مرشد)

1 دل غم زدہ کی ہے فریاد مرشد
کرم کی نظر کی ہے فریاد مرشد

2 جائیں کہاں لے کے اشکوں کے دھارے
کرم کی نظر کی ہے فریاد مرشد

3 زمانے کے ہیں غم ہمیں بے شمار
کرو دور غم سبھی ہے فریاد مرشد

4 تیری اک توجہ جو ہو جائے ہم پر
بنے کام سب ہی ہے فریاد مرشد

www.charaghia.com https://archive.org/details/@bakhtiar_hussain scribd: bakthiar2k
http://vimeo.com/user13885879/video www.haqwalisarkar.com Youtbue bakhtiar2k

5 ہمیں اپنے قدموں میں رکھنا سدا تم
نہ کرنا جدا کبھی ہے فریاد مرشد

6 یہ تن من میرا سب ہے ان کی امانت
فدا تم پہ جاں میری ہے فریاد مرشد

7 شمار نہیں میرے عصیاں کا ممکن
بچانا تم ہی ہے فریاد مرشد

8 زمرّد کی دولت ہے نسبت تمہاری
بنے بات میری ہے فریاد مرشد

☆

www.ameer-e-millat.com www.ameeremillat.org bakhtiar2k@hotmail.com
www.maktabah.org www.ameeremillat.com www.marfat.com

منقبت

(محبت در مرشد)

1 مجھ کو مرشد سے ہے پیار ان کے در پہ آؤنگا
کرنے مرشد کا دیدار ان کے در پہ آؤں گا

2 کتنا پیارا چہرہ ہے اور کتنا حسین رخسار
کرنے مرشد کا دیدار ان کے در پہ آؤنگا

3 جو بھی آیا ان کے در پہ خالی نہ لوٹا
بھرنے دامن میں اے یار ان کے در پہ آونگا

4 ان کے در کا ہو کے دیوانہ تو کیوں گھبرائے
یہ کر دیں گے بیڑا پار ان کے در پہ آؤنگا

5 نہ تو گھبرا بس کہتا جا مرشد مرشد کرتا جا
سن لیں گے یہ دل کی پکار ان کے در پہ آونگا

www.charaghia.com https://archive.org/details/@bakhtiar_hussain scribd: bakthiar2k
http://vimeo.com/user13885879/video www.haqwalisarkar.com Youtbue bakhtiar2k

www.ameer-e-millat.com www.ameeremillat.org bakhtiar2k@hotmail.com
www.maktabah.org www.ameeremillat.com www.marfat.com

6 رنج وغم کے مارے ہیں ہم کر دو کرم سرکار
لے کے اشکوں کے میں ہاران کے در پہ آونگا

7 پیار سے پیارا سب سے پیارا پیارا پیر میرا
ان پہ تن من میرا نثار ان کے در پہ آونگا

8 تکتا رہوں میں ان کو زمرد یہ ہی تمنا ہے
جب جب دیکھوں پاؤں قرار ان کے در پہ آونگا

☆

www.charaghia.com https://archive.org/details/@bakhtiar_hussain scribd: bakthiar2k
http://vimeo.com/user13885879/video www.haqwalisarkar.com Youtbue bakhtiar2k

www.ameer-e-millat.com www.ameeremillat.org bakhtiar2k@hotmail.com
www.maktabah.org www.ameeremillat.com www.marfat.com

نعت

(پیارے نبی ﷺ کی آمد)

1 آمد ہے پیارے نبی ﷺ کی محفل سجائیں گے
راہ میں اُن کی یارو پلکیں بچھائیں گے

2 ہم تو ہیں اُن کے دیوانے گائیں گے اُن کے ترانے
جلنے والے تو دیکھو جلتے ہی جائیں گے

3 فرماں خدا کا پیارا ذکر تیرا ہے میرا
چرچہ ہے ہر سو تیرا نعتیں سنائیں گے

4 رنج وغم کے ہم مارے دنیا کے ہم ستائے
تیری رحمت سے اپنے دن بھی پھر جائیں گے

www.charaghia.com https://archive.org/details/@bakhtiar_hussain scribd: bakthiar2k
http://vimeo.com/user13885879/video www.haqwalisarkar.com Youtbue bakhtiar2k

5 عرش سے فرش تک حکومت ہے یہ تیری
آئے ہیں رحمت بن کر بگڑی بنائیں گے

6 بلالو در پہ اپنے منگتے ہیں تیرے تڑپتے
صدقہ مرشد کا میرے آقا ﷺ نبھائیں گے

7 پیارے کی زلفیں پیاری اُن پہ ہے جان واری
یاد ہے اُن کی آئی وہ بھی تو آئیں گے

8 اُن پہ ہے جان واری زمرّد تیری ساری
یاد ہے اُن کی آئی وہ بھی تو آئیں گے

9 اُن کی آمد سے زمرّد مہک اُٹھی ہے فضا خوب
نور پھیلا ہے ہر سو آقا ﷺ اب آئیں گے

☆

منقبت

(حاضری درِ مرشد)

1 در مرشد تے آوندے رواں گے
مراداں دلاں دیاں پاوندے رواں گے

2 جدوں تک سانواں چلدیاں نیں
دھڑکدیاں دِل دیاں دھڑکناں نیں
در مرشد تے آوندے رواں گے

3 جہڑے رکھدے نیں محبتاں تیری
اُونہاں دی قسمت ہوندی ہری
اپنے بھاگ جگاوندے رواں گے

4 در تے آئے نیں دکھیارے
دنیا دے زخماں دے مارے
قدماں وچ تیرے بہندے رواں گے

5 اکھیاں وچ توں وسدا اے
ہر جا تے توں رہندا اے
تک تک کے تینوں جیوندے رواں گے

6 نسبت ساڈی پیاری پیاری
رب دا کرم سارے نیں چراغی
چراغؒ دا ناں اسی لیندے رواں گے

7 دنیا گج وی کہندی روے
پروا کسی دی نہ سانوں ہووے
چراغؒ دا ناں اسی لیندے رواں گے

8 زمرّد دا توں دلبر اے
ہر ویلے تیرا ذکر اے
تیریاں گلاں کر دے رواں گے

9 ناں لے لے کے سوہنے مرشد دا
زمرّد ساڈا تے کم چلدا
صدقہ سوہنے دا کھاندے رواں گے

☆

www.ameer-e-millat.com www.ameeremillat.org bakhtiar2k@hotmail.com
www.maktabah.org www.ameeremillat.com www.marfat.com

1- سچی لگن۔ازقلم قبلہ پیر سید چراغ النبی شاہؒ صاحب گیلانی۔جماعتی نقشبندی

(دوایڈیشن)

2- راحیل شوق۔مجموعہ کلام قبلہ پیر سید چراغ النبی شاہؒ صاحب گیلانی۔نقشبندی

(تیسرا ایڈیشن)

3- کرامات چراغ اولیاء۔ایمان افروز واقعات۔ (پہلا ایڈیشن)

4- نبی اکرم ﷺ کا چراغ علامہ اقبال کے اشعار میں (ازقلم: میجر ہدایت اللہ صاحب)

5- اچھی زندگی۔قبلہ پیر سید زمرد حسین شاہ صاحب گیلانی جماعتی۔نقشبندی

(پہلا ایڈیشن)

6- طریقت اور حسن اعتقاد مصنف پیر سید زمرد حسین شاہ صاحب

گیلانی۔جماعتی نقشبندی (پہلا ایڈیشن)

7- مولانا رومؒ کے جواہر پارے (مصنف' میجر ہدایت اللہؒ)

نقشبندی جماعتی چراغوی

8- اللہ والوں کے تصرفات (مصنف' قبلہ پیر سید زمرد حسین شاہ صاحب گیلانی

نقشبندی جماعتی)

(پہلا ایڈیشن)

www.charaghia.com https://archive.org/details/@bakhtiar_hussain scribd: bakhtiar2k
http://vimeo.com/user13885879/video www.haqwalisarkar.com Youtbue bakhtiar2k

www.ameer-e-millat.com www.ameeremillat.org bakhtiar2k@hotmail.com
www.maktabah.org www.ameeremillat.com www.marfat.com

قبلہ پیر سید زمرد حسین شاہ صاحب گیلانی نقشبندی جماعتی

کے مختلف موضوعات پر بیانات جن میں

1- سخاوتِ مصطفیٰ ﷺ
2- عظمتِ مصطفیٰ ﷺ
3- اُولیاء اللہ سے محبت کی برکتیں
4- اُولیاء اللہ کی تلاش
5- رجب المرجب کے فضائل
6- معاف کرنے کی فضیلت
7- دعا کی فضیلت
8- غفلت و دیگر بیانات اور سلسلہ نقشبندیہ

چراغیہ سے شائع ہونے والی کتب و رسالہ جات مندرجہ ذیل جگہ سے حاصل کر سکتے ہیں۔

1۔ دربارِ عالیہ پیر سید چراغ النبی شاہ صاحبؒ گیلانی نقشبندی جماعتی

چاندنی چوک کہروڑ پکا شریف ضلع لودھراں 0608-342782,0608-608912

2۔ آستانہ عالیہ چراغیہ نقشبندیہ

9/w طارق بن زیاد کالونی ساہیوال 040-4465753

3۔ جامعہ چراغیہ زمردیہ نقشبندیہ

ماڈل کالونی (جہاز گراؤنڈ) ساہیوال 040-4554753

نوٹ۔ کوئی صاحب قبلہ پیر سید زمرد حسین شاہ صاحب گیلانی۔ نقشبندی۔ جماعتی کی تحریری

اجازت کے بغیر کتاب یا رسالہ، مضمون وغیرہ شائع نہ کرے۔

www.charaghia.com https://archive.org/details/@bakhtiar_hussain scribd: bakthiar2k
http://vimeo.com/user13885879/video www.haqwalisarkar.com Youtbue bakhtiar2k

www.ameer-e-millat.com www.ameeremillat.org bakhtiar2k@hotmail.com
www.maktabah.org www.ameeremillat.com www.marfat.com

سالانہ عرس مبارک

حضرت قبلہ پیر سید نذیر حسین شاہ صاحبؒ گیلانی نقشبندی جماعتی

چراغ اولیا۔ امام اولیاء حضرت قبلہ پیر سید چراغ النبی شاہ صاحبؒ گیلانی نقشبندی جماعتی کا سالانہ عرس مبارک ہر سال ۲۶۔۲۷ نومبر کو دربار عالیہ چراغیہ وارڈ نمبر ۱۷/۴ نزد چاندنی چوک کہروڑ پکا شریف صاحبزادہ حضرت قبلہ پیر سید زمرد حسین شاہ صاحب گیلانی۔ نقشبندی جماعتی کی زیر صدارت منعقد ہوتا ہے۔

دیگر محافل

گیارھویں شریف کا ختم

ہر ماہ چاند کی دس تاریخ کو گیارھویں شریف کا ختم آستانہ عالیہ نقشبندیہ جماعتیہ نذیریہ چراغیہ 9/w گلی نمبر 1 طارق بن زیاد کالونی ساہیوال (صاحبزادہ حضرت قبلہ پیر سید زمرد حسین شاہ گیلانی نقشبندی جماعتی کی زیر صدارت منعقد ہوتا ہے

www.charaghia.com https://archive.org/details/@bakhtiar_hussain scribd: bakthiar2k
http://vimeo.com/user13885879/video www.haqwalisarkar.com Youtbue bakhtiar2k

www.ameer-e-millat.com www.ameeremillat.org bakhtiar2k@hotmail.com
www.maktabah.org www.ameeremillat.com www.marfat.com

بڑی گیارھویں شریف کا ختم

ہر سال بڑی گیارھویں شریف کا ختم جامعہ چراغیہ زمردیہ نقشبندیہ جہاز گراؤنڈ ساہیوال میں پیر سید زمرد حسین شاہ گیلانی، نقشبندی جماعتی کی زیر صدارت منعقد ہوتا ہے اور ساتھ ہی حافظ۔ حافظہ وناظرہ بچوں اور بچیوں کی دستار بندی ودوپٹہ پوشی ہوتی ہے۔

سالانہ محفل ۱۲ ربیع النور شریف

ہر سال محفل ربیع النور شریف ۱۲ ربیع الاول کو آستانہ عالیہ چراغیہ نقشبندیہ ساہیوال منعقد ہوتی ہے۔

ختم خواجگان

ہر جمعتہ المبارک کو ختم خواجگان نقشبندیہ آستانہ عالیہ چراغیہ نقشبندیہ ساہیوال میں بعد نماز مغرب منعقد ہوتا ہے۔ دعوت عام ہے۔

نوٹ: تمام محافل میں لنگر عام کا انتظام ہوتا ہے۔

www.charaghia.com https://archive.org/details/@bakhtiar_hussain scribd: bakthiar2k
http://vimeo.com/user13885879/video www.haqwalisarkar.com Youtbue bakhtiar2k